آڈٹ بیورو آف سرکولیشن ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

MEMBER OF APNS & CPNE

روزنامہ شال کوئٹہ
Daily SHAL Quetta
www.dailyshal.com

جلد نمبر 33 | بروز بدھ 03 نومبر 2021ء بمطابق 26 ربیع الاول 1443ھ | شمارہ نمبر 275

کوئٹہ مساجد با جماعت نماز کے اوقات

فجر	5:45
ظہر	1:45
عصر	5:00
مغرب	6:30
عشاء	07:30

اہل تشیع	
فجر صبح	05:15
ظہرین	01:00
مغربین	7:00

عوام کی جان و مال کا تحفظ ہماری اولین ترجیح ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان

وزیراعلیٰ نے موجودہ صورتحال کے تناظر میں امن وامان کا اعلیٰ سطحی اجلاس آج بروز بدھ وزیراعلیٰ سیکریٹریٹ میں طلب کیا ہے چیف سیکرٹری، ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ، آئی جی پولیس بلوچستان، فرنٹیئر کور کے حکام اور دیگر سیکیورٹی اداروں کے نمائندے شریک ہوں گے

ملک دشمن عناصر صوبے کا امن خراب کرنا چاہتے ہیں۔ لیکن صوبے کی باہمت عوام ایسی بزدلانہ کارروائیوں سے خائف نہیں ہوں گے اور دہشت گردی کی عفریت کے خاتمے کے لیے ہمہ وقت اپنے سیکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑے رہیں گے

پاک افغان حکام کی دوطرفہ ملاقات کے بعد باب دوستی چمن بارڈر دوبارہ کھلنے کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ باب دوستی بارڈر کھلنے سے پاک افغان دو طرفہ تجارت کو فروغ ملے گا اور خصوصاً چمن شہر میں معاشی سرگرمیوں میں اضافہ ہوگا میر عبدالقدوس بزنجو

اسلام آباد(خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے دہشت گردی کے حالیہ واقعات کا سخت نوٹس لیتے ہوئے امن وامان کی صورتحال پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔ وزیراعلیٰ نے موجودہ صورتحال کے تناظر میں امن وامان کا اعلیٰ سطحی اجلاس آج بروز بدھ وزیراعلیٰ سیکریٹریٹ میں طلب کیا ہے۔ جس میں چیف سیکرٹری، ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ، آئی جی پولیس بلوچستان، فرنٹیئر کور کے حکام اور دیگر سیکیورٹی اداروں کے نمائندے شریک ہوں گے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو کو متعلقہ ادارے امن و امان کی صورتحال پر تفصیلی بریفنگ دیں گے اجلاس میں کوئٹہ بقیہ نمبر1 صفحہ3 پر

اسلام آباد:وزیراعظم پاکستان عمران خان سے وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو ملاقات کر رہے ہیں

سیاسی معاملات میں تعاون جاری رکھیں گے، وزیراعظم، وزیراعلیٰ بلوچستان

وزیراعظم عمران خان سے وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو کی ملاقات صوبے کے ترقیاتی امور، گیس وبجلی کے بحران کے خاتمے سمیت دیگر اہم امور پر تبادلہ خیال، وزیراعظم کی صوبے کی ترقی کے لئے تعاون اور مسائل کے حل کے لئے اقدامات اٹھانے کی یقین دہانی

صوبے میں ہیلتھ کارڈ کے اجراء میں وفاق کی جانب سے 50فیصد حصہ ڈالنے پر اتفاق کیا گیا دونوں رہنماؤں نے اس بات پر بھی اتفاق کیا کہ پاکستان تحریک انصاف اور بلوچستان عوامی پارٹی ایک دوسرے کے ساتھ صوبے کی ترقی اور سیاسی معاملات میں تعاون جاری رکھیں گی

وزیراعلیٰ بلوچستان نے صوبے میں بجلی وگیس کی لوڈشیڈنگ کے خاتمے، مکران ڈویژن کو قومی گرڈ سے منسلک کرنے تک ایران سے بجلی کی بلاتعطل فراہمی، صوبے کے سرحدی علاقوں میں نوجوانوں کو روزگار کے مواقع فراہم کرنے کی ضرورت پر زور دیا، گفتگو

اسلام آباد/کوئٹہ (این این آئی) وزیراعظم عمران خان سے وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو کی ملاقات صوبے کے ترقیاتی امور، گیس وبجلی کے بحران کے خاتمے سمیت دیگر اہم امور پر تبادلہ خیال، وزیراعظم کی صوبے کی ترقی کے لئے تعاون اور مسائل کے حل کے لئے اقدامات اٹھانے کی یقین دہانی، پی ٹی آئی اور بلوچستان عوامی پارٹی کا صوبے کی ترقی اور سیاسی امور میں ایک دوسرے کے ساتھ چلنے پر بھی اتفاق۔ تفصیلات کے مطابق منگل کو وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے وزیراعظم عمران خان سے ملاقات کی ملاقات میں وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے وزیر اعظم کو بلوچستان میں ترقیاتی منصوبوں کے حوالے سے بریفنگ دی اور سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا، وزیراعلیٰ بلوچستان نے صوبے میں بجلی وگیس کی بقیہ نمبر2 صفحہ3 پر

بلوچستان کی ترقی کا انحصار پی ایس ڈی پی پر ہے، جام کمال

میرا مشورہ ہے کہ ترقیاتی کاموں کو بند نہ کیا جائے اور تمام کام دوبارہ شروع کیے جائیں، سابق وزیراعلیٰ جام کمال خان

کوئٹہ(این این آئی) سابق وزیراعلیٰ بلوچستان رکن صوبائی اسمبلی جام کمال خان نے کہا ہے کہ بلوچستان کی ترقی کا انحصار پی ایس ڈی پی پر ہے میرا مشورہ ہے کہ ترقیاتی کاموں کو بند نہ کیا جائے اور تمام کام دوبارہ شروع کیے جائیں، یہ بات انہوں نے اپنے ایک ٹوئٹ بقیہ نمبر3 صفحہ3 پر

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

خضدار میں کوچ کی موٹرسائیکل سوار کو ٹکر ایک شخص جاں بحق

خضدار(این این آئی) خضدار میں کوچ کی موٹرسائیکل سوار کو ٹکر ایک شخص جاں بحق ہو گیا تفصیلات بقیہ نمبر29 صفحہ3 پر

ملک دشمن عناصر صوبے کا امن خراب کرنا چاہتے ہیں، وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو

اسلام آباد(این این آئی)وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے خاران میں ہونے والے بم بقیہ نمبر28 صفحہ3 پر

وڈھ کھنڈ عبدالرؤف اسٹاپ پر کوچ کی ٹکر سے موٹرسائیکل سوار جاں بحق قریب کھڑی پک اپ گاڑی اور موٹرسائیکل کو شدید نقصان

وڈھ(این این آئی) وڈھ کھنڈ عبدالرؤف اسٹاپ پر کوچ کی ٹکر سے موٹرسائیکل سوار جاں بحق قریب کھڑی بقیہ نمبر31 صفحہ3 پر

خضدار میں رہزنی فائرنگ کر کے 13 سالہ محنت کش لڑکے کو شہید کر دیا گیا، ملزمان فرار

خضدار(این این آئی) خضدار میں رہزنی فائرنگ کر کے 13 سالہ محنت کش لڑکے کو شہید کر دیا گیا ملزمان بقیہ نمبر30 صفحہ3 پر

ملک بھر سے اہم خبریں

پاکستان میں چائنہ موبائل کی تیاری کا معاہدہ ہو گیا، شہباز گل

لاہور(این این آئی) پاکستان میں موبائل فون کی تیاری کے لیے چینی موبائل کمپنی شاؤمی اور ایئرلنک کے بقیہ نمبر33 صفحہ3 پر

پاکستان نے افغان شہریوں کو سہولت فراہم کرتے ہوئے ویزے کے لیے نادرا کی فیس 31 دسمبر تک معاف کر دی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان نے افغان شہریوں کو سہولت فراہم کرتے ہوئے ویزے کے لیے نادرا بقیہ نمبر32 صفحہ3 پر

دیر بالا، دہشت گردوں کے حملے کے دوران فائرنگ کے تبادلے میں 4 دہشت گرد ہلاک

دیر بالا/پشاور(این این آئی) دیر بالا میں دہشت گردوں کے حملے کے دوران فائرنگ کے تبادلے میں 4 بقیہ نمبر35 صفحہ3 پر

وزیراعظم کی زیر صدارت اجلاس، اتحادی جماعتوں کا اہم قومی معاملات پر مشترکہ موقف اپنانے پر اتفاق

اسلام آباد (این این آئی)وزیراعظم کی زیر صدارت اجلاس میں اتحادی جماعتوں نے اہم قومی بقیہ نمبر34 صفحہ3 پر

افغانستان، کابل ہسپتال میں حملے سے 19 افراد ہلاک، 50 زخمی

دھماکے 400 بستروں پر مشتمل سردار محمد داؤد خان ہسپتال میں ہوئے

کابل(این این آئی)افغانستان کے دارالحکومت کابل کے ہسپتال میں حملے سے 19 افراد ہلاک اور 50 زخمی ہو گئے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق طالبان کی جانب سے دو دھماکوں کی تصدیق کی گئی جبکہ عینی شاہدین نے فائرنگ کی بھی اطلاع دی۔ افغان وزارت صحت کے بقیہ نمبر11 صفحہ3 پر

ماضی میں غربت اور پسماندگی کو نظرانداز کرنے سے اگرچہ صورتحال مزید پیچیدہ اور گمبھیر ہے، گورنر بلوچستان

وسائل کم اور مسائل زیادہ ہیں، اب بھی پسماندگی اور غربت کے مسائل پر دستیاب وسائل کے مناسب استعمال سے قابو پایا جا سکتا ہے، سید ظہور احمد آغا

کوئٹہ(خ ن) گورنر بلوچستان سید ظہور احمد آغا نے کہا ہے کہ ماضی میں غربت اور پسماندگی کو نظرانداز کرنے سے اگرچہ صورتحال مزید پیچیدہ اور گمبھیر ہے۔ وسائل کم اور مسائل زیادہ ہیں، اب بھی پسماندگی اور غربت کے مسائل پر دستیاب وسائل کے مناسب بقیہ نمبر10 صفحہ3 پر

گورنر بلوچستان سید ظہور احمد آغا سے بلوچستان اسمبلی کے قائمقام اسپیکر سردار بابر خان موسیٰ خیل ملاقات کر رہے ہیں

کوئٹہ میں آٹھویں نیشنل سیکیورٹی ورکشاپ بلوچستان شروع ہو گئی ورکشاپ میں مختلف شعبہ جات زندگی سے تعلق رکھنے والے 85 افراد شرکت کر رہے ہیں

کوئٹہ(این این آئی) کوئٹہ میں آٹھویں نیشنل سیکیورٹی ورکشاپ بلوچستان شروع ہو گئی ورکشاپ میں مختلف شعبہ جات زندگی سے تعلق رکھنے والے 85 افراد شرکت کر رہے ہیں، تفصیلات کے مطابق منگل کو پاک فوج اور حکومت بلوچستان کے اشتراک سے آٹھویں نیشنل سیکیورٹی ورکشاپ بلوچستان کا آغاز ہو گیا ہے بقیہ نمبر14 صفحہ3 پر

اسلام آباد:صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی کنونشن سنٹر میں قائداعظم یونیورسٹی اسلام آباد کے 2021 کے کانووکیشن سے خطاب کر رہے ہیں

حالیہ زلزلے کی وجہ سے ضلع ہرنائی میں مرحلہ وار محلہ جات، گاؤں، گلیوں میں امدادی سامان کی تقسیم کا عمل جاری ہے، ڈپٹی کمشنر ہرنائی

ہرنائی(خ ن) ڈپٹی کمشنر ہرنائی کے دفتر سے جاری کردہ علم نامے میں شہریوں کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ حالیہ زلزلے کی وجہ سے ضلع ہرنائی میں مرحلہ وار محلہ جات، گاؤں، گلیوں میں امدادی سامان کی تقسیم کا عمل جاری ہے۔ چونکہ امدادی سامان ضلع بھر میں رہائش پذیر عوام کو کونے کونے تک پہنچانا ہے اور بقیہ نمبر13 صفحہ3 پر

وزیراعظم نے کالعدم جماعت تحریک لبیک سے متعلق وزراء کو بیانات دینے سے روک دیا

حساس معاملات میں غیر ضروری بیانات سے گریز کیا جائے، ملک کے اندرونی اور بیرونی دشمن غیر ذمہ دارانہ بیانات سے فائدہ اٹھاتے ہیں، عمران خان

[illegible]

اسلام آباد(این این آئی) وزیراعظم عمران خان نے کالعدم جماعت تحریک لبیک سے متعلق وزراء کو بیانات دینے سے روک دیا۔ ذرائع کے مطابق وزیراعظم نے کالعدم جماعت تحریک لبیک سے متعلق وزراء کو بیانات دینے سے روک دیا اور ہدایت کی کہ حساس معاملات میں غیر ضروری بیانات سے گریز کیا جائے۔ وزیراعظم نے کہا کہ ملک کے اندرونی اور بیرونی دشمن غیر ذمہ دارانہ بیانات سے فائدہ اٹھاتے ہیں۔ اجلاس میں اعظم سواتی اور فواد چوہدری کو الیکشن بقیہ نمبر12 صفحہ3 پر

کالعدم جماعت سے اتحاد کا مطلب عالمی سطح پر تنہائی ہے، فواد چوہدری

انتہا پسند جماعتیں سیاست میں بہتر کردار ادا کرنے کے بجائے انتشار پھیلاتی ہیں، وفاقی وزیر اطلاعات

اسلام آباد(این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات فواد چوہدری نے کہا ہے کہ انتہا پسند جماعتیں سیاست میں بہتر کردار ادا کرنے کے بجائے انتشار پھیلاتی ہیں۔ وفاقی وزیر نے سوشل میڈیا پر جاری اپنے بیان میں کہا کہ انتہا پسند جماعت سے اتحاد کا مطلب بقیہ نمبر15 صفحہ3 پر

خاران، موٹرسائیکل میں نصب بم دھماکہ، 13 افراد زخمی

پولیس اور سیکیورٹی فورسز کی بھاری نفری جائے وقوعہ پر پہنچ گئی اور شواہد اکھٹے کر لئے واقعہ کا مقدمہ سی ٹی ڈی تھانہ رخشان میں درج کر کے تحقیقات شروع کر دی گئیں مزید کارروائی جاری ہے

ایک شدید زخمی سمیت پانچ زخمیوں کو کوئٹہ ریفر کر دیا گیا، پولیس کے مطابق دھماکے میں تین سے چار کلو گرام دھماکہ خیز مواد استعمال کیا گیا

خاران(این این آئی)خاران میں موٹر سائیکل میں نصب بم کے دھماکے سے 13 افراد زخمی ہو گئے، پولیس کے مطابق منگل کو خاران شہر میں چیف چوک پر موٹرسائیکل میں نصب بم زوردار دھماکے سے پھٹ گیا جس کے نتیجے میں 13 افراد عابد، شاہ اللہ، فیصل، محمد آصف، عبدالمالک، قدیر احمد، محمد عیسیٰ، اخلاق احمد، حاجی منیر احمد، مرید احمد، عطاء محمد، مقبول، مزمل احمد زخمی ہو گئے جنہیں فوری طور پر ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال منتقل کر دیا گیا جہاں ایک شدید زخمی سمیت پانچ زخمیوں کو کوئٹہ ریفر کر دیا گیا، پولیس کے مطابق دھماکے میں تین سے چار کلو گرام دھماکہ خیز مواد استعمال کیا گیا اور دھماکے بقیہ نمبر4 صفحہ3 پر

چمن اسپن بولدک سرحدی کراسنگ ایک ماہ بعد کھول دی گئی

مذکورہ کراسنگ طالبان نے یہ دعویٰ کرتے ہوئے بند کی تھی کہ اس سے تاجروں، مریضوں اور مسافروں کو پریشانی کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے

سرحدی گزرگاہ، پاکستان اور افغان حکام کے مابین ایک روز قبل ہوئے سمجھوتے کے بعد کھولی گئی پیدل چلنے والے اب صبح 7 سے شام 5 بجے کے درمیان عبور کر سکیں گے

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان اور افغانستان کے درمیان چمن۔ اسپن بولدک سرحدی کراسنگ ایک ماہ کی بندش کے بعد کھول دی گئی۔ مذکورہ کراسنگ طالبان نے یہ دعویٰ کرتے ہوئے بند کی تھی کہ اس سے تاجروں، مریضوں اور مسافروں کو پریشانی کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ سرحدی گزرگاہ پاکستان اور افغان حکام کے مابین ایک روز قبل ہوئے سمجھوتے کے بعد کھولی گئی۔ اس اجلاس میں شرکت کرنے والے جمعیت علمائے اسلام (ف) کے قاری محمد اسلم نے کہا کہ پاکستان میں قلعہ عبداللہ اور چمن جبکہ افغانستان میں قندھار کے رہائشی شناختی کارڈ کی بنیاد پر سرحد عبور کر سکیں گے۔ اس کے علاوہ انہوں نے بتایا کہ افغان مریضوں کو بھی پاکستان میں داخلے کی اجازت ہو گی۔ چمن چیمبر آف کامرس کے سابق صدر جلات خان اچکزئی نے کہا کہ گزرگاہ تجارت کے لیے پورا وقت کھلی رہے گی جبکہ پیدل چلنے والے اب صبح 7 سے شام 5 بجے کے درمیان عبور کر سکیں گے۔ کراسنگ پر تعینات ایک عہدیدار نے ڈان کو بتایا بقیہ نمبر6 صفحہ3 پر

کورونا وائرس کے مزید 457 کیسز، 10 افراد چل بسے

مزید 457 کیسز رپورٹ اور دس افراد چل بسے، ملک کورونا مریضوں کے حوالے سے مرتب کی گئی فہرست میں 33 ویں نمبر پر آگیا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان میں کورونا وائرس کی چوتھی لہر کی شدت کم ہونے لگی مزید 457 کیسز رپورٹ اور دس افراد چل بسے، ملک کورونا مریضوں کے حوالے سے مرتب کی گئی فہرست میں 33 ویں نمبر پر آگیا۔ نیشنل کمانڈ اینڈ آپریشن سینٹر (این سی او سی) کے اعداد و شمار کے مطابق پاکستان میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران کورونا وائرس کے مزید 457 کیسز سامنے آئے ہیں، مزید 10 افراد اس موذی وبا کے سامنے زندگی کی بازی ہار گئے، اس کے مزید 428 مریض شفایاب ہو گئے، جبکہ مثبت کیسز کی شرح 1 اعشاریہ 6 فیصد پر آگئی۔ پاکستان بھر میں کورونا وائرس بقیہ نمبر16 صفحہ3 پر

اختلاف رائے رکھنا ہر شخص کا حق، تنقید برائے اصلاح ہونی چاہیے، ظہور بلیدی

پارٹی کو مضبوط اور فعال بنانے کے لئے عہدیداروں اور ورکروں سمیت قیادت میں باہمی رابطوں کو ترجیح دیکر آگے بڑھیں گے

تاکہ تمام معاملات کو گفت وشنید کے ذریعے حل کیا جاسکے، بلوچستان عوامی پارٹی کے قائم مقام صدر رکن صوبائی اسمبلی میر ظہور بلیدی

کوئٹہ(این این آئی) بلوچستان عوامی پارٹی کے قائم مقام صدر رکن صوبائی اسمبلی میر ظہور بلیدی نے کہا ہے کہ اختلاف رائے رکھنا ہر شخص کا حق ہے تنقید برائے اصلاح ہونی چاہیے تاکہ تمام معاملات کو گفت وشنید کے ذریعے حل کیا جاسکے پارٹی کو مضبوط اور فعال بنانے کے لئے عہدیداروں اور ورکروں سمیت قیادت میں باہمی رابطوں کو ترجیح دیکر آگے بڑھیں گے تاکہ ورکروں کی اپنی قیادت اور نمائندوں تک با آسانی رسائی ہو سکے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے منگل کو پارٹی دفتر میں بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی چیف آرگنائزر و منتخب اسپیکر بلوچستان اسمبلی میر جان محمد جمالی کی صحت یابی کے لئے دعائے صحت کے موقع پر گفتگو کے دوران کیا۔ اس موقع پر بی اے پی کے مرکزی رابطہ سیکرٹری فتح جمالی، ضلع کوئٹہ کے صدر حاجی ولی محمد نورزئی، ملک خدا بخش لانگو، میر عبدالرؤف رند، شاہ زمان کھتران اور کارکنوں کی بڑی تعداد موجود تھی۔ ظہور احمد بلیدی نے کہا کہ بلوچستان عوامی پارٹی نے بہت کم مدت میں معرض وجود میں آنے بقیہ نمبر5 صفحہ3 پر

سینیٹر مولانا عبدالغفور حیدری چار روزہ دورے پر آج کوئٹہ پہنچیں گے

کوئٹہ(این این آئی)پی ڈی ایم کے مرکزی نائب صدر و جمعیت علماء اسلام کے مرکزی سیکرٹری جنرل سینیٹر مولانا عبدالغفور حیدری چار روزہ دورے پر آج کوئٹہ پہنچیں گے جہاں وہ جمعیت علماء اسلام کے سابق امیر مولانا محمد عالم نوراللہ مرقدہ کی یاد میں 3 نومبر کو تعزیتی ریفرنس سے خطاب کریں گے جبکہ 4 نومبر کو جمعیت علماء بقیہ نمبر18 صفحہ3 پر

اقوام اذہان سے بنتی ہیں، پاکستان میں اعلیٰ تعلیم پر توجہ بڑھ رہی ہے، صدر مملکت

ملک کو تعلیم اور ہائیر ایجوکیشن میں آگے بڑھائیں گے، معاشرہ تعلیم یافتہ خواتین کو ان کی اہلیت کے مطابق کام کرنے کا موقع فراہم کرے

جمہوریت کی بنیاد پر پاکستان معرض وجود میں آیا اور ریاست مدینہ کی طرز پر چلا جائے، تعلیم کے میدان میں ترقی کر کے پاکستان بڑی تیزی سے ترقی یافتہ ملک بنے گا، خطاب

اسلام آباد (این این آئی)صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے کہا ہے کہ اقوام اذہان سے بنتی ہیں، پاکستان میں اعلیٰ تعلیم پر توجہ بڑھ رہی ہے، ملک کو تعلیم اور ہائیر ایجوکیشن میں آگے بڑھائیں گے، معاشرہ تعلیم یافتہ خواتین کو ان کی اہلیت کے مطابق کام کرنے کا موقع فراہم کرے، تعلیم کے میدان میں ترقی کر کے پاکستان بڑی تیزی سے ترقی یافتہ ملک بنے گا۔ صدر مملکت نے ان خیالات کا اظہار منگل کو یہاں کنونشن سنٹر میں قائداعظم یونیورسٹی اسلام آباد کے 2021 کے کانووکیشن بقیہ نمبر17 صفحہ3 پر

بیلہ میں آر سی ڈی شاہراہ لنگندہ وکشاری کے مقام پر تیز رفتاری کے باعث ٹریفک حادثہ باپ بیٹا زخمی

حب(این این آئی) بیلہ میں آر سی ڈی شاہراہ لنگندہ وکشاری کے مقام پر تیز رفتاری کے باعث ٹریفک حادثہ باپ بیٹا زخمی ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق بیلہ میں آر سی ڈی شاہراہ لنگندہ وکشاری کے مقام پر تیز رفتاری کے باعث موٹرسائیکل فٹ پاتھ سے ٹکرانے کے باعث پر سوار باپ بیٹا مولا بخش ولد میر محمد اور اکبر علی زخمی ہو بقیہ نمبر19 صفحہ3 پر

دنیا کو افغان حکومت سے رابطہ قائم کرنا چاہیے، معید یوسف

4 دہائیوں سے افغانستان جنگ کی صورتحال میں ہے اور وہاں ہونے والی جنگ سے براہ راست نقصان پاکستان کا بھی ہوتا ہے

پاکستان کی توجہ جیو اکانومکس پر ہے، پاکستان اور ازبکستان کی افغانستان کے معاملے میں پوزیشن ایک ہے، پریس کانفرنس

اسلام آباد(این این آئی)وزیراعظم کے مشیر قومی سلامتی معید یوسف نے کہا ہے کہ دنیا کو اس وقت افغان حکومت سے رابطہ قائم کرنا چاہیے، 4 دہائیوں سے افغانستان جنگ کی صورتحال میں ہے اور وہاں ہونے والی جنگ سے براہ راست نقصان پاکستان کا بھی ہوتا ہے، پاکستان کی توجہ جیو اکانومکس پر ہے، پاکستان اور ازبکستان کی افغانستان کے معاملے میں پوزیشن ایک ہے۔ پاکستان کا دورہ کرنے والے ازبکستان کے وفد سے ملاقات کے بعد ایک نیوز کانفرنس میں انہوں نے بقیہ نمبر20 صفحہ3 پر

اسلام آباد:ڈپٹی اسپیکر قومی اسمبلی قاسم خان سوری تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

دہشتگردوں کا کوئی مذہب نہیں وہ اسلام اور انسانیت کے دشمن ہیں، نور محمد دمڑ

دشمن کی مذموم کارروائیاں عوام حکومت اور پاک فوج کے دہشتگردی کے خلاف ہمارے عزم کو کمزور نہیں کر سکتا

خاران میں ہونے والے بم دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتا ہوں، سابق صوبائی وزیر

کوئٹہ(این این آئی) بلوچستان عوامی پارٹی (باپ) کے مرکزی رہنما اور رکن صوبائی اسمبلی حاجی نور محمد خان دمڑ نے خاران میں ہونے والے بم دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ دہشت گردی کی اس کارروائی میں بے گناہ افراد کے زخمی ہونے پر انتہائی دکھ اور افسوس ہوا۔ ملک دشمن عناصر صوبے کا امن خراب کرنا چاہتے ہیں، دہشت گردی کی بزدلانہ کارروائیوں سے ہمارے حوصلے پست نہیں ہوں گے، صوبے کی عوام دہشت گردی کی عفریت کے خاتمے کے لئے اپنے سیکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے انہوں نے اپنے جاری کردہ بیان میں کہا سابق صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ دہشت گردوں کا کوئی مذہب نہیں وہ اسلام اور انسانیت کے دشمن ہیں۔ معصوم لوگوں کی جانوں سے کھیلنا کہاں کی انسانیت ہے انہوں نے کہا کہ دشمن کی مذموم کارروائیاں بقیہ نمبر8 صفحہ3 پر

شیخ رشید احمد کا چیئرمین سی ڈی اے عامر علی احمد کے ہمراہ ایمرجنسی اینڈ ڈیزاسٹر مینجمنٹ کا دورہ، مختلف ڈیپارٹمنٹ اور آلات کا معائنہ کیا

وفاقی دارالحکومت میں کسی بھی ایمرجنسی سے نمٹنے کیلئے جدید آلات کی فراہمی بھی حکومت کی اولین ترجیح ہے، وزیر داخلہ شیخ رشید احمد

اسلام آباد(این این آئی)وفاقی وزیر داخلہ شیخ رشید احمد نے چیئرمین سی ڈی اے عامر علی احمد کے ہمراہ ایمرجنسی اینڈ ڈیزاسٹر مینجمنٹ کا دورہ کر کے مختلف ڈیپارٹمنٹس اور آلات کا معائنہ کیا، ایڈمنسٹریٹر ایم سی آئی محمد حمزہ شفقات اور چیف آفیسر میٹروپولیٹن کارپوریشن کیپٹن ریٹائرڈ سید علی اصغر بھی وزیر داخلہ کے ہمراہ تھے۔ میٹروپولیٹن کارپوریشن اسلام آباد کے سینئر افسران بھی وزیر داخلہ کے ہمراہ تھے۔ وفاقی وزیر داخلہ نے ایمرجنسی اینڈ ڈیزاسٹر مینجمنٹ کے مختلف ڈیپارٹمنٹس اور بقیہ نمبر21 صفحہ3 پر

محتسب کا ادارہ عوام کو فوری اور سستا انصاف کی فراہمی کیلئے قائم کیا گیا ہے، نذر محمد بلوچ

عوام کو ہر ممکن ریلیف فراہم کرنے اور لوگوں کی شکایات براہ راست سننے کے لئے آئے ہیں، صوبائی محتسب بلوچستان

پشین(خ ن) صوبائی محتسب بلوچستان نذر محمد بلوچ نے کہا ہے کہ محتسب کا ادارہ عوام کو فوری اور سستا انصاف کی فراہمی کیلئے قائم کیا گیا ہے، عوام کو ہر ممکن ریلیف فراہم کرنے اور لوگوں کی شکایات براہ راست سننے کے لئے آئے ہیں تاکہ انصاف کے تقاضے پورے کئے جا سکیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ایڈوائزر وفاقی محتسب غلام سرور بروہی کے ہمراہ پشین ریسٹ ہاؤس میں کھلی کچہری سے خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر ڈپٹی کمشنر پشین میر شبیر احمد مینگل، ڈائریکٹرز صوبائی بقیہ نمبر24 صفحہ3 پر

30 سے 40 ہزار بے روزگاروں کو میرٹ پر ملازمتیں دینگے، میر اسد بلوچ

عوام کو ریلیف فراہم کرکے ان کے مسائل میں کمی لائی جائے تاکہ عام آدمی دو وقت کی روٹی کے ساتھ ساتھ اپنے بچوں کو پڑھا سکے

حکومت کی نیک نامی ہوگی، حکومت سازی کا سلسلہ ایک ہفتے میں مکمل ہو جائے، ایم پی اے

کوئٹہ(آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی (عوامی) کے مرکزی سیکرٹری جنرل میر اسد اللہ بلوچ نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت کی تبدیلی کا مقصد محکموں اور اداروں کی بجائے عام لوگوں کو ریلیف دینا ہے 30 سے 40ہزار بے روزگاروں کو میرٹ پر ملازمتیں دیکھے جس سے حکومت کی نیک نامی ہوگی، حکومت سازی کا سلسلہ ایک ہفتے میں مکمل ہو جائے گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے منگل کو آن لائن سے گفتگو کرتے ہوئے کیا میر اسد بلوچ نے کہا کہ جام حکومت کی تبدیلی کا مقصد بھی یہی تھا کہ عوام کو ریلیف ملیں عام آدمی تک انصاف میسر ہو مہنگائی بے روزگاری کا خاتمہ ہو اللہ تعالیٰ ہماری مدد کرے تاکہ تبدیلی کا فائدہ عام آدمی تک پہنچ سکے انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں 30 سے 40 ہزار لوگوں کو میرٹ پر ملازمتیں دیکھے جس سے حکومت کی نیک نامی ثابت ہوگی انہوں نے بقیہ نمبر7 صفحہ3 پر

حکومتی کرپشن کی وجہ سے چینی پر ستر اور آٹے پر تینتالیس روپے وزراء کی جیبوں میں جا رہے ہیں، شاہد خاقان عباسی

مذہبی جماعت کے تیس افراد جاں بحق ہوئے اس کا ذمہ دار کون ہے؟ حکومت قانون کیساتھ مذاق نہ کرے، سابق وزیراعظم کی میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد(این این آئی) سابق وزیراعظم شاہد خاقان عباسی نے کہا ہے کہ حکومتی کرپشن کی وجہ سے چینی پر ستر اور آٹے پر تینتالیس روپے وزراء کی جیبوں میں جا رہے ہیں، حکومت بے بس ہے نیب آرڈیننس لا رہی ہے، نیب کو مکمل استثنیٰ حاصل ہے جو چاہے کرے، مذہبی جماعت کے تیس افراد جاں بحق ہوئے اس کا ذمہ دار کون ہے؟ حکومت قانون کیساتھ مذاق نہ کرے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے شاہد خاقان عباسی نے کہا کہ گزشتہ روز ایک اور واقعہ پاکستان کی پارلیمانی روایت میں پیش بقیہ نمبر26 صفحہ3 پر

شاہ محمود قریشی کی زیر صدارت اجلاس، پارٹی امور کے حوالے سے تفصیلی مشاورت

اسلام آباد(این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے وائس چیئرمین و وزیر خارجہ مخدوم شاہ محمود قریشی کی زیر صدارت وزارت خارجہ میں اہم اجلاس ہوا جس میں پارٹی امور کے حوالے سے تفصیلی مشاورت کی گئی۔ اجلاس میں وزیر اعلیٰ پنجاب عثمان بزدار، وفاقی بقیہ نمبر25 صفحہ3 پر

اپوزیشن جماعتیں ریلیف نہیں انصاف مانگ رہی ہیں، نیب ترمیمی آرڈیننس حکومت کی بدنیتی کا ثبوت ہے، شیری رحمن

اسلام آباد(این این آئی) نائب صدر پیپلز پارٹی سینیٹر شیری رحمان نے کہا ہے کہ اپوزیشن جماعتیں ریلیف نہیں انصاف مانگ رہی ہیں، نیب ترمیمی آرڈیننس حکومت کی بدنیتی کا نیا ثبوت ہے۔ اپنے بیان میں شیری رحمان نے کہا کہ اپوزیشن جماعتیں ریلیف بقیہ نمبر23 صفحہ3 پر

4 نومبر کو پی ٹی آئی تھرپارکر میں بڑا جلسہ کرے گی، شاہ محمود قریشی خطاب کریں گے

ریلی کی صورت میں وزیر خارجہ مٹھی جلسہ گاہ روانہ ہونگے چھوٹے بڑے شہروں پر ریلی کا شاندار استقبال ہوگا، حلیم عادل شیخ

کراچی(این این آئی)تحریک انصاف کا سندھ بھر میں عوامی رابطہ مہم میں تیزی سندھ بھر میں جلسے اور کنونشن کا سلسلہ جاری اسی حوالے سے 4 نومبر کو پی ٹی آئی تھرپارکر میں بڑا جلسہ کرے گی جلسے میں وزیر خارجہ و نائب چیئرمین تحریک انصاف مخدوم شاہ محمود قریشی شرکت کریں گے 4 نومبر کو تحریک انصاف ہندو برادری کی دیوالی تقریبات بھی منائے گی۔ جلسے کے حوالے سے اپوزیشن لیڈر سندھ اسمبلی حلیم عادل شیخ نے اپنے جاری کردہ بیان میں کہا ہے کہ وزیر خارجہ مخدوم شاہ محمود بقیہ نمبر22 صفحہ3 پر

دبئی:وفاقی وزیر سائنس اینڈ ٹیکنالوجی شبلی فراز تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

دہشتگرد اپنے مذموم مقاصد میں کامیاب نہیں ہوں گے، چیئرمین سینیٹ

بزدلانہ تخریبی کارروائیوں سے ملک اور بالخصوص بلوچستان کے امن کو نقصان پہنچانے کی ہر کوشش ناکام ہوگی

دہشت گرد پوری انسانیت کے دشمن ہیں۔ چیئرمین سینیٹ نے سوگوار خاندانوں سے دلی ہمدردی کا اظہار

اسلام آباد(آن لائن) چیئرمین سینیٹ محمد صادق سنجرانی نے بلوچستان کے علاقے خاران میں دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے۔ چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ اس طرح کی بزدلانہ تخریبی کارروائیوں سے ملک اور بالخصوص بلوچستان کے امن کو نقصان پہنچانے کی ہر کوشش ناکام ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گرد اپنے مذموم مقاصد میں کبھی بھی کامیاب نہیں ہوں گے۔ دہشت گرد پوری انسانیت کے دشمن ہیں۔ چیئرمین سینیٹ نے سوگوار خاندانوں سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دھماکے میں زخمی ہونے والوں کی جلد صحتیابی کے لیے دعا کی۔ چیئرمین سینیٹ محمد صادق بقیہ نمبر9 صفحہ3 پر

وزیراعظم عمران خان کی برآمدات پر خصوصی توجہ کے باعث کورونا وائرس کی وبا کے باوجود برآمدات میں اضافہ ہو رہا ہے، فرخ حبیب

اسلام آباد(این این آئی)وزیر مملکت اطلاعات و نشریات فرخ حبیب نے کہا ہے کہ وزیراعظم عمران خان کی برآمدات پر خصوصی توجہ کے باعث کورونا وائرس کی وبا کے باوجود برآمدات میں اضافہ ہو رہا ہے۔ وزیر مملکت نے اپنے ٹوئٹ میں کہا کہ جولائی تا اکتوبر برآمدات کا حجم 5.9 ارب ڈالر ہے۔ انہوں نے کہا کہ بقیہ نمبر27 صفحہ3 پر

کوئٹہ:کشمیر کمیٹی کے چیئرمین شہریار آفریدی، سابق صدر آزاد جموں و کشمیر سردار مسعود خان اور سابق سفیر آصف درانی نیشنل سیکیورٹی ورکشاپ کے شرکاء کو لیکچر دے رہے ہیں

روزنامہ شال کوئٹہ
Daily SHAL
www.dailyshal.com
اداریہ
EDITORIAL

لکھنے کے خواہش مند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز 1 مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین وخبریں۔ shalquetta@gmail.com

03 نومبر 2021ء

بلوچستان میں 3193 سکول غیر فعال ہونے کا انکشاف

بلوچستان میں 14 ہزار 9 سو سکولوں میں 11 ہزار 786 سکول فعال جبکہ تین ہزار 193 سکول غیر فعال ہونے کا انکشاف ہوا ہے۔ رپورٹ کے مطابق کسی بڑی تباہ کاری سے متاثرہ عمارت کی مانند، اس سکول کے خستہ حال کمرے کی چھت کو لکڑی کی مدد سے سہارا اس لیے دیا گیا ہے کہ کہیں یہ بچوں پر ہی نہ آن گرے۔ پاکستان کا مستقبل یہ 40 طلبا ایک مستقل خطرے کے سائے تلے اس کمرے میں علم حاصل کرتے ہیں اور انہیں اس بات کا خوف لاحق رہتا ہے کہ کہیں وہ ایک روز چھت کے نیچے دب نہ جائیں۔ پاکستان کے جنوب مغربی صوبے بلوچستان کے ضلع قلعہ سیف اللہ کے علاقے کنجوغی میں قائم گورنمنٹ پرائمری سکول کلی ولی کس کی دو کمروں پر مشتمل عمارت اس حد تک خستہ حال ہے کہ کمرے کی چھتوں کو لکڑی کا سہارا دے کر چھت کے منہدم ہونے کے ممکنہ خطرے سے روکنے کی کوشش کی گئی ہے۔ محمد کامران کلی ولی کس کے رہائشی ہیں۔ وہ بتاتے ہیں کہ پرائمری سکول کے دونوں کمرے انتہائی خستہ حال ہیں اور چھت کسی بھی وقت بچوں پر گر سکتی ہے۔ سکول میں پینے کا پانی اور دیگر بنیادی سہولیات بھی موجود نہیں۔ بلوچستان کے دور دراز علاقوں کے اکثر سکول بنیادی سہولیات سے محروم ہیں۔ بہت کم ایسے سکول ہیں جہاں طلبہ کو ایک آدھ بنیادی سہولیات میسر ہوں۔ وہ کہتے ہیں: یہاں کی سیاسی جماعتوں اور سماجی تنظیموں کی جانب سے سال کے شروع میں داخلوں کے لیے مہم تو چلائی جاتی ہے اور کتابوں اور دیگر سہولیات کے لیے بھی اعلیٰ حکام سے رابطے کیے جاتے ہیں، تاہم جس طرح تعلیم کے شعبے پر توجہ دینے کی ضرورت ہے، وہ نہیں دی جارہی۔ 2017 میں ہونے والی مردم شماری کے مطابق بلوچستان کے ضلع قلعہ سیف اللہ کی آبادی تین لاکھ 42 ہزار 814 ہے۔ ضلعے میں کل سکولوں کی تعداد 660 ہے جہاں 30 ہزار 20 طلبہ وطالبات زیر تعلیم ہیں۔ محکمہ ثانوی تعلیم کی ریئل ٹائم سکول مانیٹرنگ رپورٹ برائے سال 2018-19 کے مطابق کلی ولی کس کے اس پرائمری سکول میں 40 طلبہ میں سے 30 غیر حاضر جبکہ 10 حاضر ہیں۔ سکول میں تین اساتذہ بچوں کو تعلیم کے زیور سے آراستہ کر رہے ہیں تاہم تین میں سے ایک استاد حاضر جبکہ دو غیر حاضر ہیں۔ رپورٹ کے مطابق بلوچستان بھر میں کل 14 ہزار 979 سرکاری سکول ہیں، جن میں 10 ہزار 55 لڑکوں، چار ہزار 238 لڑکیوں جبکہ 686 سکول لڑکوں اور لڑکیوں کے مشترکہ ہیں۔ محکمہ تعلیم کے اعداد وشمار کے مطابق بلوچستان میں 11 ہزار 786 سکول فعال جبکہ تین ہزار 193 سکول غیر فعال ہیں۔ رپورٹ میں مزید کہا گیا کہ 13 ہزار 21 سکولز عمارت جبکہ 1958 سکول بغیر عمارت کے ہیں نو ہزار سکول ایسے بھی ہیں جہاں واش روم کی سہولیات میسر نہیں جبکہ 12 ہزار 680 سکولوں میں پانی کی سہولت موجود نہیں۔ صوبے میں اگر ایجوکیشن سیکٹر پلان پر اس کی روح کے مطابق عمل درآمد کیا جائے تو تعلیم سے متعلق 90 فیصد مسائل حل کیے جاسکتے ہیں۔ وہ کہتے ہیں کہ ایک بار یہ منصوبہ بھی زیر بحث لایا گیا کہ اگر پی ایس ڈی پی بنانے کی بجائے مختص رقم شیلٹر سے محروم سکولوں کے لیے رکھی جائے تو اس کے انتہائی مثبت نتائج برآمد ہوں گے، تاہم اس منصوبے پر عملدرآمد نہ ہوسکا جبکہ بین الاقوامی ڈونرز کی مدد سے بلوچستان کے سکولوں میں بنیادی ضروریات اور سہولیات کی فراہمی کا سلسلہ بھی جاری ہے۔

افغانستان میں بھارت کا منفی کردار

میر افسر امان

ہندوستان پر محمد بن قاسم ثقفی بنوامیہ کے سپہ سالار سے لے کر مغلوں کے آخری بادشاہ بہادر شاہ ظفر تک مسلمانوں نے ایک ہزار سال سے زاہد عرصہ تک ہندوؤں پر حکمرانی کی تھی۔ ہندوستان پر مسلمانوں سے اس ہزار سالہ حکمرانی کا بدلہ لینے کے متعلق پلاننگ کرتے رہتے تھے۔ مگر ان سے کچھ بن نہیں پاتا تھا۔ ہندو مسلمان دونوں نے انگریز کو ہندوستان سے نکالنے کی کوشش کی۔ مسلم دشمنی میں انگریز جاتے جاتے اقتدار ہندوؤں کو دینے کا پروگرام بنا رہے تھے۔ ہندو عددی اکثریت کے بل بوتے پر اپنی پرانی خواہش کو پورا کرنے کے موقع کی تلاش میں تھے۔ اس چیز کو قائد اعظم محمد علی جناح نے بھانپ لیا۔ اور ہندوستان میں دو بڑی قوموں ہندو اور مسلمانوں کو اقتدار سونپنے کی تحریک چلائی۔ بانی پاکستان حضرت قائد اعظم محمد علی جناح نے کہا کہ انگریز کے جانے کے بعد یہ دونوں قومیں ایک ساتھ نہیں رہ سکتیں۔ بانی پاکستان قائد اعظم محمد علی جناح نے ۲۳ مارچ ۱۹۴۰ء لاہور میں فرمایا تھا۔ مسلمان ہندوؤں سے علیحدہ قوم ہیں۔ ہمارا کلچر، ہماری ثقافت، ہماری تاریخ، ہمارا کھانا پینا، ہمارا معاشرہ سب ان سے یکسر مختلف ہے۔ لہٰذا ہندوستان کو دو قوموں میں تقسیم کردیا جائے۔ جہاں ہندوؤں زیادہ ہیں وہاں ہندوستانی ریاست اور جہاں مسلمان زیادہ ہیں وہاں پاکستانی ریاست بنی چاہیے۔ اسی "دو قومی نظریہ تھیوری" کو قائد اعظم نے برصغیر کے مسلمانوں میں عام کر کے اپنی انتھک کوشش سے پاکستان حاصل کیا۔ عربوں پر تو ہندو صرف یہ ہی غصہ نکالتے رہے کہ فتح مکہ کے موقع پر جن تین سو ساٹھ بتوں کو توڑا گیا تھا وہ ہمارے ہی بت تھے۔ مگر ہندوستان کے افغان حکمرانوں کے خلاف ہندوؤں نے خصوصی طور پر مہم چلائی۔ پورے ہندوستان میں کہا گیا کہ وہ لٹیرے اور ڈاکو تھے۔ ہمارے ملک پر حملے کرتے رہے۔ ہمارے دولت لوٹ کر افغانستان لے جاتے رہے۔ بہرحال میں ان کو "طارق فتح" جیسے منافق مسلمان مل گئے جو اس مہم کو میڈیا پر زور وشور سے چلا رہے ہیں۔ بھارت کے ذی ٹی وی پر طارق فتح اس سلسلہ میں ایک اسپیشل شو کرتا ہے۔ ہندوؤں نے زار روس اور اشتراکی روس کے ساتھ مل کر افغانوں کو اسلامی سوچ سے ہٹا کر قوم پرست، کیمونسٹ، روشن خیال اور لبرل بنانے میں مدتوں صرف کیں۔ روس تو وسط ایشیا کی اسلامی ریاستوں پر قبضہ کرتے کرتے افغانستان کے سرحد دریائے آمو تک پہنچ گیا تھا۔ اب اس نے افغانستان، بلوچستان اور پاکستان کے راستے گرم پانیوں تک پہنچنا تھا۔ یہ روس کے لیڈر "گنگ ایڈورز" کا اپنی قوم کے نام ڈاکٹرائن تھا۔ کہ دنیا پر وہ قوم حکومت کرے گی جو خلیج کے پانیوں پر قابض ہو گی۔ اسی لیے اشتراکی روس نے افغانستان پر قبضہ کیا تھا۔ مگر جہاد کی برکت اور ساری دنیا کی امداد اور خصوصاً اسلامی دنیا کی مدد اور جہاد شروع ہونے کے دو سال بعد روس سے سرد جنگ کی دشمنی کی وجہ سے امریکا کا جنگ میں شریک ہوا تھا۔ اس کے اسٹنگر میزائیلوں نے کام کیا اور اشتراکی روس کو عبرت ناک شکست ہوئی تھی۔

جب قائد اعظم محمد علی جناح کی قیادت میں تحریک پاکستان چل رہی تھی۔ بھارت اور انگریز کی ساری چالوں کو ایک جہاں دیدہ بیرسٹر نے اپنی پر امن اور جمہوری طریقے سے وکیل کی بنیاد پر انتھک محنت کر کے ناکام کیا۔ لندن سے واپسی پر آل انڈیا مسلم لیگ کو جدید طریقے پر منظم کیا۔ پورے برصغیر کے عوام کو آل انڈیا مسلم لیگ کے جھنڈے تلے جمع کیا۔ برصغیر کے مسلمانوں کو نعرہ دیا "پاکستان کا مطلب کیا" "لا الہ الا اللہ"۔ "مسلم ہے تو مسلم لیگ میں آ"۔ "بن کے رہے گا پاکستان لے کر رہیں گے پاکستان"۔ پھر مستانہ نعرے پر ہندوستان کے جن صوبوں میں پاکستان نہیں بننا تھا ان صوبوں کے مسلمانوں نے بھی اسلام کے نام پر پاکستان کے لیے قربانیاں دیں۔ ہندوؤں نے محسوس کیا کہ اب تو قائد اعظم کی ولولہ انگیز تحریک پاکستان میں اسلام کا رنگ بھر دیا ہے۔ پاکستان بننے کے علاوہ کوئی راستہ نہیں بچا۔ پاکستان بنے دو، ہم آہستہ آہستہ مسلمانوں کے دلوں سے اسلامی کی محبت نکال کر سیکولرزم کی جال میں پھنسا لیں گے۔ یہ کام پاکستان بننے کے بعد ہندو لیڈر شپ نے کیا۔ مشرقی پاکستان میں تعلیم اداروں میں ہندو ٹیچروں کے ذریعے مسلمان بچوں کے دلوں میں سے اسلام کی محبت کم کر کے قومیت اور سیکولرزم کے زہر کو ڈالا۔ پاکستانی سیاست دان اقتدار کی لالچ میں اسلام سے دور ہوتے گئے۔ پاکستان کی اساس کے مطابق اور قاعد اعظم کے اسلامی وژن کے مطابق پاکستان میں اسلامی نظام حکومت رائج نہیں کیا۔ بلکہ اس میں رکاوٹیں ڈالی۔ پورے ملک میں نام نہاد حقوق کے نام پر قومیت کی بنیاد پر اور خاص کر مشرقی پاکستان میں بنگلہ قومیت اور زبان کے نام پر تحریکیں چلائی گئیں۔ مشرقی پاکستان کے عوام کو کہا کہ آپ کی دولت مغربی پاکستان کے عوام پر خرچ ہو رہی ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ مسلم لیگ کے کھوٹے سکوں نے قائد اعظم کی وفات کے بعد کہنا شروع کر دیا کہ اس جدید دور میں اسلام کا چودہ سو سالہ پرانا نظام حکومت نہیں چل سکتا۔ اس طرح بھارت نے اس موقعہ سے فائدہ اٹھایا۔ غدار پاکستان شیخ مجیب الرحمان کو آلہ کار بنا کر اگر تلہ سازش تیار کی۔ دہشت گرد تنظیم مکتی باہنی بنائی۔ جن نے بنگالیوں کے علاوہ ہر شخص کو مغربی پاکستانی کہہ کر ان کو مارنا شروع کیا۔ ظلم ستم کی انتہا کر دی۔ پھر یحییٰ خان نے جب مشرقی پاکستان میں بنگالی قومیت کا جن بوتل سے باہر آ گیا تھا۔ ایسے پرتشدد حالات میں ۱۹۷۰ء کے انتخابات کروائے۔ ایسے حالات میں کسی طور پر بھی نظریہ پاکستان والے کامیاب نہیں ہو سکتے تھے؟۔ یہ انتخابات جانبدارانہ اور قومیت اور لسانیت کی بنیاد پر لڑے گئے تھے جو قائد اعظم کے نظریہ اسلام کے سراسر خلاف تھے۔ ان حالات میں شیخ مجیب الرحمان نے بنگالی قومیت کے نام مشرقی پاکستان میں اکثریت حاصل کی اور مغربی پاکستان میں سوشلزم کے نام پر پیپلز پارٹی کے ذوالفقار علی بھٹو نے اکثریت حاصل کی۔ کیا اُس زمانے میں اشتراکی روس میں کیمونزم کے نظریہ سے ہٹ کر انتخابات ہو سکتے تھے۔ انہیں ممکن ہی نہیں تھا کے ہوتے؟ کیا سرمایادارانہ نظام کے ملک امریکا میں کیمونزم کے نام پر انتخابات ہوتے تھے؟ ناممکن تھا، نہیں ہو سکتے تھے؟ دنیا میں صرف ہی پاکستان تھا جسے اسلام کے نام پر بانی پاکستان قائد اعظم نے حاصل کیا تھا۔ اس میں اسلام سے ہٹ کر قومیت اور لسانیت کے نام پر ایک سازش سے الیکشن ہوئے تھے جو سراسر غلط تھے۔

جب بھارت کی وزیر اعظم اندرا گاندھی نے اپنی فوجیں مشرقی پاکستان میں ڈال کر پاکستان کے دو ٹکڑے کیے تو کہا تھا کہ میں نے قائد اعظم کا دو قومی نظریہ اور نظریہ اسلام کو خلیج بنگال میں ڈبو دیا ہے اور مسلمانوں سے ایک ہزار سالہ ہندوؤں پر حکمرانی کا بدلہ بھی لے لیا ہے۔ یہ تھا وہ ڈاکٹرائن جو تحریک پاکستان کے دوران ہندو لیڈر شپ نے ترتیب دیا گیا تھا۔ ایک اور بات ہندوؤں کی مرکزی لیڈر موہن داس کرم چند گاندھی نے کہی تھی کہ اب تو پاکستان ناگزیر بن رہا ہے۔ مگر مجھے فکر یہ ہے کہ پاکستان بننے کے بعد افغانستان سے مل کر اسلامی دنیا کے سمندر میں شامل ہو جائے گا تو اس کا مقابلہ ہم نہیں کر سکیں گے؟ لہٰذا اس کو روکنے کی کوشش کرنی چاہیے۔ یہ ہی وہ ڈاکٹرائن ہے جس پر بھارت نے اشتراکی روس سے مل کر افغانستان کے رسم رواج، کلچر، اسلامی تہذیب کو ختم کر کے اس کو پاکستان کے خلاف کھڑا کرتا تھا۔ اس کے لیے بھارت نے افغانستان میں بھاری انوسٹمنٹ کی۔ کابل سے ایران کی چہار باغ بندرگاہ تک ہائی وے بنا کر دی۔ افغانستان کی پارلیمنٹ کی بلڈنگ بنا کر دی۔ درجنوں بجلی کا پٹرے اور فوجی سازوسامان دیا۔ افغان فوج کی جدید طرز پر قوم پرستانہ اور سیکولرزم پر ٹریننگ کی۔ آبپاشی اور بجلی بنانے کے لیے ڈیم بنا کر دیے۔ تعلیم اسکارشپ دیے۔ سالانہ بنیادوں پر امداد کے علاوہ ہے۔ اس کے بدلے قوم پرست افغانستان نے پاکستان کی سرحد کے ساتھ ساتھ دہشت گردی کے لیے درجنوں قونصل خانے بنانے دیے، یہاں بھارت افغانستان کی انٹیلیجنس ایجنسی کے ساتھ مل کے پاکستان میں دہشت گردی کرتا رہا اور اب بھی کر رہا ہے۔ بلوچستان میں بھارت کا حاضر سروس نیوی کا کمانڈر کل بھوشن یادیو جسے ہاتھوں آئی ایس آئی نے گرفتار کیا۔ افغانستان نے بھارت کی ایما پر تحریک طالبان پاکستان کے دہشت گردوں کو ٹھکانے مہیا کیے جہاں سے وہ پاکستان میں دہشت گردی کرتے ہیں۔ اس طرح قوم پرست افغانستان نے پاکستان بنتے وقت پاکستان کو تسلیم بھی نہیں کیا تھا۔ اس وقت کے صوبہ سرحد اور اب صوبہ خیبر پختونخواہ کے غفار خان نے بھارت کی ایما پر پشتونستان اور ڈیورنڈ لائن کا مسئلہ کھڑا کیا رکھا۔ پاکستان بنتے وقت صوبہ سرحد میں ریفرینڈم ہوا تھا اور صوبہ کے عوام نے ننانوے فی صد پشتونستان نہیں بلکہ پاکستان میں شامل ہونے کے حق میں ووٹ کاسٹ کیا تھا۔ پھر بھی سرحدی گاندھی، قوم پرست غفار خان اور اس کے بیٹے ولی خان نے پشتونستان بنانے کی کوششیں جاری رکھی۔ بھارت سے فنڈ لے کر کالا باغ ڈیم نہیں بننے دیا۔ کہا کہ ڈیم بناؤ گے تو بم مار کر ڈیم کو توڑ دوں گا۔ پھر قوم پرست سردار داؤد صدر افغانستان کے ساتھ مل کر پاکستان پر حملہ کرنے کی کوشش کی پر جس منہ کی کھائی۔ ذوالفقار علی بھٹو نے ولی خان پر غداری کا مقدمہ قائم کیا۔ پھر ڈکٹیٹر جنرل ضیاء نے یہ مقدمہ ختم کیا۔ (باقی آیندہ ان شاءاللہ)

پبلشر ڈاکٹر سلیم صادق نے شال پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔
ایڈیٹر: محمد طاہر جمالدینی سب ایڈیٹر: نجم بلوچ فون نمبر 081-2470990 فیکس 081-2470991 بیورو چیف گوادر: عبدالغفور بلوچ، پتہ: ملت نیوز ایجنسی گوادر۔ موبائل نمبر: 0332-2364234۔ میاں جزاک اللہ ریزیڈنٹ ایڈیٹر اسلام آباد۔ آفس نمبر 5 فرسٹ فلور علی پلازہ فضل الحق روڈ بلیو ایریا اسلام آباد۔ موبائل نمبر 0300-9847010۔ فون نمبر 051-8311430 فیکس نمبر 051-8311450۔ ای میل isb33@yahoo.com

نفرت کا سبب (آخری قسط)

الیاس محمد

کی دفعات عائد کی جائیں۔ کینیڈا کے جنوبی صوبے اونٹاریو میں مسلمان خاندان کے 4 افراد کی ہلاکت پر پارلیمنٹ سے خطاب کے دوران کینیڈین وزیراعظم نے کہا کہ مسلمان خاندان کے اوپر کیا گیا دہشت گرد حملے کے محرکات نفرت پر مبنی تھے جو ہماری برادریوں میں سے ایک کے دل میں نفرت کا نتیجہ تھا۔
اگر کوئی سوچتا ہے کہ اس ملک میں نسل پرستی اور نفرت کا کوئی وجود نہیں ہے تو میں یہ کہنا چاہتا ہوں: ہم ہسپتال میں زیر علاج بچے کو اس حملے کی کس طرح وضاحت دیں گے؟ ہم متاثرہ خاندانوں کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر کیسے کہہ سکتے ہیں کہ اسلاموفوبیا حقیقت نہیں ہے؟۔
جسٹن ٹروڈو نے کہا، لیکن اس رات مسلمان خاندان کبھی گھر نہیں جاسکا، ان کی زندگیاں ایک وحشیانہ، بزدلانہ اور تشدد پر مبنی رویے کی نذر ہوگئیں یہ قتل کوئی حادثہ نہیں تھا اور بہت سے مسلمان کینیڈین خوفزدہ ہیں۔ جسٹن ٹروڈو نے واضح کیا کہ غلط بیانی اور آن لائن انتہا پسندی اور سیاست میں الزام تراشی کے وقت استعمال ہونے والے الفاظ اثر انداز ہوتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ الفاظ بیج کی مانند کام کرتے ہیں جو بدصورت وسیع رجحان کو بڑھاتے ہیں۔
کینیڈین وزیر اعظم جسٹن ٹروڈو کا بیان کینیڈا میں اسلاموفوبیا کی کوئی جگہ نہیں کو ہر باشعور نے سراہا ہے، دہشتگرد ٹرک ڈرائیور نے مسلم خاندان کو پلاننگ کر کے کینیڈا کی زمین پر ہی شہید کیا جس کی ہر سطح پر مذمت اور جنونی دہشتگرد کو عبرت کا نشان بنایا جائے، فلسطین اور کشمیر میں مسلم نسل کشی کو روکنے کیلئے عالمی اداروں کو انصاف کا پرچم بلند کرنا ہوگا جبکہ جنگ بندی کے باوجود بھی اسرائیل نے قبلہ اول بیت المقدس پر فائرنگ کر کے اپنی جنونیت اور بربریت دکھائی ہے بھارت بھی برصغیر کا امن کو تباہ کرنے کے درپے ہے، بھارت نے مذہبی انتہا پسندی کے ذریعے مسلمانوں کا قتل عام کیا آج بھی گائے اسمگلنگ کرنے کے الزام میں مسلمان نوجوانوں کو قتل اور تشدد کا نشانہ بنایا جارہا ہے۔
مقبوضہ کشمیر میں انسانیت دشمن کی تمام حدیں بھارتی فوج نے پار کر دی ہیں مگر انسانیت کے علمبردار اور عصبیت کا چشمہ پہنے خاموش تماشائی بنے ہوئے ہیں اس کے اثرات پوری دنیا پر رونما ہوسکتے ہیں اس لئے اقوام متحدہ اور او آئی سی کینیڈا میں مسلمانوں پر حملے عالمی سطح پر آواز بلند کریں، بھارت کو دہشتگرد ملک قرار دلانے کیلئے عالمی عدالت اور عالمی اداروں سے رابطے کئے جائیں بھارت کے برعکس پاکستان میں تمام اقلیتوں کو مکمل آزادی اور تحفظ حاصل ہے، پاکستان دنیا کا وہ واحد ملک ہے جہاں اقلیتوں کو مکمل آزادی ہے، دنیا پاکستان کو اپنے لئے ماڈل بنائے جہاں اقلیتوں کو مکمل تحفظ اور آزادی ہے۔ عالم کفر اسلام اور مسلمانوں کے خلاف متحد ہو چکا ہے اسلامی ممالک کے درمیان تنازعات کے خاتمہ اور عالمی صورت حال کے پیش نظر او آئی سی اور اسلامی سربراہی کانفرنس کو اپنی ذمہ داریاں پوری کرنا ہوں گی تاکہ دور حاضر کے چیلنجز کا سامنا کیا جاسکے۔

اپنا آپ تجزیہ کریں

جعفر قمبرانی

کاروباری حضرات کو اکثر یہ مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ اپنے کاروبار کا تجزیہ کریں جسے انہی کی زبان میں (SWOT Analysis) یعنی ایس، ڈبلیو، او اور ٹی (سوواٹ) تجزیہ کہتے ہیں۔
کاروبار میں اس تجزیے سے گزرنا اس لئے بھی لازم ہے کہ آپ کو اپنے کاروبار کی تمام تر صلاحیتیں، اچھائیاں، کمزوریاں، اس کے اندر چھپی مواقع نظر آئیں اور بالآخر کاروبار کیلئے لاحق خطرات کو بھی تول لیں تاکہ ان سے نمٹنے کیلئے کاروباری حضرات کے پاس کچھ اچھے بھلے پالیسیوں کی بھرمار ہونا ضروری ہے کہ وہ ان خطرات سے دوچار ہونے سے پہلے پہلے خود کو انکی چنگل سے نکال کر آزاد کردیں وگرنہ کاروبار مارکیٹ میں قدم جما سکے گی نا ہی وہ شخص ایک اچھا کاروباری شخصیت کہلانے کا حقدار قرار پائے گا۔
پھر خیالات نے اس وقت رخ موڑ لیا جب نیشنل انکیوبیشن سینٹر کے منیجر بشیر آغا صاحب نے اپنا آپ ایس ڈبلیو او ٹی تجزیہ کرنے کا ایک مشفقانہ مشورہ دے دیا۔ اور یوں میرے ذہن کی بتی جلا دی کہ کیوں نا ہم انسان ہی خود اپنے آپ کا سوواٹ اینالائز کریں؟ کیوں نا ہم پہلے اپنے گریبان میں جھانک کر اپنے اندر کی دنیا اپنے آپ پیدا کریں؟ اپنے ایسے عادات، صلاحیتوں اور خوبیوں پر نظر رکھیں جو ہمیں کہیں سے کہیں لے کر جانے کی طاقت رکھتے ہیں۔ اندھیروں سے نکال کر روشنی میں لانے کی صلاحیت، زمین سے چاند اور ستاروں کے بیچ پہنچانے والے خوبیاں جنہیں ہم نے یہ سوچ کر دل کی قبرستان میں سپرد خاک کرڈالا ہے کہ لوگ کیا کہیں گے؟ مگر یاد رہیں اپنے خوبیوں کو ابھار کر باہر نکالنے سے کترا جانا بھی آپکی ایک خامی ہے جو کہ اس تجزیے کا دوسرا پہلو ہے۔ لوگوں کی خاطر آپ اچھا بننا چھوڑ دیجئے کہ وہ کیا کہتے ہونگے مگر لوگ تو چاند پہ پہنچ جانے کے بعد بھی خامیاں گنواتے رہے۔ مائیکل ہارٹ نے مجموعی طور پر سو عظیم شخصیات میں سے ایک منظم اسلام حضرت محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو عظمتوں میں سر فہرست ڈال دیا، خدا نے بھی انہیں سب پر فوقیت دی، امام الانبیاء کا لقب دے دی مگران پر بھی لوگ نقطہ چینیوں سے باز نہیں آتے تو ایسی دنیا کی خاطر ہم اپنے خوبیاں کیوں چھپائے جو ہمیں خود آگے لے جانے میں معاون ثابت ہوسکتے ہیں؟
سوواٹ اینالائز میں دوسرا لفظ "ڈبلیو" بڑا ہی کارآمد اور تمام جانوروں سے پرے ایک خاص انسانی صلاحیت ہے جسے بہت کم لوگ ہی کر پاتے ہے جو کہ ہمارے کمزوریاں یا (Weakness) گننے کا نام ہے۔ ہم میں سے ہر کسی کے ساتھ خامیاں، کمزوریاں ضرور ہوا کرتی ہیں جس کی وجہ سے لوگ ہمیں ناپسند کرتے ہیں، جنکی وجہ سے اکثر ہمیں لوگوں کے سامنے اپنا آپ بہت چھوٹا اور نیچا دکھائی دیتا ہے۔ انہیں عادتوں اور خامیوں کی وجہ سے لوگ ہم سے بچ نکلنے کی تگ و دو کرتے رہتے ہیں کیوں نا انہیں خامیوں کو ڈھونڈ نکال کر انہیں خود سے الگ کیا جائے؟ کیوں نا اپنے خامیوں کا تجزیہ کر کے انکو اپنا مضبوطی بنائیں؟ کیوں نا اپنے گریباں میں جھانک کر دوسروں سے پہلے خود پر تنقید کریں۔ مگر جھانکے کون؟ ہمیں تو دوسروں کی خامیوں کی حساب کتاب اور پھر نفرت کرنے سے فرصت ملیں گی تو اپنی خامیاں، کمزوریاں اور دشتی پن جان پہنچیئے۔ کیا خوب لکھا ہے کسی نے:

"نگاہ عیب گیری سے جو دیکھا اہل عالم کو
کوئی کافر، کوئی فاسق، کوئی زندیق اعظم تھا
مگر جب ہو گیا دل احتساب نفس پہ مائل
ہوا ثابت کہ ہر فرزند آدم مجھ سے بہتر تھا"

یقیناً بہت کڑوی مگر سچ بات تو یہی ہے کہ ہر شخص ہم سے کئی گنا بہتر ہوسکتی ہے مگر جب ہم کو اپنے خامیاں نظر آنا شروع ہو جائے گی تو۔ ہم دوسروں پہ انگلی تو اٹھاتے ہیں مگر خود پر اٹھے انگلیوں کو مروڑ کر کچل دینا چاہتے ہیں کیونکہ یہ بھی ہماری خامیوں میں سے ایک بدترین خامی ہے۔ ہمیں خود کو ایک ایسے سانچے میں ڈالنے کی ضرورت ہے جہاں تنقیدیں، عداوتیں اور اپنی طرف اٹھے انگلیاں اپنی بھلائی کا سامان لگنے لگے تب ہی تو ہم ان کمزوریوں کو صحیح معنوں میں سن کر پھر انکا خاتمہ کر سکتے ہیں۔
اس اینالائز میں جب مواقع (Opportunity) کی بات کی جائے تو یہ کہنا بجا ہوگا کہ ہر شخص کیلئے اللہ تعالیٰ نے اسکے حصے کی خوشی، کامیابی موقع اور روشنی پیدا کر کے رکھ ہی دیا ہے مگر شرط لازم ہے کہ اپنے حصے کی تلاش خود کرنی ہے ورنہ ہمارا حصہ ہمیں ملے بغیر ہی ضائع ہو جائے گی اور ہم ہاتھ پہ ہاتھ باندھے زندگی گزار کر اس دیار فانی سے کوچ کر جائینگے۔ کیوں نہ آج ہی اپنے حصے کی، اس پر اسرار موقعے کی تلاش شروع کی جائے جو کہیں نہ کہیں ہمارے اپنے اندر ہی موجود ہے۔ اپنے اندر کی دنیا کو دریافت کرنے کیلئے ہمیں بھی اپنے خوابوں کے پیچھے مستقل ارادے سے جانا چاہیے جیسے پاؤلو کوئیلو کی لکھی گئی کتاب الکیمسٹ میں ایک چرواہا لڑکا سب کچھ چھوڑ کر اپنے خوابوں کے پیچھے بوریا بستر باندھ دیتا ہے اور بالآخر کئی برسوں کی سفر، کامیابیوں، ناکامیوں اور مشکلات کے بعد اپنے منزل کو اپنے ہی اندر اپنے ہی شہر میں واپس آ کر پالیتا ہے۔ اپنی دنیا آپ پیدا کرنا ہے تو ہمیں کھلے آنکھوں خواب دیکھ کر پھر انہیں کو پایہ تکمیل تک پہنچانے کیلئے دوڑ میں نکلنا ہوگا۔
رہی بات خطرات (treats) کی تو انہی کی اندازہ لگا کر ان سے بچتے رہنے میں ہی ہماری عافیت ہے پھر وہ چاہے لوگ ہو جن کے ساتھ بیٹھ کر ہماری ایمان، عزت و آبروں کو ٹھیس پہنچتی ہو۔ یا جگہیں، پیسے، یا اوقات ہو جو ہمارے لئے مشکلات، شرمندگی اور احساس کمتری کی باعث ہوان سب سے دور رہ کر اپنی کامیابی کی منزلیں طے کرنا ہی ایک عقل مند انسان کی نشانیاں ہیں۔ اور ایک اچھے بزنس مین کی طرح ایک اچھے انسان کو بھی اپنا سوواٹ انالائیز کرنا ضروری ہے کہ کہی انسانوں کی اس بھیڑ میں ہم بھی صرف گوشت پوست کے بڑیوں سے بنے انسان نما جانور نا بن جائے جس کے ہونے نا ہونے سے کسی کو کوئی فرق بھی نہیں پڑتا۔

گڈی

پروفیسر محمد عبداللہ بھٹی

نومبر شروع ہو گیا حبس گرمی کی شدت میں کمی آنے کی وجہ سے فضا میں ٹھنڈک کا احساس رچ گیا تھا موسم کی خوشگواریت اور صبح جلدی ہونے کی وجہ سے میں رات بارہ بجے کے بعد اپنے محلے کی خالی سڑکوں پر واک کا لطف اور ذکر الٰہی میں مست خالی سڑک پر تیز قدموں سے چل رہا تھا موسم کی خوشگواریت رات کی خاموشی اور ذکر کی حلاوت سے جذب وشکر کی کیفیت کو انجوائے کرتا ہوا میں تنہا سڑک گردی میں مصروف تھا زیادہ تر مکین نرم وگداز بستروں میں نیندکی دیوی کے مدہوش جھولوں میں غرق تھے بہت کم لوگ اور ٹریفک سڑکوں پر موجود تھی میں خالی سڑکوں پر اپنی ہی دھن میں گم تھا کہ اچانک دور گلی میں ایک رکشہ داخل ہوا جو برق رفتاری سے جھومتا ہوا میری طرف آ رہا تھا رکشے کی برق رفتاری اور جھولتی رفتار سے میں خوفزدہ ہو کر سڑک کے ایک طرف لگ کر کھڑا ہو گیا تاکہ وہ آسانی سے گزر جائے تاکہ میں دوبارہ واک کے عمل کو جاری رکھ سکوں۔ رکشے کی رفتار سے پتہ چل رہا تھا کہ ڈرائیور کسی ایمرجنسی میں تیزی سے کہیں جانے کی کوشش کر رہا ہے اور رکشہ تیزی سے میری طرف آ رہا تھا وہ جیسے ہی میرے قریب آیا جھٹکے سے رک گیا۔ (جاری ہے)

اس اخبار میں شائع ہونے والے تمام مضامین قلم کاروں کی اپنی نکتہ نظریہ ہیں۔ ادارے کا اس سے متفق ہونا لازمی نہیں۔ (ادارہ)



یک نہ شد دو شد۔۔۔

ہے کوئی سوچنے والا؟ (آخری قسط)

تدبّر
سمیع اللہ ملک
samiumalik@hotmail.com

دور کے قابل ترین سائنسدان مسٹر ہاکنگ اس بارے میں کیا کہتے ہیں۔

I do believe in time':Quote
Time travel to the,travel
Time flows like a,future
river and it seems as if
each of us is carried
relentlessly along by
But time is,time's current
.like a river in another way
It flows at different in
different places and that is
the key to travelling into
This idea was,the future
first proposed by Albert
years Einstein over 100
.ago

میں وقت میں، مستقبل میں سفر پر یقین رکھتا ہوں۔ وقت ہم سب کو ساتھ میں لے دریا کی طرح بہتا ہے لیکن یہ ایک اور طرح سے دریا کی طرح بہتا ہے، یہ مختلف جگہوں پہ مختلف رفتار سے بہتا ہے اور یہی وقت میں سفر کی کلید ہے۔ یہ تصور 100 سال پہلے آئن اسٹائن نے دیا۔
مختصر یہ کہ زمان ومکان میں سفر یعنی وقت کو پیچھے چھوڑتے ہوئے آگے بڑھنا فی الحال تھیوری میں قابل عمل جدید سائنسی نظریہ ہے جس پر کسی کو اعتراض نہیں، بس انسان کا مسئلہ اس کی علمی اور عملی استعداد ہے جو کہ فی الوقت محدود ہے۔ یعنی اس سفر کے سائنسی لوازمات کیلئے بے حساب علم اور استعداد کی ضرورت ہے۔ اب اس طرف توجہ دیں کہ اس کائنات کے خالق نے وقت میں سفر کی نہ صرف عملی مثال قائم کی بلکہ اپنے کلام میں اس کا تذکرہ بھی کر دیا۔ یہ مثال 14 سو سال قبل سفر معراج میں عملاً دکھائی گئی۔ یہ واقعہ اس بات کی دلیل ہے کہ ایک سپر سائنس یا سپر علم ہمیشہ سے کائنات میں کارفرما ہے جس کی عملی استعداد لامحدود ہے جو ہر کام کر گزرنے کی لامحدود قوت رکھتی ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:
سُبْحَانَ الَّذِي أَسْرَىٰ بِعَبْدِهِ لَيْلًا مِّنَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ إِلَى الْمَسْجِدِ الْأَقْصَى الَّذِي بَارَكْنَا حَوْلَهُ لِنُرِيَهُ مِنْ آيَاتِنَا ۚ إِنَّهُ هُوَ السَّمِيعُ الْبَصِيرُ
پاک ہے وہ ذات جو اپنے بندے کو راتوں رات لے گئی مسجد حرام سے مسجد اقصیٰ تک جس کے ماحول کو اس نے برکت دی ہے تاکہ اسے اپنی نشانیوں کا مشاہدہ کرائے۔ وہی ہے سب کچھ سننے اور دیکھنے والا۔ (بنی اسرائیل، آیت 1)
جہاں تک معراج کی فضائی سفر کی تمام تر مشکلات کی بات ہے آج انسان علم کی قوت سے ان پر قابو حاصل کر چکا ہے اور سوائے زمانے کی مشکل کے باقی تمام مشکلات حل ہو چکی ہیں اور زمانے والی مشکل بھی بہت دور کے سفر سے مربوط ہے۔ مسئلہ معراج جو کہ خود اسلام کے مطابق ایک معجزہ ہے جو کہ اللہ کی لامتناہی قدرت وطاقت کے ذریعے ممکن ہوتا ہے اور انبیاء کے تمام معجزات اسی قسم کے تھے۔ جب انسان یہ طاقت رکھتا ہے کہ سائنسی ترقی کی بنیاد پر ایسی چیزیں بنالے کہ جو زمینی مرکز ثقل سے باہر نکل سکتی ہیں، ایسی چیزیں تیار کرلے کہ فضائے زمین سے باہر کی ہولناک شعاعیں ان پر اثر نہ کرسکیں اور مشق کے ذریعے بے وزنی کی کیفیت میں رہنے کی عادت پیدا کرلے۔ جب انسان اپنی محدود قوت کے ذریعے یہ کام کرسکتا ہے تو پھر کیا اللہ اپنی لامحدود طاقت کے ذریعے یہ کام نہیں کرسکتا؟ چنانچہ ارشاد باری تعالیٰ ہے۔
وَمَا أَمْرُنَا إِلَّا وَاحِدَةٌ كَلَمْحٍ بِالْبَصَرِ القمر:50
"اور ہمارا حکم ایسا ہے جیسے ایک پلک جھپک جانا"۔
سائنسدان جانتے ہیں کہ ایٹم کے بھی 100 چھوٹے چھوٹے ذرات ہیں، ان میں سے ایک نیوٹرینو ہے جو تمام کائنات کے مادے میں سے بغیر ٹکرائے گزر جاتا ہے، مادہ اس کیلئے مزاحمت پیدا نہیں کرتا اور نہ ہی وہ کسی مادی شے سے رگڑ کھاتا ہے، وہ بہت چھوٹا ذرہ ہے اور نہ ہی وہ رگڑ سے جلتا ہے کیونکہ رگڑ تو مادے کی اس صورت میں پیدا ہوگی جبکہ وہ کم ازکم ایٹم کی کمیت کا ہوگا۔ (سرن لیبارٹری میں تحقیق کرنے والے سائنس دانوں نے بھی 23 ستمبر 2011 کو اپنے تجربات کے بعد یہ اعتراف کیا تھا کہ نیوٹرینو کی رفتار روشنی کی رفتار سے بھی زیادہ ہے)
روایت کے مطابق جبرائیل علیہ السلام نے آپ ﷺ کو براق پر سوار کیا۔ براق، برق سے نکلا ہے، جس کے معنی بجلی ہیں، جس کی رفتار 186000 میل فی سیکنڈ ہے۔ اگر کوئی آدمی وقت کے گھوڑے پر سوار ہوجائے تو وقت اس کیلئے ٹھہر جاتا ہے یعنی اگر آپ 186000 میل فی سیکنڈ کی رفتار سے چلیں تو وقت رک جاتا ہے کیونکہ وقت کی رفتار بھی یہی ہے۔ وقت گر جائے گا کیونکہ وقت اور فاصلہ مادے کی چوتھی جہت ہے اس لیے جو شخص اس چوتھی جہت پر قابو پالیتا ہے کائنات اس کیلئے ایک نقطہ بن جاتی ہے۔ وقت رک جاتا ہے کیونکہ جس رفتار سے وقت چل رہا ہے وہ آدمی بھی اسی رفتار سے چل رہا ہے حالانکہ وہ آدمی اپنے آپ کو چلتا ہوا محسوس کرے گا لیکن کائنات اس کیلئے وہیں تھم جاتی ہے جب اس نے وقت اور فاصلے کو اپنے قابو میں کر لیا ہو اس کیلئے چاہے سینکڑوں برس اس حالت میں گزر جائیں لیکن وقت رکا رہے گا اور جوں ہی وہ وقت کے گھوڑے سے اترے گا وقت کی گھڑی پھر سے ٹک ٹک شروع کردے گی، وہ آدمی چاہے پوری کائنات کی سیر کر کے آجائے، بستر گرم ہوگا، کنڈی ہل رہی ہوگی اور پانی چل رہا ہوگا۔
اللہ جل جلالہ کی قدرتیں لاانتہا ہیں، وہ ہر بات پر قادر ہے کہ رات کو جب تک چاہے روکے رکھے، اگر وہ روکے تو کوئی اس کی ذات پاک کے سوا نہیں جو دن نکال سکے۔
قُلْ أَرَأَيْتُمْ إِن جَعَلَ اللَّهُ عَلَيْكُمُ اللَّيْلَ سَرْمَدًا إِلَىٰ يَوْمِ الْقِيَامَةِ مَنْ إِلَٰهٌ غَيْرُ اللَّهِ يَأْتِيكُم بِضِيَاءٍ ۖ أَفَلَا تَسْمَعُونَ قُلْ أَرَأَيْتُمْ إِن جَعَلَ اللَّهُ عَلَيْكُمُ النَّهَارَ سَرْمَدًا إِلَىٰ يَوْمِ الْقِيَامَةِ مَنْ إِلَٰهٌ غَيْرُ اللَّهِ يَأْتِيكُم بِلَيْلٍ تَسْكُنُونَ فِيهِ ۖ أَفَلَا تُبْصِرُونَ
آپ کہیے کہ بھلا یہ تو بتاؤ کہ اللہ تعالیٰ اگر قیامت تک تم پر رات کو مسلط کردے تو اس کے سوا کون روشنی لاسکتا ہے؟ آپ کہیے کہ بھلا یہ تو بتاؤ کہ اگر اللہ چاہے تو قیامت تک تم پر دن ہی دن رہنے دے تو اس کے سوا کون رات لاسکتا ہے، جس میں تم آرام پاؤ تو کیا تم دیکھتے نہیں؟
القصص:71-72 تو حق تعالیٰ کو پوری قدرت ہے وہ اگر چاہے تو وقت کو روک سکتا ہے۔
ہمارا روزمرہ کا مشاہدہ ہے کہ ایک گھر میں بیک وقت بلب جل رہے ہیں، پنکھے (سیلنگ فین) سے ہوا صاف ہورہی ہے، ریڈیو سنا جارہا ہے، ٹیلی وژن دیکھا جارہا ہے، ٹیلی فون پر گفتگو ہورہی ہے، فریج میں کھانے کی چیزیں محفوظ کی جارہی ہیں، ائیر کنڈیشنڈ سے کمرہ ٹھنڈا ہورہا ہے، ٹیپ ریکارڈر پر مختلف پروگرام ٹیپ ہورہے ہیں، گرائنڈر میں مسالے پس رہے ہیں، استری سے کپڑوں کی شکنیں دور ہورہی ہیں، سی ڈی پلیئرز پر فلمیں دیکھی جارہی ہیں، وغیرہ وغیرہ۔ کسی نے بڑھ کر مین سوئچ آف کردیا، پھر کیا تھا لمحوں میں ہر چیز نے کام کرنا بند کردیا۔ معلوم ہوا یہ تمام کرنٹ کی کارفرمائی تھی۔ یہی حال کارخانوں کا ہے۔ کپڑا اور دیگر اشیاء تیار ہورہی ہیں، جیسے ہی بجلی غائب ہوئی، سب کچھ رک گیا، جونہی کرنٹ آیا ہر چیز پھر سے کام کرنے لگی۔ آج کا انسان ان روزمرہ کے مشاہدات کے پیش نظر واقعہ معراج کی روایات کی صداقت کا ادراک کرسکتا ہے۔ روایتیں ملتی ہیں کہ سرور کائنات ﷺ جب سفر معراج سے واپس تشریف لائے تو بستر کی گرمی اسی طرح باقی تھی، وضو کا پانی ہنوز بہہ رہا تھا، کنڈی ابھی ہل رہی تھی۔ چودہ سو سال پہلے اس پر یقین لانا ناممکنات میں سے تھا لیکن آج یہ بات آسانی سے سمجھ میں آسکتی ہے۔ کرنٹ کی مثال سے یہ سمجھا جاسکتا ہے، اس پر قابو پالینے سے کیسے ہر کام معطل ہوسکتا ہے۔ اسی طرح وقت پر قابو پالیا جائے تو ہر چیز ٹھہر جاتی ہے۔ ممکن ہے معراج کی شب نظام زمان ومکان معطل کر دیا گیا ہو، وقت رک گیا ہو۔ کیا یہ خالق کائنات، نظام زمان ومکان کے مالک کیلئے کچھ مشکل تھا؟ پھر جب انسانی صنعت سے خلائی جہاز چاند، زہرہ اور مریخ تک پہنچ سکتے ہیں تو ربانی طاقت اور لاانتہا قدرت رکھنے والے کے حکم سے کیا اس کے رسول ﷺ شب معراج میں آسمانوں کو طے کر کے سدرۃ المنتہیٰ تک نہیں پہنچ سکتے؟ ہے کوئی سوچنے والا؟
یہ جدید ذہن کے عقلی اشکالات کے جواب میں معراج کی حکمت عقلی توجیہات تھیں کہ آج کے دور میں ایسے معاملات کو سمجھنا مشکل نہیں اور ایسے امثال کا ہونا محال یا ناممکن نہیں کہا جاسکتا ورنہ مذہبی عقائد مشاہدات کا نہیں ایمان بالغیب کا تقاضہ کرتے ہیں۔ یہ مسئلہ خالص یقین واعتقاد کا ہے، جب توحید ورسالت مستند ذرائع سے ثابت ہوجائے تو پھر ان پر ایمان لانا اور اس کی حقیقت وکیفیت کو علم الٰہی کے سپرد کردینا ہی عین عبادت ہے۔ یہ لازمی نہیں ہوتا کہ ایک مافوق الفطرت کی ہر بات فطرت کے مطابق بھی ہو اس لیے ایمان کا حکم پہلے ہے۔ نبوت، وحی اور معجزوں کے تمام معاملات احاطہ عقل وقیاس سے باہر کی چیزیں ہیں جو شخص ان چیزوں کو قیاس کے تابع اور اپنی عقل وفہم پر موقوف رکھے اور کہے کہ یہ چیز جب تک عقل میں نہ آئے، میں اس کو نہیں مانوں گا، تو سمجھنا چاہیے کہ وہ شخص ایمان کے اپنے حصہ سے محروم رہا۔ اللہ رب العزت ہمارے دلوں پر دین پر جمائے رکھے۔

کیوں اعتبار نہیں؟ (آخری قسط)

ممتاز ملک۔ پیرس

کی کوئی چیز اس کو بتائے بغیر اٹھا کر اپنے کسی دوست یا عزیز یا اسکے بچے کو دی ہے؟
یہ سب باتیں اور اس جیسی ہی دوسری مختلف باتیں جنہیں آپ شاید معمولی سمجھ سکتے ہوں یا آپ کے لیئے کوئی اہمیت ہی نہ رکھتی ہوں لیکن ایک بچہ جو ابھی کچھ ہی عرصہ پہلے دنیا میں آیا ہے اس کا ہر حرکت اور ہر لمحہ صرف آپ پر انحصار کرتا ہے۔ جس کے لیئے دنیا کی ہر بات ہر چیز نئی ہے۔ ہر کام اس کے لیئے پہلی بار ہو رہا ہے۔ جس کی دنیا ہی صرف آپ ہیں۔ اس کے لیئے یہ سوالات اس نتیجے پر پہنچنے والا امتحانی پرچہ ہیں۔ جو اس بات کا فیصلہ کرتے ہیں کہ آپ اس کے لیئے قابل اعتبار ہیں یا نہیں ہیں۔
آپ اسے اپنے محافظ محسوس ہونگے یا پھر غاصب۔ اس کا نتیجہ بہرحال دو ہی صورتوں میں سامنے آیا ہے یا پاس یا فیل۔ تیسری کوئی صورت ممکن ہی نہیں ہے۔ آپ کا والدین بنتا ہی آپ کو اس امتحان گاہ میں بٹھانے کا آغاز ہوا کرتا ہے۔ یہ امتحان کم از کم 18 سال پر محیط ہونے جارہا ہے۔ اس وقت کو بہت سوچ سمجھ کر استعمال کیجئے۔ یہ وقت آپ کے اور آپ کے بچے کے بیچ پل بنتے جارہا ہے۔ اور آپ کبھی نہیں چاہیں گے کہ یہ پل اتنا کمزور ہو کہ اس پر پاؤں رکھتے ہوئے آپ کا دل دہلتا رہے کہ اب ٹوٹا کہ کب ٹوٹا۔
اگر آپ چاہتے ہیں کہ آپ کا بچہ آپ پر اعتبار کرے تو خود کو قابل اعتبار ثابت کیجئے۔ کیسے؟ وہ ایسے کہ بچے کے پیدا ہوتے ہیں اس کے وجود کو اور اس بات کو تسلیم کیجئے کہ اسکی اپنی ایک مکمل شخصیت، سوچ اور ذات ہے۔ اس کی پرورش آپ کا فرض اور اس بچے کا آپ پر پہلا حق ہے۔ آپ اپنی استطاعت کے مطابق اسے زندگی کی حقیقتوں سے روشناس کراتے ہوئے پروان چڑھایئے۔ اس سے بھی کوئی وعدہ اپنی ہمت سے بڑھ کر مت کیجئے۔ اسے حفاظت دیجئے لیکن اسے کاغذ کی کشتی مت بنایئے جو پانی کے دھاروں میں ہی ملیامیٹ ہو جائے۔ اسے سخت جان بنایئے یہ بات سمجھاتے ہوئے کہ میرے اس عمل سے تمہیں گزارنے کے پیچھے کیا حکمت کارفرما ہے۔
اپنی مالی حالت کو بچوں کے سامنے بڑھا چڑھا کر پیش کرنے سے گریز کیجئے۔ جو ہے اس میں خوش رہنا سکھایئے۔ ان کی کوئی بھی بات راز یا چیز جو آپ کے پاس ہے اسے اس کی امانت سمجھ کر ایمانداری کیساتھ محفوظ رکھیئے۔ اس سے پوچھے بنا بلکہ اس کی رضامندی کے بنا اس کی کوئی چیز اس کے ہی کسی بہن بھائی کو بھی مت دیجیئے۔ اپنے بہن بھائیوں اور دوستوں کے بچوں کو بار بار اس کے سامنے رول ماڈل بنا کر اسکے سامنے پیش کرنے سے اجتناب برتیں کیونکہ آپ اصل میں ان کا وہی روپ دیکھ رہے ہیں جو وہ آپ کے سامنے پیش کرنا چاہ رہے ہیں جبکہ ہوسکتا ہے آپ کا بچہ اس کے ہم عمر ہونے یا دوست ہونے کے سبب وہ اصلیت جانتا ہو جس کے بارے میں آپ سوچ بھی نہ سکتے ہوں۔
اس لیئے آپ کا اسکے ساتھ اپنے بچے کا تقابل آپ کے بچے کے سامنے آپ کی ہی سمجھداری پر سوالیہ نشان بنا دیتا ہے اور وہ آپ کی صلاح لینا غیر محفوظ سمجھتا ہے۔ اس کی چیزیں اس کی مرضی کے بغیر کسی کو دینا بھی اسی زمرے میں آتا ہے کہ آپ اس کی حفاظت کے قابل بھی نہیں ہیں۔ یہی وجوہات ہیں جس کے سبب اس عمر کے بچے اپنے والدین سے خائف رہتے ہیں یا پھر ان سے اپنے معاملات بانٹنا پسند نہیں کرتے۔ اسی لیئے کہتے ہیں کہ ویسے تو ہر رشتے میں خود پر اعتبار جیتنا پڑتا ہے اور خاص طور پر اپنے بچوں کا اعتبار جیتنا ہی آپ کی اصل کامیابی ہے۔

شال بقیہ 1
سمیت صوبے بھر کی سیکیورٹی پلان کا جائزہ لے کر اس سر نو مرتب کیا جائے گا۔وزیر اعلیٰ نے کہا کہ عوام کی جان و مال کا تحفظ ہماری اولین ترجیح ہے اور صوبے میں امن وامان کے قیام میں کوئی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی عوام کے تحفظ کے لیے امن وامان کی بہتر صورتحال ناگزیر ہے جس کا ہمیں ادراک ہے۔انہوں نے کہا کہ امن وامان کے قیام کے لیے ترجیحی بنیادوں پر ٹھوس اقدامات کئے جائیں گے۔دریں اثناء وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے خاران میں ہونے والے بم دھماکے کی مذمت کرتے ہوئے تحقیقات کا حکم دیا ہے۔وزیر اعلیٰ نے دہشت گردی کی اس کارروائی میں بے گناہ افراد کے زخمی ہونے پر دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ملک دشمن عناصر صوبے کا امن خراب کرنا چاہتے ہیں۔لیکن صوبے کی باہمت عوام ایسی بزدلانہ کارروائیوں سے خائف نہیں ہوں گے اور دہشت گردی کی عفریت کے خاتمے کے لیے ہمہ وقت اپنے سیکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑے رہیں گے۔وزیر اعلیٰ نے ہدایت کی کہ دھماکے کے زخمیوں کو علاج معالجے کی بہترین سہولیات فراہم کی جائیں۔دریں اثناء وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے ایک ماہ بعد پاک افغان حکام کی دو طرفہ ملاقات کے بعد باب دوستی چمن بارڈر دوبارہ کھلنے کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ باب دوستی بارڈر کھلنے سے پاک افغان دو طرفہ تجارت کو فروغ ملے گا اور خصوصاً چمن شہر میں معاشی سرگرمیوں میں اضافہ ہوگا۔وزیر اعلیٰ نے کہا کہ بارڈر کے دونوں جانب کی عوام کی آزادانہ نقل وحمل سے دونوں جانب کے لوگ استفادہ کریں گے۔وزیر اعلیٰ نے بارڈر کھلنے کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے معاشی اور اقتصادی سرگرمیوں کے دوبارہ شروع ہونے پر مسرت کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ سرحدی علاقوں کی معیشت میں بارڈر کا کردار اہم ہے اور باب دوستی چمن بارڈر کے ایک بار پھر کھلنے سے دو طرفہ تجارتی سرگرمیوں میں اضافہ ہوگا۔

شال بقیہ 2
لوڈشیڈنگ کے خاتمے، مکران ڈویژن کو قومی گرڈ سے منسلک کرنے تک ایران سے بجلی کی بلاتعطل فراہمی، صوبے کے سرحدی علاقوں میں نوجوانوں کو روزگار کے مواقع فراہم کرنے کی ضرورت پر زور دیا ،انہوں وزیر اعظم کی توجہ وفاقی پی ایس ڈی پی میں شامل بلوچستان کے منصوبوں پر عملدرآمد مزید تیز کرنے اور فنڈز کے بروقت اجراء کو یقینی بنانے کی جانب مبذول کروائی جس پر دونوں رہنماؤں کے درمیان وفاقی پی ایس ڈی پی پر عملدرآمد کو تیز بنانے بنانے کے لئے ٹاسک فورس کے قیام ،پلاننگ کمیشن میں بلوچستان کا نمائندہ تعینات کرنے پر اتفاق کیا گیا،وزیر اعلیٰ نے وزیر اعظم کو فنڈز کی کمی سے متعلق آگاہ کرتے ہوئے صوبے کے لئے این ایف سی ایوارڈ سے ہٹ کر خصوصی مالیاتی پیکج دینے کی درخواست بھی کی اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے وزیر اعظم عمران خان نے کہا کہ وفاقی حکومت بلوچستان کے پسماندہ علاقوں کی ترقی کے لئے ہر ممکن وسائل کی فراہمی یقینی بنائے گی انہوں نے صوبے میں جاری میگا منصوبوں کو مقررہ مدت میں مکمل کرنے اور مکمل تعاون کی یقین دہانی کروائی اس موقع پر صوبے میں ہیلتھ کارڈ کے اجراء ،میں وفاق کی جانب سے 50 فیصد حصہ ڈالنے پر اتفاق کیا گیا دونوں رہنماؤں نے اس بات پر بھی اتفاق کیا کہ پاکستان تحریک انصاف اور بلوچستان عوامی پارٹی ایک دوسرے کے ساتھ صوبے کی ترقی اور سیاسی معاملات میں تعاون جاری رکھیں گی اور بلوچستان کی ترقی میں صوبائی حکومت کو وفاق کا مکمل تعاون حاصل رہے گا واضح رہے کہ میر عبدالقدوس بزنجو کے وزیر اعلیٰ بلوچستان بننے کے بعد وزیر اعظم عمران خان سے یہ پہلی ملاقات تھی وزیر اعظم نے وزیر اعلیٰ بلوچستان کو منتخب ہونے پر مبارکباد پیش کی۔

شال بقیہ 3
میں بھی، جام کمال خان نے کہا کہ بلوچستان کی ترقی کا بہت انحصار اس کے پی ایس ڈی پی پر ہے، الحمد اللہ گزشتہ تین سالوں سے ہم اسے کامیابی سے انجام دے رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ جاری اور نئے ترقیاتی کاموں کو بند نہ کیا جائے کیونکہ حکومت نجی کمپنیوں کی طرح کام نہیں کرتی اور میرا یہ زور مشورہ ہے کہ تمام کام دوبارہ شروع کیے جائیں۔

شال بقیہ 4
کا ہدف سیکیورٹی فورسز کی گاڑی تھی جس کے جائے وقوعہ سے گزرنے کے بعد واقعہ پیش آیا،واقعہ کے بعد پولیس اور سیکورٹی فورسز کی بھاری نفری جائے وقوعہ پر پہنچ گئی اور شواہد اکھٹے کرلئے واقعہ کا مقدمہ سی ٹی ڈی تھانہ رخشان میں درج کر کے تحقیقات شروع کردی گئیں مزید کارروائی جاری ہے۔دریں اثناء کمشنر رخشان ڈویژن سعید عمرانی ڈپٹی کمشنر خاران ڈاکٹر خدائے رحیم میروانی ڈی آئی جی رخشان رینج نذیر احمد کرد نے دھماکے کی جگہ کا معائنہ کیا اور ہیڈکوارٹر سول ہسپتال میں زخمیوں کی عیادت کی جبکہ پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے آفیسرز کے کوآرڈینیٹر سابق وفاقی وزیر جنرل ریٹائرڈ عبدالقادر بلوچ، بی این پی مینگل کے رہنما حاجی سمیع اللہ بلوچ، چیف جسٹس کے سربراہ چیف احسان احمد ملنگزئی ودیگر سیاسی سماجی رہنماؤں نے سول ہسپتال میں دھماکے سے زخمیوں کی عیادت کی پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے کوآرڈینیٹر جنرل ریٹائرڈ عبدالقادر بلوچ نے بم دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ شرپسند عناصر ملک کی ترقی وخوشحالی نہیں چاہتے ہیں وہ بم دھماکہ کرکے غریب شہریوں کو نقصان پہنچا رہے ہیں خاران بم دھماکے میں غریب محنت کش مزدور اور راہگیر بڑی تعداد میں زخمی ہوگئے ہیں جو قابل افسوس عمل ہے۔

شال بقیہ 5
کے بعد کامیابی حاصل کی اور برسر اقتدار آکر بلوچستان کے سلگتے ہوئے مسائل صوبے کی پسماندگی اور عوام میں پائے جانے والے احساس محرومی کو دور کرنے کے لئے اقدامات اٹھائے موجودہ صورتحال کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے پارٹی کو مزید فعال اور مضبوط بنانے کے لئے پارٹی کے بانی مرکزی قائدین اور سینئر نمائندے ورکروں کے ساتھ بیٹھ کر معاملات کو بہتر بنانے کے لئے گفت وشنید کے ذریعے آگے بڑھیں گے انہوں نے کہا کہ پارٹی میں اختلاف رائے رکھنا ہر ایک کا حق ہے لیکن پارٹی کے فیصلوں پر تنقید اصلاح کی غرض سے کی جائے تاکہ جو لوگ تنقید یا اختلاف رائے رکھتے ہیں پارٹی کی قیادت اور سینئر رہنماؤں کو اس کا بخوبی جائزہ لینا چاہئے کہ اختلاف رائے اور تنقید کس بنیاد پر ہوری ہے تاکہ ان ایشوز کو دور کرکے گفت وشنید کے ذریعے صورتحال کو بہتر بنایا جائے اور تنقید برائے اصلاح پر عمل پیرا ہوکر معاملات کو بہتری کی جانب لے جایا جائے۔انہوں نے کہا کہ تمام پارٹی کی مرکزی ،صوبائی عہدیداروں اور کارکنوں ایک پلیٹ فارم پر متحد ہیں اور ہم مل کر بات چیت کے ذریعے ہی چیزوں کو حل کریں گے تاکہ بلوچستان عوامی پارٹی کو جس مقصد کے لئے بنایا گیا تھا اس مقصد کو پایہ تکمیل تک پہنچایا جاسکے۔اور بی اے پی کو بلوچستان سمیت ملک بھر میں مزید مضبوط اور فعال بنایا جاسکے۔ اس موقع پر پارٹی کے مرکزی چیف آرگنائزر و منتخب اسپیکر بلوچستان اسمبلی میر جان محمد جمالی کی جلد صحت یابی کے لئے دعا کی گئی اور نیاز تقسیم کی گئی۔

شال بقیہ 6
کہ افغان حکام نے گیٹ کے سامنے لگائے گئے سیمنٹ کے بلاکس ہٹا دیے ہیں اور کسٹم کے دیگر اہلکاروں کو بھی ڈیوٹی پر واپس بلوا لیا گیا ہے کیوں کہ ہمیں افغانستان کے ساتھ تجارتی آپریشن دوبارہ شروع کرنے کے احکامات ملے ہیں۔افغانستان میں تعینات پاکستانی سفیر منصور احمد خان نے پیر کے روز ڈان ڈاٹ کام سے بات کرتے ہوئے کہا کہ سرحدی حکام کے اجلاس کے نتیجے میں افغانستان اور پاکستان نے کل سے چمن ۔ بولدک سرحدی گزرگاہ کھولنے کا فیصلہ کیا ہے۔انہوں نے مزید کہا تھا کہ دونوں فریقین اس اہم سرحدی کراسنگ پر ہموار کارروائیوں کو یقینی بنانے کے منتظر ہیں۔سفیر نے بتایا کہ انہوں نے حال ہی میں افغان وزیر خارجہ امیر خان متقی سے ملاقات کی تھی اور دیگر امور کے علاوہ جلد از جلد چمن ۔ بولدک کراسنگ کھولنے کی ضرورت پر تبادلہ خیال کیا تھا تاکہ لوگوں کی سرحد پار نقل وحرکت اور دونوں جانب تجارتی گاڑیوں کی سہولت کو یقینی بنایا جائے ،خاص طور پر اس لیے کہ یہ افغانستان میں پھلوں کی کٹائی کا موسم تھا۔طالبان حکومت کے نائب ترجمان بلال کریمی نے بھی ڈان ڈاٹ کام کو تصدیق کی کہ دونوں فریق اس بات پر متفق ہوگئے ہیں کہ مسافروں کو مشکلات کا سامنا نہیں ہونا چاہیے۔ایک آڈیو پیغام میں انہوں نے کہا کہ اسی طرح چمن ۔ اسپین بولدک کے راستے درآمدات اور برآمدات بغیر کسی رکاوٹ کے جاری رہنی چاہئیں۔ان کا کہنا تھا کہ دونوں فریقین نے اس بات پر بھی اتفاق کیا ہے کہ ٹرانزٹ ٹریڈ میں کوئی مسئلہ نہیں ہونا چاہیے،ہم نے اس معاملے پر بات چیت کی ہے اور مجھے یقین ہے کہ اس کا مستقل حل نکال لیا جائے گا۔خیال رہے کہ طالبان نے یہ دعویٰ کرتے ہوئے بلوچستان میں افغانستان سے ملحقہ سرحد 5 اکتوبر کو بند کردی تھی کہ سرحد پر تاجروں، مریضوں اور مسافروں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے لیکن پاکستان اسے حل نہیں کرنا چاہتا۔

شال بقیہ 7
کہا کہ ہماری کوشش تو یہی ہے کہ عوام کو ریلیف فراہم کرکے ان کے مسائل میں کمی لائی جائے تاکہ عام آدمی دو وقت کی روٹی کے ساتھ ساتھ اپنے بچوں کو پڑھا سکے اور عزت کے ساتھ انہیں دو وقت کی روٹی مل سکے بلوچستان میں حکومت کی تبدیلی کا مقصد فقط ٹھیکیداروں کو نہیں بلکہ عام لوگوں کو ریلیف دینا ہے کیونکہ لوگ بے روزگاری سے تنگ آکر نوجوان خودکشیاں کرنے پر مجبور ہے حکومت سازی میں ایک ہفتہ لگے گا کوشش ہے کہ بہتر حکومت بنائیں کیونکہ عوام نے جس طرح نیک خواہشات اور ہمیں خوش آمدید کہا ہے ہم بھی ان کی امیدوں پر پورا اتر سکے۔

شال بقیہ 8
عوام حکومت اور پاک فوج کے دہشتگردی کے خلاف ہمارے عزائم کو کمزور نہیں کرسکتا،حاجی نورمحمد خان دمڑ نے کہا کہ دہشت گردوں کو جلد انصاف کے کٹہرے میں لایا جائے گا۔انہوں نے کہا کہ دشمن نہیں چاہتا بلوچستان میں امن قائم ہو مگر ہم دشمن کے ناپاک عزائم کو ناکام بنادیں گیا اور بلوچستان خطے کا اہم صوبہ بنتے جارہا حاجی نورمحمد خان دمڑ نے کہا کہ صوبے دہشت گردی کی حالیہ لہر میں ملوث دہشت گردوں کو پوری قوت سے کچل دیکھے حکومت اور سیکورٹی ادارے صوبے میں امن وامان خراب کرنے اور بے گناہ معصوم لوگوں کو نشانہ بنانے والے دہشت گردوں کو انکے انجام تک پہنچانے کیلئے دہشت گردوں کے خلاف جنگ جاری رہے گا انہوں نے کہا کہ صوبے میں قیام امن کیلئے صوبائی حکومت اور سیکورٹی فورسز تمام تر اقدامات کررہے ہیں۔

شال بقیہ 9
سنجرانی نے متعلقہ اداروں کو زخمیوں کو بہترین طبی سہولیات کی فراہمی کی ہدایات بھی کی۔ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سینیٹر مرزا محمد آفریدی، قائد ایوان سینیٹ سینیٹر ڈاکٹر شہزاد وسیم اور قائد حزب اختلاف سینیٹ سینیٹر سید یوسف رضا گیلانی نے بھی بلوچستان کے علاقے خاران میں دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے۔

شال بقیہ 10
استعمال سے قابو پایا جاسکتا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے منگل کے روز گورنر ہاؤس کوئٹہ میں بلوچستان صوبائی اسمبلی کے قائم مقام اسپیکر سردار بابر خان موسیٰ خیل سے ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کیا،اس موقع پر گورنر بلوچستان سید ظہور احمد آغا نے صوبے بھر میں وفاق اور صوبائی حکومت کی جانب سے جاری ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل کی اہمیت وافادیت کو بیان کرتے ہوئے کہا کہ اگر کوئی ترقیاتی منصوبہ مقررہ وقت پر مکمل نہ کیا جائے تو ایک طرف عوامی مسائل ومشکلات طویل ہوجاتی ہیں تو دوسری جانب منصوبے کے اخراجات میں کئی گنا اضافہ بھی ہوجاتا ہے۔گورنر بلوچستان نے کہا کہ عوامی فلاح و بہبود کے حوالے سے غیر سرکاری اداروں کا کردار بھی بہت اہم ہے لہٰذا ہمیں پوری توجہ عوام کو درپیش مشکلات کا سنجیدہ حل ڈھونڈنے پر مرکوز رکھنی چاہیے۔

شال بقیہ 11
عہدیدار نے نام ظاہر نہ کرنے کی شرط پر بتایا کہ کابل کے ہسپتالوں میں 19 لاشوں اور تقریباً 50 زخمیوں کو منتقل کیا گیا۔قبل ازیں وزارت داخلہ کے ترجمان قاری سعید خوستی کا کہنا تھا کہ دھماکے 400 بستروں پر مشتمل سردار محمد داؤد خان ہسپتال میں ہوئے۔انہوں نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ پر ٹوئٹ میں کہا کہ سیکیورٹی فورسز کو علاقے میں تعینات کردیا ہے، جانی نقصان سے متعلق کوئی اطلاع نہیں ۔مقامی افراد کی جانب سے ٹیوٹر کی جانے والی تصاویر میں وسطی کابل کے سابق سفارتی زون کے قریب وزیر اکبر خان علاقے سے دھواں اٹھتے ہوئے دیکھا گیا۔ہسپتال کے ڈاکٹر نے بتایا کہ میں ہسپتال کے اندر ہوں، میں نے پہلے چیک پوائنٹ سے زوردار دھماکے کی آواز سنی جس کے بعد ہمیں محفوظ کمروں میں جانے کا کہنا گیا۔میں نے فائرنگ کی آواز بھی سنی۔ابتدائی طور پر حملے کی ذمہ داری کسی نے قبول نہیں کی لیکن سرکاری نیوز ایجنسی نے عینی شاہدین کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ دہشت گرد تنظیم 'داعش' کے متعدد جنگجو ہسپتال میں داخل ہوئے اور ان کی سیکیورٹی فورسز کے ساتھ جھڑپ ہوئی۔زخمی طالبان جنگجوؤں اور سابق افغان سیکیورٹی فورسز کے زخمی اہلکاروں کا علاج کرنے والے ہسپتال میں 2017 میں بھی حملہ کیا گیا تھا اور طبی اہلکاروں کے بھیس میں آنے والے مسلح افراد نے کم از کم 30 افراد کو ہلاک کردیا تھا۔

شال بقیہ 12
میٹنگ کے نوٹس کے معاملہ پر غور کیا گیا۔وزیر اعظم نے آئندہ پیشی پر وزراء کو اعظم سواتی اور فواد چوہدری کے ہمراہ الیکشن کمیشن جانے کی ہدایت کی ۔وزیر اعظم نے کہا کہ اصلاحات لانا آسان نہیں مشکلات کا مل کر سامنا کریں گے۔ ذرائع کے مطابق وفاقی کابینہ کے اجلاس میں متعدد ایجنڈا آئٹمز کی منظوری دیدی گئی۔

شال بقیہ 13
جیسے جیسے امدادی سامان موصول ہورہا ہے اور اسکو بروقت تقسیم کیا جارہا ہے اور تقسیم کار کے اس عمل سے ضلع کی بیشتر آبادی کو سامان مہیا کیا جاچکا ہے۔لیکن اب تک کچھ علاقہ جات تک سامان نہ پہنچ سکا ہے۔لہذا وہ اپنی باری آنے کا انتظار کریں اور کسی قسم کے احتجاج اور راستہ بند کرنے کے عمل سے گریز کریں۔ڈپٹی کمشنر ہرنائی سہیل انور ہاشمی نے مزید کہا کہ خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لاکر انکا امدادی سامان اور معاوضہ روک دیا جائے گا۔

شال بقیہ 14
27 نومبر تک جاری رہے والی ورکشاپ میں ارکان قومی وصوبائی اسمبلی ،میڈیا ،بیوروکریسی سمیت مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے 85 افراد شریک ہیں ورکشاپ کے پہلے دن کشمیر کمیٹی کے چیئرمین شہریار آفریدی، سابق صدر آزاد جموں وکشمیر سردار مسعود خان، اور سابق سفیر آصف درانی نے شرکاء کو کشمیر تنازعہ اور اسکے مستقبل کے حوالے سے لیکچر دیئے ورکشاپ کے دوران شرکاء کو نیشنل سیکورٹی مینجمنٹ سسٹم، پرکاشن مینجمنٹ، پاکستان کو درپیش مقامی اور خطے کے مسائل کے حوالے سے آگاہ کیا جائیگا نیشنل سیکورٹی ورکشاپ بلوچستان چیف آف آرمی سٹاف جنرل قمر جاوید باجوہ کی ہدایت پر بلوچستان کی اہمیت اور اسکے قومی ترقی میں کردار کو آگاہ کرنے کے لئے منعقد کی جاری ہے دوران ورکشاپ معروف اسکالرز ،سفارتکار، ٹیکنوکریٹ شرکاء کو لیکچرز دیں گے جبکہ شرکاء ملکی سیاسی اور عسکری قیادت سے بھی ملاقاتیں اور بات چیت کریں گے۔

شال بقیہ 15
عالمی سطح پر تنہائی ہے۔انہوں نے کہا کہ انتہا پسند جماعتوں کی سیاست میں شرکت محدود ہوتی ہے۔انہوں نے کہا کہ ایک وقت تھا جب تحریک کالعدم ٹی ایل پی سے زیادہ پرتشدد تھی۔وفاقی وزیر نے کہا کہ وقت کے ساتھ ایسی جماعت کا خاتمہ ہوجائے گا، ایسی جماعت سے اتحاد کا مطلب عالمی سطح پر تنہائی ہے۔انہوں نے ایک اور ٹوئٹ میں فواد چوہدری نے میڈیا کے کردار کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ حالیہ بحران میں پاکستان کے مین اسٹریم میڈیا نے ذمہ داری اور احتیاط کا مظاہرہ کیا۔

شال بقیہ 16
کے اب تک 28 ہزار 466 مریض انتقال کرچکے ہیں ،اس موذی وائرس کے کل مریضوں کی تعداد 12 لاکھ 74 ہزار 17 ہوچکی ہے۔ملک بھر میں ہسپتالوں، قرنطینہ سینٹرز، وینٹی لیٹرز اور گھروں میں کورونا وائرس کے 22 ہزار 564 مریض زیر علاج ہیں،جن میں سے 1 ہزار 234 مریضوں کی حالت تشویش ناک ہے، جبکہ 12 لاکھ 22 ہزار 987 مریض اب تک اس بیماری سے شفایاب ہوچکے ہیں۔گزشتہ 24 گھنٹوں میں ملک میں کورونا وائرس کے مزید 39 ہزار 296 ٹیسٹ کیئے گئے، جبکہ اب تک کل 2 کروڑ 8 لاکھ 79 ہزار 87 کورونا ٹیسٹ کیئے جاچکے ہیں۔پاکستان میں گزشتہ روز 9 لاکھ 70 ہزار 367 افراد کو کورونا وائرس کی ویکسین لگائی گئی، جبکہ اب تک کل 10 کروڑ 58 لاکھ 81 ہزار 931 ویکسین کی ڈوزز لگائی جاچکی ہیں۔سندھ میں کورونا وائرس کے مریضوں کی تعداد دیگر صوبوں سے زیادہ 4 لاکھ 70 ہزار 421 ہوچکی ہے، جبکہ اس سے کل اموات 7 ہزار 569 ہوگئیں۔پنجاب میں کورونا وائرس کے اب تک 4 لاکھ 40 ہزار 378 مریض رپورٹ ہوئے ہیں، جبکہ یہاں کل ہلاکتیں دیگر صوبوں سے زیادہ ہیں جو 12 ہزار 924 ہوچکی ہیں۔خیبر پختونخوا میں کورونا وائرس کے مریضوں کی تعداد 1 لاکھ 78 ہزار 135 ہوچکی ہے، جبکہ اس سے یہاں کل اموات 5 ہزار 751 ہوگئیں۔وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں 1 لاکھ 6 ہزار 945 کورونا وائرس سے متاثرہ مریض اب تک سامنے آئے ہیں، جبکہ اب تک یہاں کل 940 افراد اس وباء سے جان کی بازی ہار چکے ہیں۔آزاد جموں وکشمیر میں کورونا وائرس کے اب تک 34 ہزار 481 مریض رپورٹ ہوئے ہیں، جبکہ اس کے باعث اب تک یہاں کل 740 مریض وفات پا چکے ہیں۔کورونا وائرس کے بلوچستان میں 33 ہزار 267 مریض اب تک رپورٹ ہوئے ہیں جہاں 356 افراد اس مرض سے انتقال کرچکے ہیں۔گلگت بلتستان میں 10 ہزار 390 کورونا وائرس کے مریض سامنے آئے ہیں جبکہ اس سے اب تک 186 افراد جاں بحق ہوئے ہیں۔

شال بقیہ 17
سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔کانووکیشن میں یونیورسٹی کے چانسلر ڈاکٹر عارف علوی، وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر محمد علی، وفاقی پارلیمانی سیکرٹری تعلیم وجیہہ اکرم اور یونیورسٹی کے مختلف شعبوں کے سربراہوں کے علاوہ طلبا اور طالبات کی ایک بڑی تعداد نے بھی شرکت کی۔صدر مملکت نے کہا کہ یونیورسٹی کے 9 ویں کانووکیشن میں شرکت پر خوشی ہے،طلبا وطالبات کو مبارکباد دیتا ہوں کہ انہوں نے زندگی کا ایک مرحلہ عبور کرلیا ہے۔تعلیمی میدان میں قائد اعظم یونیورسٹی کی نمایاں کامیابی کی تعریف کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ قائد اعظم یونیورسٹی پاکستان کے دیگر تعلیمی اداروں کے مقابلے میں رینکنگ کے اعتبار سے نمبرون ہے۔ڈاکٹر عارف علوی نے کہا کہ یہ نمایاں مقام محنت سے آتی ہے، اس بات کی بڑی اہمیت ہے کہ تعلیم کس انداز سے دی جائے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان میں اعلیٰ تعلیم پر توجہ بڑھ رہی ہے، یہ قوم ایک خاص مقصد اور منزل کے ساتھ ابھر رہی ہے، جمہوریت کی بنیاد پر پاکستان معرض وجود میں آیا اور ریاست مدینہ کی طرز پر چلنا ہے، ملک کو تعلیم اور ہائیر ایجوکیشن میں آگے بڑھائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اخلاقیات کی بنیاد پر دنیا کا لیڈر بنے گا، برینڈ پاکستان کی بنیاد دیانتداری ہوگی، دنیا میں فیک نیوز کی یلغار ہے، طلبا اور طالبات حصول تعلیم کے بعد والدین اور معاشرہ کی خدمت کریں۔صدر مملکت نے کہا کہ پاکستان میں صرف 9 سے 10 طلبا ہائیر ایجوکیشن میں جاتے ہیں جبکہ خطے کے دیگر ملکوں میں یہ شرح زیادہ ہے۔صدر نے کہا کہ قوم میں قدرتی وسائل سے ہمیں اڑان سے بچتی ہیں۔

شال بقیہ 18
اسلام چاقی کے زیر اہتمام تاریخ ساز جلسے سے خطاب کرینگے علاوہ ازیں وہ کوئٹہ اور قلات کا بھی دورہ کرینگے اور جمعیت علماء اسلام کوئٹہ کے زیر اہتمام علماء کنونشن کی تیاریوں کا جائزہ لینگے۔

شال بقیہ 19
گئے ریسکیو حکام نے زخمیوں کو فوری طور پر طبی امداد کے لئے ہسپتال منتقل کردیا مزید کارروائی جاری ہے۔

شال بقیہ 20
بتایا کہ پاکستان اور ازبکستان کی افغانستان کے معاملے میں پوزیشن ایک ہے اور دونوں ممالک کا یہی موقف ہے کہ افغان عوام کی خاطر تمام دنیا کو افغان حکومت سے مشغول ہونا چاہیے۔انہوں نے کہا کہ اس مشغولیت میں افغانستان سے تعاون اس طرح کیا جانا چاہیے کہ وہاں کوئی انسانی بحران پیدا نہ ہو۔انہوں نے کہا کہ افغانستان میں سردیاں آرہی ہیں، وہاں خوراک کا مسئلہ ہے،لوگوں کے پاس اپنے اخراجات پورے کرنے کے وسائل نہیں ہیں۔معید یوسف نے کہا کہ یہ طالبان کا یا کسی اور کا مسئلہ نہیں یہ عام افغانوں کا مسئلہ ہے، 4 دہائیوں سے افغانستان جنگ کی صورتحال میں ہے اور وہاں ہونے والی جنگ سے براہ راست نقصان پاکستان کا بھی ہوتا ہے۔انہوں نے کہا کہ ہم جب افغانستان میں استحکام کی بات کرتے ہیں تو ہم افغانوں کے حق کے لیے اور اپنی سلامتی کے لیے یہ کہتے ہیں، ہمارا حق ہے کہ ہم دنیا کو یہ بات باور کرائیں۔مشیر قومی سلامتی نے کہا کہ پاکستان کی توجہ جیو اکانومکس پر ہے، پاکستان کا جغرافیہ نہایت اہم ہے تاہم ماضی میں ہم اس سے اس طرح فائدہ نہیں اٹھا سکے جیسے ہمیں اٹھانا چاہیے تھا۔انہوں نے کہا کہ وسطی ایشیا کے ممالک، جن میں ازبکستان ایک اہم کردار ادا کرتا ہے، اس سے ہماری ایسی مشغولیت نہیں رہی جیسی ہونی چاہیے تھی۔انہوں نے کہا کہ ازبکستان، پاکستان اور افغانستان ،راہداری ہمارے جیو اکانومکس نظریے کو پورا کرنے کے لیے اہم ہے۔انہوں نے بتایا کہ ازبکستان اور پاکستان میں پہلے بھی بہت سے معاہدے ہوئے ہیں تاہم بدقسمتی سے وہ اس طرح آگے نہیں بڑھ سکے۔انہوں نے کہا کہ ہم نے فیصلہ کیا ہے کہ اسے ہم آگے لے کر جائیں گے اور انہیں دوبارہ بحال کریں گے۔واضح رہے کہ گزشتہ روز وزیر اعظم کے مشیر برائے قومی سلامتی ڈاکٹر معید یوسف کی دعوت پر جمہوریہ ازبکستان کی سلامتی کونسل کے سیکریٹری لیفٹیننٹ جنرل وکٹر محموودوف کی قیادت میں 5 رکنی وفد پاکستان کے تین روزہ دورے پر اسلام آباد پہنچا تھا۔

شال بقیہ 21
آلات کا معائنہ کیا۔چیئرمین سی ڈی اے عامر علی احمد نے وفاقی وزیر داخلہ کو ایمرجنسی ڈیزاسٹر مینجمنٹ کی استعداد اور کارکردگی سے متعلق وزیر داخلہ کو بریفنگ دی۔چیئرمین سی ڈی اے نے وزیر داخلہ کو بریفنگ دی کہ ایمرجنسی اینڈ ڈیزاسٹر مینجمنٹ کو ریسکیو 1122 پنجاب کے ہم پلہ بنانے کیلئے اقدامات کر رہے ہیں،وزیر داخلہ شیخ رشید احمد نے ایمرجنسی اینڈ ڈیزاسٹر مینجمنٹ کے عملے کی صلاحیتوں کا عملی مظاہرہ بھی دیکھا اور کارکردگی کو سراہا،وفاقی وزیر داخلہ نے افسران سے خطاب میں اظہار خیال کیا اور کہا کہ ایمرجنسی اینڈ ڈیزاسٹر مینجمنٹ میں اصلاحات اور جدت لانے کیلئے حکومت تمام وسائل فراہم کرے گی۔وزیر داخلہ نے کہا کہ وفاقی دارالحکومت میں کسی بھی ایمرجنسی سے نمٹنے کیلئے جدید آلات کی فراہمی بھی حکومت کی اولین ترجیح ہے۔وزیر داخلہ شیخ رشید احمد نے کہا کہ چیئرمین سی ڈی اے کی اسلام کو جدید ترین شہر بنانے کیلئے کاوشیں لائق تحسین۔

شال بقیہ 22
قریشی 4 نومبر کو پی ٹی آئی رہنما نہیت جگیل کی دعوت پر مٹھی آرہے ہیں مٹھی میں دیوالی کے موقع پر جلسے کا انعقاد کیا گیا ہے وزیر خارجہ مخدوم شاہ محمود قریشی کراچی سے ریلی کی صورت میں عمرکوٹ پہنچیں گے وزیر خارجہ عمرکوٹ میں تین تلوار پر ریلی سے خطاب کریں گے ریلی کی صورت میں وزیر خارجہ مٹھی جلسہ گاہ روانہ ہونگے چھوٹے بڑے شہروں پر ریلی کا شاندار استقبال ہوگا مٹھی کا جلسہ پی پی کے سیاسی تابوت میں آخری کیل ثابت ہوگا۔حلیم عادل شیخ نے مزید کہا پیپلز پارٹی کی گرتی دیوار کو آخری دھکا دینے جارہے ہیں وزیر اعلیٰ سندھ کو زبان سے سندھ کو پیرس دکھا رہے ہیں وزیر اعلیٰ کو ترقی کی باتیں کرتے ہوئے شرم آنی چاہیے وزیر اعلیٰ لمبی لمبی چھوڑنے کی بجائے تھر کے حالات بیان کریں وزیر اعلیٰ بتائیں کہ آر او پلانٹ کا پیسہ لوٹ کر اپنے چیئرمین اور ایان علی کے اکاؤنٹس میں کس طرح ڈالا گیا وزیر اعلیٰ بتائیں کہ تھرپارکر میں آج بھی بچے بھوک سے کیوں مر رہے ہیں سندھ حکومت کے نزدیک سندھ کی عوام صرف دل کے عارضے میں مبتلا ہے وزیر اعلیٰ یہ بھی بتائیں کہ سندھ میں لاشیں رکشوں گدھا گاڑیوں پر لیکر جاتے ہیں وزیر اعلیٰ بتائیں کہ NICVD میں نوید قاسم جیسے مافیا بھرتی ہیں مراد علی شاہ غلامی کا چشمہ اتار کر ہمارے ساتھ سندھ کا دورہ کریں اور عوام کو درپیش مسائل سے نجات دلوائیں۔کرپشن سینٹرز چلانے والے سندھ کی ترقی کے جھوٹے دعوے کررہے ہیں 14 سالوں میں صرف پی پی کے سینٹرز نے صرف کرپشن میں ترقی کی ہے۔

شال بقیہ 23
نہیں انصاف مانگ رہی ہیں، آصف علی زرداری نے بھی آمروں سے ریلیف نہیں مانگا،ہتھیائی سرکار کس غلط فہمی کا شکار ہے؟۔انہوں نے کہا کہ گزشتہ نیب آرڈیننس حکومت کو ریلیف دینے کیلئے تھا، یہ ترمیمی آرڈیننس اپوزیشن کو ٹارگٹ کرنے کے لئے ہے۔انہوں نے کہا کہ اس حکومت کے کرپشن اور فراڈ کیسز پر نیب کیوں خاموش ہے؟ بی آر ٹی، چینی اسکینڈل، بلین ٹری اسکینڈل، ایل این جی اور دیگر کیسز میں نیب نے کسے گرفتار کیا ہے؟ کابینہ اور وزیراعظم کے دوست احباب کو نیب سے استثنیٰ حاصل ہے،حکومت سیکورٹی اداروں کے ساتھ نہیں،نیب کے ساتھ ایک پیج پر ہے۔

شال بقیہ 24
محتسب سعید احمد شاہوانی، جمیل خان کاکڑ ،صوبائی محتسب رجسٹرار محمد علی آغا، مختلف محکموں کے ضلعی آفیسران، اسسٹنٹ کمشنرز اور شہریوں نے شرکت کی۔کھلی کچہری کے دوران عوام نے مختلف سرکاری محکموں سے متعلق شکایات پیش کیں۔صوبائی محتسب نذر بلوچ نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ عوام کی شکایات اور مسائل کے فوری حل کیلئے صوبے کے تمام اضلاع میں کھلی کچہریاں لگاکر متعلقہ محکموں کو احکامات دیے جارہے ہیں۔انہوں نے واضح کیا کہ عوام کے جائز کاموں میں رکاوٹ پیدا کرنے اور انہیں پریشان کرنے والے افسران و عملے کے خلاف کارروائی کیلئے ان کے متعلقہ اعلیٰ افسران سے رابطہ کیا جائیگا۔ انہوں نے کہا کہ سرکاری اداروں میں عوام کو درپیش مسائل اور شکایات کے فوری ازالے کیلئے محتسب کا ادارہ قائم کیا گیا ہے،عوام کو چاہیے کہ وہ کسی بھی سرکاری محکمے کے خلاف اپنی شکایات ان کے دفتر میں جمع کرائیں تاکہ انہیں حل کیا جاسکے۔انہوں نے کہا کہ ضلع پشین کے شہری تعلیم یافتہ اور اپنے حقوق سے آگاہ ہیں یہاں عوامی شکایات میں سرفہرست صحت تعلیم اور صاف پانی کی فراہمی بڑے اہم مسائل ہیں صحت کے مسئلے پر سیکرٹری صحت سے بات کروں گا انہوں نے کہا کہ مراکز صحت میں طویل عرصے سے مختلف شعبہ جات میں میڈیکل سٹاف کی عدم تعیناتی سے عوام کو کئی مشکلات کا سامنا ہے میں صحت تعلیم اور پانی جیسے مسائل پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا سرکاری سکولوں میں اساتذہ اپنی ڈیوٹی ریگولر بنیادوں پر دیں، انہوں نے کہا کہ ہمارے طالبعلموں کے مستقبل سے کسی کو کھیلنے کی اجازت نہیں دی جاسکتی انہوں نے کہا کہ محتسب کا ادارہ دو ہزار ایک میں قائم ہوا اب تک گیارہ ہزار سے زائد کیسز کا فیصلہ انصاف اور میرٹ پر کرچکے ہیں جبکہ ہر مہینے سینکڑوں کیسز کا فیصلہ کیا جاتا ہے انہوں نے کہا کہ ہمارے ادارے سے انتہائی آسان طریقہ ہے۔

شال بقیہ 25
وزیر برائے اطلاعات فواد حسین چوہدری،وفاقی وزیر تعلیم شفقت محمود، وفاقی وزیر برائے صنعت و پیداوار مخدوم خسرو بختیار، تحریک انصاف سینٹرل پنجاب کے صدر اعجاز چوہدری نے شرکت کی۔ اجلاس میں پارٹی امور کے حوالے سے تفصیلی مشاورت کی گئی۔

شال بقیہ 26
آیا،اسمبلی کا سیشن ہوا، سینٹ کا سیشن ہوا،وہ آرڈیننس پیش کیے گئے،31 آرڈیننس 6 اکتوبر والے کو پروٹیکٹ کرتا ہے۔یہ حال ہے وزیر اعظم کا کہتا ہوں ایک ہی آرڈیننس جاری کریں کیوں اتنی محنت کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ صدر چیئرمین نیب کو نکال سکتا ہے،مطلب جو چیئرمین بات نہیں مانے گا اسے نکال دیا جائے گا،نئے چیئرمین منتخب نہیں ہو سکتے کیوں کہ وزیر اعظم صاحب مشاورت نہیں کر سکتے۔یہ چیئرمین اب مستقل چیئرمین ہیں،ہم شروع دن سے کہہ رہے ہیں کیمرے لگائیں اور ہماری کرپشن عوام کو دکھائے۔ انہوں نے کہا کہ چینی پر 70 روپے عمران خان اور ان کے وزراء کی جیب میں جارہے ہیں،گندم پر 45 روپے عمران خان اور ان کے وزراء کی جیب میں جارہے ہیں۔سابق وزیر اعظم نے کہا کہ نیب کے افسران کو استثنیٰ حاصل ہے جو مرضی کریں۔انہوں نے کہا کہ ایک آرڈیننس آئے گا اور تمام چیئرمین نیب عدالتوں کے کٹہرے میں کھڑے ہونگے،یہ سب دس منٹ کے آرڈیننس کی مار ہیں۔انہوں نے کہا کہ نیب کو بتانا چاہتا ہوں قانون کے ساتھ تماشے نہ کریں۔انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی اور چیئرمین نیب سے پوچھتا ہوں تم کل کو سامنا کرنے کیلئے تیار ہو۔سابق وزیر اعظم نے کہا کہ عوام بیس بیس فٹ کی خندق کو بھی عبور کر لیتی ہے۔انہوں نے کہا کہ ایک جماعت کو کالعدم قرار دیا گیا، پھر اسی کے ساتھ بیٹھ کر معاہدہ کیا گیا،مظاہرین میں سے 30 افراد جاں بحق ہوئے ان کا ذمہ دار کون ہے؟۔ انہوں نے کہا کہ کالعدم تنظیم الیکشن میں حصہ لے تو کالعدم نہیں،مذاکرات کریں تو کالعدم نہیں۔

شال بقیہ 27
برآمدات کا حجم پچھلے سال سے 25 فیصد زیادہ ہے۔وزیر مملکت نے کہا کہ اکتوبر میں برآمدات 5,17 فیصد اضافے کے ساتھ 471,2 ارب ڈالر رہیں۔ انہوں نے کہا کہ 471,2 ارب ڈالر کا ریکارڈ کسی بھی اکتوبر کے ماہ کا سب سے بلند ریکارڈ ہے۔

شال بقیہ 28
دھماکے کی مذمت کرتے ہوئے تحقیقات کا حکم دیا ہے۔وزیر اعلیٰ نے دہشت گردی کی اس کارروائی میں بے گناہ افراد کے زخمی ہونے پر دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ملک دشمن عناصر صوبے کا امن خراب کرنا چاہتے ہیں لیکن صوبے کی باہمت عوام ایسی بزدلانہ کارروائیوں سے خائف نہیں ہوں گے اور دہشت گردی کی عفریت کے خاتمے کے لیے ہمہ وقت اپنے سیکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑے رہیں گے۔وزیر اعلیٰ نے ہدایت کی کہ دھماکے کے زخمیوں کو علاج معالجے کی بہترین سہولیات فراہم کی جائیں۔

شال بقیہ 29
کے مطابق درکھالہ بس اسٹاپ کے قریب مسافر کوچ اور موٹر سائیکل کے درمیان تصادم ۔حادثے میں موٹر سائیکل سوار موقع پر جاں بحق جسے MERC 1122 کی ٹیم نے بروقت ریسکیو کر کے ایم ای آر سی سینٹر 1122 درکھالہ پہنچا دیا گیا جہاں ضروری کارروائی کے بعد لاش ورثاء کے حوالے کر دیا۔

شال بقیہ 30
قرار تفصیلات کے مطابق خضدار میں سٹی کے مقام پر مسلح ملزمان نے موبائل چھینتے وقت مزاحمت پر 13 سالہ محنت کش لڑکے خدا بخش محمد حسنی کو فائرنگ کرکے قتل کر دیا۔ اور موقع سے فرار ہوگئے۔ مقتول خدا بخش محمد حسنی سبزی منڈی خضدار میں محنت مزدوری کرتا تھا۔ گھر واپسی پر انہیں فائرنگ کے شہید کردیا گیا۔ اس افسوسناک واقعہ کے بعد شہریوں میں بے حد تشویش پائی جاتی ہے۔

شال بقیہ 31
پک اپ گاڑی اور موٹر سائیکلوں کو شدید نقصان لیویز فورس نے کارروائی کرتے ہوئے ڈرائیور کو گرفتار کرلیا۔تفصیلات کے مطابق کوئٹہ سے کراچی جانے والی تیز رفتار کوچ نے درکھالہ عبدالرؤف اسٹاپ پر موٹر سائیکل سوار اچھڑو دتال کے رہائشی حاجی ولد اللہ داد کو کچل دیا جبکہ کوچ نے قومی شاہراہ کے کنارے دوکان دیگر موٹر سائیکلوں اور پک اپ گاڑی کو بھی روندھ ڈالا لیویز فورس نے کارروائی کرتے ہوئے کوچ ڈرائیور کو گرفتار کرکے مزید تفتیش شروع کردی۔

شال بقیہ 32
کی فیس 31 دسمبر تک معاف کردی۔میڈیا کے مطابق افغانستان میں پاکستانی سفیر منصور احمد خان نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر اپنے پیغام میں کہا کہ افغان شہریوں سے ویزا کے لیے نادرا کی فیس 31 دسمبر تک معاف کردی ہے ، اقدام وزیر اعظم کی ہدایت پر افغان شہریوں کو سہولت کے لیے کیا گیا ہے۔یاد رہے کہ گذشتہ ماہ وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی نے دورہ کابل میں پاکستان کی جانب سے پانچ ارب روپے کی امدادی اشیا افغانستان کو فراہم کرنے کا اعلان کیا تھا،جن میں ادویات اور خوراک شامل ہوگی۔پاکستان کے نمائندہ خصوصی برائے افغانستان کا کہنا تھا کہ افغانوں کی آسانی کیلئے گیٹ پاس ختم کرنے کا اعلان کیا ہے،طبی بنیادوں پر پاکستان آنیوالے افغانیوں کو ویزا آن آرائیول دیا جائے گا اور پی سی آر ٹیسٹ کی شرط ختم کررہے ہیں جبکہ افغان تاجروں کو طورخم پر ایک ماہ کا آمد پر ویزا دیا جائے گا جبکہ طورخم بارڈر 24 گھنٹے تجارت کے لیے کھلا رہے گا۔

شال بقیہ 33
درمیان معاہدہ طے پا گیا۔وزیر اعظم عمران خان کے معاون خصوصی شہباز گل نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر لکھا کہ شاؤمی اور ایئر لنک کے درمیان پاکستان میں موبائل کی تیاری کا معاہدہ ہوگیا ہے اور جنوری 2022 سے شاؤمی موبائل پاکستان میں تیار ہوں گے۔انہوں نے کہا کہ حماد اظہر اور خسرو بختیار مبارکباد کے مستحق ہیں اور انہی کے اقدام تیزی سے نتائج کی طرف بڑھ رہے ہیں۔

شال بقیہ 34
معاملات پر مشترکہ موقف اپنانے پر اتفاق کیا ہے۔ ذرائع کے مطابق وزیر اعظم سے اتحادی جماعتوں نے ملاقات کی جس میں ملکی سیاسی اور امن وامان کی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔اتحادی جماعتوں کا اہم قومی معاملات پر مشترکہ موقف اپنانے پر اتفاق کیا۔ملاقات میں کرنے والوں میں ایم کیو ایم کے فروغ نسیم ،خالد مقبول صدیقی، سید امین الحق ،عوام مسلم لیگ کے شیخ رشید، جی ڈی اے کی جانب سے ڈاکٹر فہمیدا مرزا، ق لیگ کے وفاقی وزیر مونس الٰہی شریک ہوئے۔ذرائع کے مطابق مشترکہ پارلیمنٹ اجلاس کے حوالے سے مشاورت کی گئی وزیر اعظم نے اتحادی جماعتوں کو مشترکہ پارلیمنٹ اجلاس میں قانون سازی سے متعلق اعتماد میں لیا۔

شال بقیہ 35
دہشت گرد ہلاک ہوگئے۔کاؤنٹر ٹیررزم ڈیپارٹمنٹ پشاور کی جانب سے جاری بیان کے مطابق سی ٹی ڈی کوہاٹ ریجن کے اہلکار ہنگو کی تحصیل ٹل اور مضافات میں سرچ اینڈ اسٹرائیک آپریشن کے بعد واپس جارہے تھے کہ جہازہ میدان کے قریب دہشت گردوں نے ان پر فائرنگ کردی، جوابی کارروائی کے نتیجے میں دہشت گرد فرار ہوگئے،جس کے بعد سی ٹی ڈی نے علاقے میں سرچ آپریشن کیا، اس دوران علاقے سے 4 دہشت گردوں کی لاشیں ملیں۔ دہشت گردوں سے 4 عدد ایس ایم جی ،16 عدد چارجر ،04 عدد ہینڈ گرنیڈ اور سیکڑوں گولیاں برآمد ہوئی ہیں۔سی ٹی ڈی کے مطابق ہلاک دہشتگردوں کی شناخت صادق اللہ عرف القائدہ، احمد رحیم عرف سعود، صمیم سعید عرف استاد اور مصطفیٰ خان عرف ملا کے نام سے ہوئی ہے۔ان کا تعلق کالعدم تحریک طالبان پاکستان کے امیر حاتم گروپ سے ہے،جو دہشت گردی، بھتہ خوری اور ٹارگٹ کلنگ کے متعدد مقدمات میں سی ٹی ڈی کو مطلوب تھے۔

شال بقیہ 36
گیا ہے اور کہا گیا ہے کہ پچھلی سہ ماہی میں صوبے کی آمدن میں کمی واقع ہوئی ہے، لہٰذا غیر ترقیاتی اخراجات کے سوا تمام ترفنڈز کی اجراء پر پابندی عائد کی جاتی ہے۔ترقیاتی اخراجات کے لیے تاحکم ثانی فنڈز کے اجراء پر پابندی عائد رہے گی۔

شال بقیہ 37
طرف ان ٹیمینس کیلئے نہ تو اچھے کیمیکل ہے،نہ کوئی جدید مشنری اور نہ ہی ان ٹیمینس کے نتائج معیاری ہے، سرکاری ہسپتالوں میں لیبارٹریز کا سامان کم ہونے اور محدود فنڈ ہونے کی وجہ سے لیبارٹری ایونگ اور رات میں کارآمد نہیں ہوتی، ایسے میں غریب مریضوں کو ہزاروں کے تشخیصی ٹیسٹس باہر سے کروانا پڑتے ہیں،صدر نے مزید بتایا کہ سنڈیمن پراونشل ہسپتال کوئٹہ میں ایم آر آئی مشین کا نہ ہونا کسی حیرت سے کم نہیں، دوسرے صوبوں میں جہاں ٹرشری کیئر ہسپتالوں میں 20 سے 30 ایم آر آئی مشین ہوتے ہیں وہاں ہمارے صوبے کے سب سے بڑے ہسپتال میں ایم آر آئی مشین نہ ہونا 3 سال تک عوام کو بیوقوف بنانے والے جام صاحب اور ان کے دو نااہل و بدعنوان سیکرٹریز کے کرپشن کی داستان اور عوام دشمن ذہنیت کا منہ بولتا ثبوت ہے۔

شال بقیہ 38
رہی ہے اپنے کرپٹ وزراء ومعاونین کو بچانے کی کوشش کی جارہی ہے انہوں نے کہا کہ حکومت نے ہمارے جلسوں میں کوئی رکاوٹ ڈالی تو پی ڈی ایم اور حکومت میں دو بدو جنگ چھیڑ جائیگی وزیر اعظم کی عوامی مقبولیت گرتی جارہی ہے وہ میدان میں آکر دوبارہ الیکشن میں ہمارا مقابلہ کرے تو انہیں اپنی مقبولیت کا اندازہ بخوبی ہوجائے گا انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم نے دو ہزار اٹھارہ کے الیکشن میں عوام کو تبدیلی کا نعرہ دیا لیکن حکومت آج کسی اور کے ایجنڈے پر چل رہی ہے پی ڈی ایم ملک کی بقاء کی جنگ لڑ رہی ہے ہم ملک میں آئین کے تحفظ کیلئے میدان جنگ میں نکلے ہیں ہم سلیکٹڈ حکومت کا ڈٹ کر مقابلہ کرینگے۔

شال بقیہ 39
ناقص میٹریل کا استعمال کرکے صرف ڈھانچہ کھڑا کیا گیا ہے جبکہ 2 سال کا عرصہ گزرنے کے باوجود مذکورہ عمارتوں کا تعمیراتی کام مکمل نہ ہوسکا اور ذرائع سے مزید معلوم ہوا ہے کہ مذکورہ ادھورے تعمیراتی کاموں کی مکمل رقم ٹھیکیدار کو ادائیگی بھی ہوچکی ہے اور ان عمارتوں کے لئے حکومت بلوچستان نے کروڑوں روپے فنڈز مختص کیے تھے جو کہ کرپشن کی نذر ہوگئے ہیں جبکہ ڈپٹی کمشنر لسبیلہ کی ذمہ داری ہے کہ ضلع لسبیلہ میں حکومت بلوچستان کی طرف سے ترقیاتی اسکیمات کی مانیٹرنگ کریں لیکن ڈپٹی کمشنر لسبیلہ کے آفس سے جاری ہونے والے ٹینڈروں کے تعمیراتی کام ادھورے پڑے ہوئے ہیں اور ستم ظریفی تو یہ ہے کہ ادھورے کاموں کی ٹھیکیدار کو مکمل رقم کی ادائیگی کرکے کرپشن کا بازار گرم کیا ہوا ہے عوامی حلقوں نے وزیر اعلیٰ بلوچستان ،چیف سیکرٹری بلوچستان اور کمشنر قلات ڈویژن سے مطالبہ کیا ہے کہ ڈپٹی کمشنر لسبیلہ لیویز لائن اوتھل اور لیویز چیک پوسٹوں کے تعمیراتی کاموں میں ہونے والی کرپشن کا نوٹس لیکر ذمہ داروں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے۔

شال بقیہ 40
حد تک خستہ حال ہے کہ کمرے کی چھتوں کو لکڑی کا سہارا دے کر چھت کے منہدم ہونے کے ممکنہ خطرے سے روکنے کی کوشش کی گئی ہے۔محمد کامران گلی دلی کس کے رہائشی ہیں۔ وہ بتاتے ہیں کہ پرائمری سکول کے دونوں کمرے انتہائی خستہ حال ہیں اور چھت کسی بھی وقت بچوں پر گر سکتی ہے۔ سکول میں پینے کا پانی اور دیگر بنیادی سہولیات بھی موجود نہیں۔ بلوچستان کے دوردراز علاقوں کے اکثر سکول بنیادی سہولیات سے محروم ہیں۔ بہت کم ایسے سکول ہیں جہاں طلبہ کو ایک آدھ بنیادی سہولیات میسر ہوں۔ وہ کہتے ہیں: یہاں کی سیاسی جماعتوں اور سماجی تنظیموں کی جانب سے سال کے شروع میں داخلوں کے لیے مہم تو چلائی جاتی ہے اور کتابوں اور دیگر سہولیات کے لیے بھی اعلیٰ حکام سے رابطے کیے جاتے ہیں، تاہم جس طرح تعلیم کے شعبے پر توجہ دینے کی ضرورت ہے، وہ نہیں دی جا رہی۔ 2017 میں ہونے والی مردم شماری کے مطابق بلوچستان کے ضلع قلعہ سیف اللہ کی آبادی تین لاکھ 42 ہزار 814 ہے۔ضلع میں کل سکولوں کی تعداد 660 ہے جہاں 30 ہزار 20 طلبہ وطالبات زیر تعلیم ہیں۔محکمہ ثانوی تعلیم کی ریئل ٹائم سکول مانیٹرنگ رپورٹ برائے سال 2018-19 کے مطابق گلی دلی کس کے اس پرائمری سکول میں 40 طلبہ میں سے 30 غیر حاضر جبکہ 10 حاضر ہیں۔ سکول میں تین اساتذہ بچوں کو تعلیم کے زیور سے آراستہ کررہے ہیں تاہم تین میں سے ایک استاد حاضر جبکہ دو غیر حاضر ہیں۔رپورٹ کے مطابق بلوچستان بھر میں کل 14 ہزار 979 سرکاری سکول ہیں، جن میں 10 ہزار 55 لڑکوں، چار ہزار 238 لڑکیوں جبکہ 686 سکول لڑکوں اور لڑکیوں کے مشترکہ ہیں۔ محکمہ تعلیم کے اعداد وشمار کے مطابق بلوچستان میں 11 ہزار 786 سکول فعال جبکہ تین ہزار 193 سکول غیر فعال ہیں۔

شال بقیہ 41
بصیرت اور دانشمندی سے حکومت اور تحریک لبیک کے درمیان ایک پل کا کردار ادا کرتے ہوئے اس ملک کو ایک بہت بڑے سانحے سے بچالیا اور ایک جامع اور سنجیدہ مذاکرات کے نتیجے میں ہونے والے معاہدے کو تکمیل تک پہنچایا، انہوں نے کہا کہ اس کائنات کی بقا اور حضور اکرم ﷺ کے دم سے ہے اور اللہ رب العزت نے یہ کائنات آپ ﷺ کے مبارک وجود کی برکت سے تخلیق کی اور یہ کائنات اگر فنا ہوگی تو بھی آپ کے دین کے انکار کے بعد ایک بھی ماننے والا نہ رہے گا تو قیامت کا ظہور ہوجائے گا۔ پیر طریقت علامہ سیف اللہ طارق نے کہا کہ ناموس رسالت پر کوئی بھی مسلمان خاموش نہیں رہ سکتا اور نہ ہی اس کے لیے اپنی جان کی قربانی دینے سے دریغ کرے گا۔قوموں کا عروج و زوال حکومتوں کی تباہیوں میں سنت اور ناموس رسالت کا عمل دخل ہے آنحضرت ﷺ تمام عالم کے لیے رحمت اللعالمین ہیں حضرت آدم علیہ سلام نے بھی آپ ﷺ کے وسیلے سے دعا فرمایا اور آپ کے ﷺ کے وسیلے سے حضرت آدم کی عرفات میں اماں حوا سے ملاقات ہوئی۔

شال بقیہ 42
لاپتہ ہوگئے مگر انتظامیہ اور دیگر ادارے خاموش تماشائی کا کردار ادا کررہے ہیں جبکہ ہرنائی کے لوگوں میں خوف وہراس پریشانی میں مبتلا ہے مگر متاثرین میں اشیاء کے تقسیم ٹیموں اور دیگر کارروائیوں میں ایف سی کے کرنل اور ان کی ٹیم کا کارکردگی مثالی اور قابل تعریف ہے مولانا محمد شفیق دولت زئی نے میڈیکل سٹاف کے عہدیداروں کے صوبائی قیادت کے طرف ہرنائی کے متاثرین کو کافی تعداد میں ادویات مہیا کی تھی جن میں میڈیکل اسٹوروں ہرنائی کے صدر عبدالصمد ترین کے خدمات اور قربانیاں قابل تعریف ہے۔

شال بقیہ 43
مختلف شہروں میں اسمگلنگ کی جارہی ہے ذرائع کے مطابق بلوچستان کے ضلع لسبیلہ میں اس وقت غیر قانونی چھالیہ ایرانی ڈیزل سمیت دیگر ممنوعہ اشیا کا گڑھ بن چکا ہے اسمگلروں کو مبینہ طور پر بااثر شخصیات کی پشت پناہی حاصل ہے جو اسمگلنگ کر کے مختلف شہروں میں پہنچایا جاتا ہے کسٹم ودیگر متعلقہ اداروں کی عدم توجہی کی بنا پر اسمگلنگ کی برآمد اور درآمد کا کاروبار عروج پر پہنچ چکا ہے پاکستان کسٹم مبینہ طور پر بھتہ وصولی کررہی ہے کسٹم ،ہوٹلوں کے کچھ راستے پر غیر قانونی طور پر ناکہ لگا کر باقاعدہ طور پر چھالیہ سے لوڈ گاڑیوں سے بھتہ وصولی کررہے۔

شال بقیہ 44
ندیم جمالی ودیگر بھی موجود تھے اس موقع پر گنداخہ یوتھ ونگ کے چیئرمین شہروز جمالی ،صدر محسن علی جمالی اور دیگر یوتھ کے ممبران نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اللہ پاک اپنے پیارے حبیب کے صدقے قائد میر جان محمد خان جمالی کو جلد صحت عطا کرے۔

شال بقیہ 45
تیز مواد موٹر سائیکل میں نصب کیا گیا تھا۔ دھماکے میں زخمی ہونے والے افراد کو ڈویژنل ہیڈ کوارٹر ہسپتال خاران منتقل کردیا گیا ہے جبکہ شدید زخمیوں کو مزید علاج کے لئے کوئٹہ ریفر کیا گیا دھماکے سے دو گاڑیوں اور قریبی دکانوں اور عمارتوں کو بھی نقصان پہنچا ہے۔ واقعہ کے فوری بعد سیکورٹی فورسز اور پولیس جائے وقوعہ پہنچ کر علاقے کو گھیرے میں لیا بم دھماکے کی آواز دور دور تک سنائی دی گئی واقعہ کے بعد علاقائی معتبرین اور علاقے میں موجود جنرل ر عبدالقادر بلوچ ہسپتال آکر زخمیوں کی عیادت کی۔

شال بقیہ 46
سیاست کو عبادت سمجھ کر خدمت خلق کرنا منشور کا حصہ ہے جھوٹ کی سیاست اور منافقانہ رویوں نے سیاست دانوں کا اعتبار ختم کردیا دولت بنانے کے لیے زندگیوں اور اپنے ضمیر تک کا سودا کردیا جن کی سوچ وفکر آزاد ہوتی ہے وہ کبھی اپنی غیرت کا سودا نہیں کرتی ہیں۔

شال بقیہ 47
کے مطابق ایس ایس پی لسبیلہ طارق الٰہی کی خصوصی ہدایت پر ایڈیشنل اے ایس پی کیپٹن (ر) صدام حسین خان کھیتی کی نگرانی میں ایس ایچ او اوتھل جواد حیدر کی مسلسل تابڑتوڑ کارروائیاں جاری ہیں ایس ایچ او اوتھل جواد حیدر نے اپنی پولیس ٹیم ہیڈ کانسٹیبل رمضان، کانسٹیبل غلام علی، کانسٹیبل عرفان کے ہمراہ مین RCD روڈ واپارو کے قریب چیکنگ کے دوران کامیاب کارروائی کرتے ہوئے کرولا کار گاڑی کو چیک کرنے پر گاڑی کے اندر خفیہ خانوں میں چھپائی گئی 5 کلو اعلیٰ کوالٹی کی چرس برآمد کرکے دو ملزمان امیر بخش ولد رحمت اللہ قوم سید سکنہ قلعی چوک کوئٹہ اکبر شاہ ولد عبدالغفار قوم سید سکنہ کچلاک کوئٹہ کو گرفتار کرکے ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کرکے مزید تفتیش شروع کردی ہے۔

شال بقیہ 48
وقت موقع پر ہی اسے حل کرسکوں انہوں نے کہا کہ سرکاری آفیسران عوام کے حاکم نہیں بلکہ انکے خادم ہیں وہ تنخواہیں اسی مقصد کیلئے سرکاری خزانے سے لیتے ہیں انہوں نے کہا کہ دکی میں منشیات کے خاتمے کیلئے ضلعی انتظامیہ ٹھوس اقدامات اٹھائے منشیات ہمارے معاشرے کے نوجوانوں کیلئے زہر قاتل ہیں منشیات کے عادی افراد گھر معاشرے اور حکومت سب کیلئے نقصان کا باعث ہیں انہوں نے کہا کہ ضلع میں سپورٹس کی سرگرمیوں کیلئے نوجوانوں کی بھرپور حوصلہ افزائی کی جائیگی انہوں نے کہا کہ میرے آفس کے دروازے ہر وقت عوام کیلئے کھلے ہیں۔

شال بقیہ 49
حل کرنے کی بھرپور صلاحیت رکھتے ہیں اور انہوں نے ہمیشہ بلوچستان کے عوام کی بہتری کا سوچا ہے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو کا بیروزگاری کے خاتمے کے لیے خالی اسامیوں کو پر کرنے کے احکامات سے بلوچستان بھر کے بیروزگار نوجوانوں میں خوشی کی لہر دوڑ گئی۔ وزارت اعلیٰ سنبھالتے ہی میر عبدالقدوس بزنجو کی جانب سے بلوچستان کے عوام کے لئے جن اقدامات کا اعلان کیا ہے جن میں ملازمین کے مسائل، تنخواہوں میں اضافہ، بے روزگاری کے خاتمے کے لئے نوکریوں کے اعلانات، چمن بارڈر کی بندش ،صفائی کے احکامات، غیر ضروری چیک پوسٹوں کا خاتمہ کا اعلان کرکے بلوچستان کی عوام کے دل جیت لئے ہیں۔

شال بقیہ 50
کا دورہ کیا اور وہاں پر موجود مریضوں اور تیمارداروں سے کیمپ اور علاقے کی مجموعی صورتحال پر بات چیت کی۔

شال بقیہ 51
جمع ہوجاتا ہیں اور روز ٹوٹ پھوٹ ہونے کے سبب روڈ کا وجود ہی ختم ہوگیا ہے جس کی وجہ سے شہریوں اور آنے جانے والے لوگوں کو سخت مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے علاقہ مکینوں نے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو سے مطالبہ کیا ہے کہ بازار سے کی محلوں کو ملانے والی رابطہ سڑک کو بنایا جائے جس سے علاقہ مکینوں اور آنے جانے والے لوگوں کی مشکلات کا ازالہ ہو۔

شال بقیہ 52
باد دیتے ہوئے کہا کہ آئیں دیوالی کے موقع پر امن اور خوشی کا پیغام عام کریں، ہمارا دین مذہبی آزادی کا درس دیتا ہے۔

شال بقیہ 53
ہیں یہ آپکا اور سابق چیف جسٹس بلوچستان محمد نور مسکانزئی کی مثبت سوچ اور تعاون کا نتیجہ ہے۔ آپ کا تعاون خاران بار کے ساتھ ہمیشہ رہا ہے اور ہمیں امید ہے کہ آنے والے وقت میں بھی آپکا تعاون خاران بار کے ساتھ ہمیشہ رہے گا ہمیں فخر ہے کہ آج آپ ہمارے درمیان میں بیٹھے ہو۔جنرل ر عبدالقادر بلوچ نے خاران بار روم میں وکلا برادری سے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے میر محمد اسماعیل پیرکزئی اور انکے دوستوں کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ آج مجھے خوشی محسوس ہورہی ہے کہ آج میں معاشرے کے ایک ایسے طبقے کے درمیان بیٹھا ہوں جن سے عوام کی بہت ہی توقعات وابستہ ہیں مجھے خاران نے بہت عزت دی ہے۔ بہ حیثیت خارانی فرزند میں نے جتنے بھی پروجیکٹس خاران کو دیئے ہیں یا خاران بار میں میرا جتنا بھی تعاون رہا ہے اسے میں نے اپنا فرض سمجھا ہے اور یہ سلسلہ ہمیشہ جاری رہے گا۔

شال بقیہ 54
بعد قوم پرستوں یا مذہب پرست خوشنما نعروں ووٹ حاصل کرنے کے بعد پھر نظر نہیں آتے بلوچستان نیشنل ڈیموکریٹک پارٹی بنانے کا مقصد بھی یہی تھا کہ عوام اپنے ووٹوں سے ہمارے امیدواروں کو کامیاب بنائے تو ہم بہتر انداز میں صوبے کے حقوق کیلئے ہر فورم پر آواز اٹھائیں گے۔

شال بقیہ 55
یونٹوں کا دورہ کیا نثیہ اللہ داوزئی اخترزئی علوزئی علی خیل کوال حیدرزئی جیوہ برت خیل شنگئی کوال سملزئی نوریزئی باتوزئی سہرزئی دولت زئی شرن رود جوگیزئی اور مختلف یونٹوں دورہ کیا کہ تمام ساتھی کانفرنس کے لئے بھرپور تیاری کریں ضلعی صدر آدم خان خیرخواہ کے بعض یونٹوں کا انتخاب بھی مکمل کرلیا سیف اللہ جمعیت طلباء اسلام ضلع قلعہ سیف اللہ کے ضلعی صدر آدم خان خیرخواہ جمعیت طلباء اسلام کے تحصیل قلعہ سیف اللہ اور شنگئی دورے کے موقع کے مختلف یونٹوں کے دوران خطاب کرتے ہوئے کہاں تھے کہ 11 نومبر بروز جمعرات 2 بجے کو ہونے والے یاد ڈاکٹر سرفراز خان شہید ریلی وکانفرنس کے لئے بھرپور تیاری کریں اور تمام ساتھی بھی وقت پر ریلی وکانفرنس میں شرکت کریں اس موقع مختلف یونٹوں کا انتخاب بھی کرلیا گیا۔

شال بقیہ 56
سبی ۔ نیشنل پارٹی کے مرکزی سینئر نائب صدر کے عہدے پر فائز ہونے کے بعد مزید بہتر انداز میں عوام کے حقوق کی جنگ لڑ سکے۔انہوں نے کہا کہ میں اپنے طرف سے میر کبیر جان محمد شہی کو ڈسٹرکٹ قلات میں نیشنل پارٹی کی مزید فعالی سمیت ہر ممکن جانی ومالی تعاون کا یقین دلاتا ہوں۔

شال بقیہ 57
کرتے ہوئے فائرنگ کے تبادلے کے بعد چوری شدہ پک اپ گاڑی برآمد کرلی جبکہ ملزمان نے رات کی تاریکی کا فائدہ اٹھاتے ہوئے فرار ہوگئے،لیویز فورس نے گاڑی تحویل میں لے کر تھانہ منتقل کر دیا لیویز حکام مزید کارروائی کررہی ہیں۔

شال بقیہ 58
سید اقبال شاہ میر ولی محمد قلندرانی یوسف ہنگوری ڈاکٹر عبدالحق ہنگوری ارباب میر احمد دزار عاطف بلوچ طارق لاشاری ودیگر نے پاکستان پیپلز پارٹی کے سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کے رکن میر محمد صادق عمرانی سے ملاقات کر کے انکے چچا کی وفات پر تعزیت اور فاتحہ خوانی کی اس موقع پر انہوں نے اللہ تعالیٰ سے دعا کی ہے کہ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام اور سوگوار خاندان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

شال بقیہ 59
کرنے کی حامی بھر لی گئی ہے لیکن قوی امید ہے کہ رجسٹرڈ شدہ تمام گاڑیوں کو اسٹیکر اور ٹوکن مل جائینگے۔ انہوں نے کہا کہ تیل کے ساتھ ساتھ اشیاء خورد ونوش اور گیس سلنڈر لانے کی بھی اجازت دی جائے۔

شال بقیہ 60
دی گئی یہاں تو ہنگامی بنیادوں پر کچھ کرنے کی ضرورت ہے لیکن اس حوالے سے کوئی ایکشن نہیں لیا جارہا تمام صورتحال کو مدنظر رکھتے ہوئے کئی والدین نے اپنے بچوں کو تعلیم دلوانے سے بھی انکار کردیا اور معصوم بچوں کو گھر میں پڑھوا رہا ہیں اور جدید تعلیم بغیر انسان اندھے کی مثال ہے بغیر تعلیم کے کوئی قوم ترقی بھی نہیں کرسکتا۔

شال بقیہ 61
مزید 109 افراد میں مہلک وائرس کی تشخیص ہوئی ہے۔کشمیر میڈیا سروس کے مطابق جاں بحق ہونے والے چاروں افراد کا تعلق وادی کشمیر سے ہے اور 84 افراد میں وائرس کی تصدیق ہوئی ہے جبکہ جموں میں 14 اور لداخ میں 11 کیسز رپورٹ ہوئے ہیں۔سرینگر میں سب سے زیادہ 56 کیسز سامنے آئے ہیں جبکہ بارہمولہ میں 10 ، بڈگام میں 4 ،کپواڑہ میں 5 گاندربل 8 اور بانڈی پورہ میں ایک شخص میں کورونا کی تصدیق ہوئی ہے۔

شال بقیہ 62
ضلعی اور تحصیل کی سطح پر پارٹی کی تنظیم سازی کے حوالے سے مشاورت کی گئی ،صوبائی صدر نے کہا کہ جلد صوبائی قیادت کے ہمراہ تمام ڈویژن اور اضلاع کے دورے کریں گے اور پارٹی کی فعالیت وتنظیمی امور پر ڈویژنل وضلعی عہدیداروں وکارکنان سے مشاورتی نشستیں کریں گے،اجلاس میں صوبائی صدر ،جنرل سیکرٹری اور سیکرٹری اطلاعات نے تمام ڈویژنل صدور کو اپنے ڈویژن اور اضلاع میں پارٹی کو مزید فعال ومنظم کرنے کی ہدایت کی۔

شال بقیہ 63
نامنٹ خضدار میں شرکت کرنے ٹیم نومبر 2009 کو صبح 9 بجے ویگن میں سوار ہوئے تو صبح قلات سے ٹیم روانہ ہوا تمام کھلاڑی خوش خوش اور گپوں اور لوک لگا میں اپنی شغل کرتے ہوئے خضدار پہنچ گئی اور شام کو ٹیم کا میچ ڈی ایف اے خضدار کے ساتھ میچ ہوا تو ہم ایک ساتھ کہا ہند تھے مگر قلات کا ٹیم ڈی ایف اے خضدار سے ہار گئی ٹیم واپسی قلات کیلئے ویگن میں سوار ہوئی تو تمام کھلاڑی واپس قلات کے لئے روانہ ہوئی ویگن جب سوراب کے مقام اور نغاڑ کے مقام پہنچی تو سامنے ہوتے ایک مزدا ٹرک سے ٹکرا گئی اور گاڑی خوفناک حادثہ کی شکار ہو گئی تو ویگن میں ہمارے قلات کے تمام کھلاڑی چیخوں پکار کی اور نغاڑ کے آس پاس گھروں سے لوگ مدد کیلئے پہنچی اور کھلاڑیوں کو ویگن سے نکالنے کو پھر پورکوشش کیں اور ہمارے کھلاڑیوں کو اپنے گود میں اٹھائے اور گاڑیوں میں زخمیوں کو سوراب اسپتال پہنچی اور موقع پر ہمارے قلات کے ساتھ کھلاڑی شہید ہوئے۔

شال بقیہ 64
کھوسہ ،بی آر ایس پی ایم آر فوکل پرسن بچی عبدالصمد مینگل، ناصر مری، ای پی آئی کے زاہد ریکسانی، ڈپٹی ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر لیاقت علی سومرو، ڈی ای او لطیف اللہ قریشی، ڈبلیو ایچ او کے ڈاکٹر خلیل ،صدام ہنگورئی ،سپریٹنڈنٹ بچی آفس بابو عبدالحق مستوئی، علماء کرام ،میڈیا نمائندگان اور دیگر شریک تھے اجلاس میں ڈی ایچ او ڈاکٹر لیاقت علی رند، ڈپٹی ڈی ایچ او ڈاکٹر جمیل احمد مستوئی نے ڈی سی بچی کو بریفنگ دیتے ہوئے کہا کہ میزل روبیلا (خسرہ) کی بارہ روزہ مہم 15 نومبر سے لیکر 27 تک جاری رہے گی جس میں نو ماہ سے لیکر پندرہ سال تک کی عمر کے بچوں کو اس بیماری سے بچاؤ کے حفاظتی ٹیکے لگائیں جائیں گے اور پانچ سال تک کی عمر کے بچوں کو انسداد پولیو کے قطرے بھی پلائیں جائیں گے۔

CORRIGENDUM

In continue of this office request for the work CONSTRUCTIONAL OF FUTSAL STADIUM (WITH MULTI SPORTS TURF) 02 NOS IN 33 DISTRICTS (TOTAL 66) PSDP NO.3708 (Z2021.0893) PRQ.NO.1274.14.10.2021 to be submitted and opened on 01ST November, 2021 & PRQ.NO.1317.15.10.2021 which to be submitted and opened on 02nd November, 2021 the date of submission of bidding document is here by extended to 11th November, 2021. The other terms and conditions mentioned in bidding documents will remain same.

EXECUTIVE ENGINEER
Urban Planning & Development
Department Rakhshan Division at Kharan

PRQ NO.1559.01.11.2021

Daily SHAL Quetta

روزنامہ شال کوئٹہ

4

03 نومبر 2021ء

سرکاری ہسپتالوں میں سہولیات کا مکمل فقدان ہے، ینگ ڈاکٹرز

ایم ایس ڈی سے تاحال سرکاری ہسپتالوں کو ادویات نہ ملنا سیکرٹری صحت کی نااہلی کا منہ بولتا ثبوت ہے

مذاکراتی عمل کو نتیجہ خیز بنانے کیلئے وزیراعلیٰ بلوچستان محکمہ صحت کے دونوں سیکرٹریز کو فارغ کرے، صدر ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن بلوچستان کے صوبائی صدر ڈاکٹر احمد عباس بلوچ نے اپنے ایک بیان میں بتایا ہے کہ سرکاری ہسپتال مسائل کا گڑھ بن گیا ہے، سرکاری ہسپتالوں میں سہولیات کا مکمل فقدان ہے، کئی مہینے گزرنے کے باوجود بھی ایم ایس ڈی سے سرکاری ہسپتالوں کو ادویات مہیا نہ ہونا سیکرٹری صحت کی نااہلی کا منہ بولتا ثبوت ہے، سرکاری ہسپتالوں میں وارڈز میں کینولا ہے نہ ہی کوئی ایمرجنسی ادویات، سابقہ وزیراعلیٰ اور ان کے دونوں سیکرٹریز کی کوتاہی کا خمیازہ مریض اور ڈاکٹرز کو بھگتنا پڑ رہا ہے صدر نے بتایا کہ سرکاری ہسپتالوں کے لیبارٹریز کی حالت زار کسی سے ڈھکی چھپی نہیں ہے، لیبارٹری میں جہاں ایک طرف تو صرف چند ایک خون کے ٹیسٹس کیے جاتے ہیں وہاں دوسری بقیہ نمبر 37 صفحہ 3 پر

گورنر بلوچستان سید ظہور احمد آغا سے یونیورسٹی آف گوادر کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر عبدالرزاق صابر ملاقات کر رہے ہیں

اسپیکر بلوچستان اسمبلی میر جان محمد خان جمالی کی صحتیابی کے لیے قرآن خوانی اور خیرات فی سبیل اللہ کا اہتمام

اللہ پاک اپنے پیارے حبیب کے صدقے میر جان محمد خان جمالی کو جلد صحت عطا فرمائے، گنداخہ یوتھ ونگ

گنداخہ (نامہ نگار) تفصیلات کے مطابق گنداخہ یوتھ ونگ کے چیئرمین شیروز جمالی کی جانب سے اسپیکر بلوچستان اسمبلی میر جان محمد خان جمالی کی صحتیابی کیلئے قرآن خوانی اور خیرات فی سبیل اللہ کا اہتمام کیا گیا اس موقع پر حاکم خان جمالی صدر گنداخہ یوتھ ونگ محسن علی جمالی، جمالی شعبان جمالی اے ڈی قمبرانی، جمعیت علماء اسلام گنداخہ کے جنرل سیکرٹری مولانا امان اللہ حقانی، اسرار جمالی علی، صحافی فرید احمد قمبرانی، صحافی رشید احمد قمبرانی علی حیدر بروہی، وسیم جمالی بقیہ نمبر 44 صفحہ 3 پر

خاران چیف چوک پر نصب ریموٹ کنٹرول موٹر سائیکل میں دھماکہ، 12 افراد شدید زخمی

خاران (نمائندہ خصوصی) خاران چیف چوک پر نصب ریموٹ کنٹرول موٹر سائیکل میں دھماکہ، 12 افراد شدید زخمی ہوئے۔ پولیس کے ذرائع کے مطابق خاران میں دھماکہ چیف چوک کے قریب ہوا دھماکہ کا بقیہ نمبر 45 صفحہ 3 پر

اوتھل بازار سے شیخ آباد اور دیگر محلوں کو ملانے والی سڑک ٹوٹ پھوٹ کا شکار

شہریوں اور آنے جانے والے لوگ سخت مشکلات سے دوچار

اوتھل (نامہ نگار) اوتھل بازار سے شیخ آباد اور دیگر محلوں کو ملانے والی سڑک ٹوٹ پھوٹ کا شکار شہریوں اور آنے جانے والے لوگ سخت مشکلات سے دوچار تفصیلات کے مطابق لسبیلہ کے ضلعی ہیڈ کوارٹر اوتھل میں بازار سے شیخ آباد اور دیگر محلوں کو ملانے والی سڑک ٹوٹ پھوٹ کا شکار جس سڑک کو بنے ہوئے سات سے آٹھ سال سے بھی زیادہ عرصہ ہو چکا ہے لیکن اس روڈ کو اب تک نہیں بنایا گیا جگہ جگہ روڈ پر کھنڈے پڑے گئے ہیں بارش ہوتے ہی روڈ پر جگہ جگہ گٹر کا پانی بقیہ نمبر 51 صفحہ 3 پر

محکمہ خزانہ حکومت بلوچستان کے اعلامیہ

کوئٹہ (خ ن) محکمہ خزانہ حکومت بلوچستان کے اعلامیہ میں شیر اعظم اسسٹنٹ اکاؤنٹنٹ (ٹی اینڈ اے/بی-16) ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفس قلعہ سیف اللہ کی ناگہانی وفات پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا گیا ہے اعلامیہ میں مرحوم کی سرکاری خدمات کو سراہتے ہوئے دعا کی گئی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کے درجات بلند فرمائے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا کرے۔

امیر جماعت اسلامی سراج الحق بے یو آئی س کے زیر اہتمام قومی کانفرنس سے بطور مہمان خصوصی خطاب کر رہے ہیں

پورے پاکستان کی تمام ہندو برادری کو دیوالی کی خوشیاں بہت بہت مبارک ہو

گنداواہ (نامہ نگار) پورے پاکستان کی تمام ہندو برادری کو دیوالی کی خوشیاں بہت بہت مبارک ہو قائد اعظم کے پاکستان میں تمام مذاہب کو مکمل آزادی حاصل ہے۔ تہوار بھائی چارہ اور خیر سگالی کے جذبات کو فروغ دیتا ہے، پاکستان میں تمام اقلیتوں کو مکمل تحفظ اور مذہبی آزادی حاصل ہے بلوچستان عوامی تحصیل جھل مگسی کے صدر محمد زمان مگسی نے دیوالی پر مبارک بقیہ نمبر 52 صفحہ 3 پر

جعلی حکومت نے عوام پر عرصہ حیات تنگ کر دیا ہے، سردار یعقوب خان ناصر

پی ڈی ایم نیب ترمیمی آرڈیننس کو مسترد کرتی ہے حکومت اپنے آپکو این آر او دے رہی ہے

حکومت نے ہمارے جلسوں میں کوئی رکاوٹ ڈالی تو پی ڈی ایم اور حکومت میں دوبدو جنگ چھڑ جائیگی، سابق وفاقی وزیر

لورالائی (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینئر مرکزی نائب صدر سابق وفاقی وزیر ریلوے سردار یعقوب خان ناصر نے کہا ہے کہ جعلی حکومت نے عوام پر عرصہ حیات تنگ کر دیا ہے مہنگائی سے تنگ عوام نے پی ڈی ایم کو نجات دہندہ قرار دیتے ہوئے ڈی آئی خان سمیت ملک کے دیگر جلسوں میں عوام کی بھرپور شرکت نے حکومت پر عدم اعتماد کا اظہار کر دیا ہے۔ یہ بات انہوں نے میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ شیڈول کے مطابق تمام جلسے ہو کر رہیں گے ہمارے کامیاب جلسوں سے عمران خان کی حکومت فل چکی ہے صرف ایک دھکے کی ضرورت ہے جو کہ وقت پر وہ بھی دے دینگے انہوں نے کہا کہ پی ڈی ایم نیب ترمیمی آرڈیننس کو مسترد کرتی ہے حکومت اپنے آپکو این آر او دے بقیہ نمبر 38 صفحہ 3 پر

11 نومبر کو ہونے والے ڈاکٹر فراز شہید ریلی و کانفرنس تاریخ ساز اجتماع ہوگی، جے ٹی آئی قلعہ سیف اللہ

کانفرنس سے جے یو آئی اور جے ٹی آئی کے مرکزی اور صوبائی قائدین خطاب کرینگے انعام الحق

ساتھی دن رات ایک کر کے کانفرنس کامیاب بنائے، رحیم الدین جوگیزئی

قلعہ سیف اللہ (پ ر) جمعیت طلباء اسلام ضلع قلعہ سیف اللہ کے ضلعی صدر مولوی آدم خان خیر خواہ ڈپٹی جنرل سیکرٹری انعام الحق سیکرٹری اطلاعات رحیم الدین جوگیزئی ڈپٹی سیکرٹری حمد اللہ احمد ڈپٹی ناظم حصمت اللہ اور دیگر نے قلعہ سیف اللہ کے مختلف یونٹوں کے دورے اور یونٹ کے انتخابات کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے کہاں 11 نومبر کو قلعہ سیف اللہ شہر میں ایک کامیاب کانفرنس اور ریلی ہوگا جمعیت طلباء اسلام۔ تحصیل قلعہ سیف اللہ اور تحصیل مسلم باغ کے تمام بقیہ نمبر 55 صفحہ 3 پر

میر کبیر جان محمد شہی ایک کہنہ مشق اور منجھے ہوئے سیاستدان ہیں، سلطان احمد محمد شہی

مستونگ (نامہ نگار) نیشنل پارٹی کے رہنما نگری ڈاکٹر سلطان احمد محمد شہی نے اپنے ایک بیان میں سابقہ سینیٹر میر کبیر جان محمد شہی کو نیشنل پارٹی کا بلا مقابلہ مرکزی سینئر نائب صدر منتخب ہونے پر دل کی عطاء گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ میر کبیر جان محمد شہی ایک کہنہ مشق اور منجھے ہوئے سیاستدان ہیں۔۔۔ انہوں نے ہمیشہ پارلیمنٹ اور پارلیمنٹ سے باہر عوام کی حقوق کے حصول کے لیے موثر کردار ادا کیا ہے۔۔۔ انہوں نے کہا امید ہے کہ میر کبیر جان محمد بقیہ نمبر 56 صفحہ 3 پر

ضلعی انتظامیہ کی کامیاب کاروائی، فائرنگ کے تبادلے کے بعد چوری شدہ پک اپ گاڑی برآمد

مستونگ (این این آئی) ضلعی انتظامیہ کی کامیاب کاروائی، فائرنگ کے تبادلے کے بعد چوری شدہ پک اپ گاڑی برآمد کر لی گئی۔ تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر مستونگ میجر محمد الیاس کبزئی کے خصوصی ہدایات پر اسسٹنٹ کمشنر مستونگ عطاء العظیم بلوچ کے سربراہی میں تحصیلدار مستونگ محمد اکرم حریفال، انچارج ولی خان لیویز تھانہ، رسالدار عبدالظاہر کرد پر مشتمل چھاپہ مار ٹیم نے لیویز فورس کے بھاری نفری کے ہمراہ ولی خان لیویز تھانہ کے حدود میں کاروائی بقیہ نمبر 57 صفحہ 3 پر

اوتھل بازار سے شیخ آباد اور دیگر محلوں کو ملانے والی سڑک ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہے

میزل روبیلا (خسرہ) کی بارہ روزہ مہم 15 نومبر سے لیکر 27 تک جاری رہے گی، ڈاکٹر لیاقت علی رند

پانچ سال تک کی عمر کے بچوں کو انسداد پولیو کے قطرے بھی پلائیں جائیں گے

بولان (این این آئی) ڈپٹی کمشنر کچھی شہباز اصغر رند کی صدارت میں 15 نومبر سے شروع ہونے والی میزل روبیلا کمپین کے حوالے سے انتظامات کا جائزہ لینے اجلاس منعقد ہوا جس میں ڈی ایچ او کچھی ڈاکٹر لیاقت علی رند، ڈپٹی ڈی ایچ او ڈاکٹر جمیل احمد مستوئی، ڈی پی او کچھی نور احمد رند، ڈی ایس ایم پی پی ایچ آئی کچھی عمران تھیک، یونیسیف کے مانیٹرز آفیسر محمد طارق بقیہ نمبر 64 صفحہ 3 پر

قلات کے آٹھ شہید فٹبالروں کی بارہویں برسی نہایت احترام کے ساتھ کیم نومبر کو منائی جائے گی

قلات (نامہ نگار) قلات کے آٹھ شہید فٹبالروں کی بارہویں برسی نہایت احترام کے ساتھ کیم نومبر کو منائی جائے گی شہید فٹبالروں میں شہید ماما سیف اللہ، شہید ماسٹر عبدالکریم سمالانی، شہید حافظ محمد انور، شہید ماسٹر عطاء اللہ لہڑی، شہید علی احمد لہڑی، شہید سلیمان آفرید، شہید قاضی محی واین بلوچ اور شہید ساجد حسین میروانی شامل ہیں۔ یاد رہیں کیم نومبر 2009 کو ہمارے قلات کے فٹبال کلب بابو نوروز فٹبال کلب قلات آل پاکستان فٹبال ٹور بقیہ نمبر 63 صفحہ 3 پر

میزان بینک ژوب کا منیجر رضا عابدی کی من مانیاں اور نااہلی کی وجہ سے صارفین رل گئے

بینک منیجر رضا عابدی کا صارفین کے ساتھ رویہ انتہائی تضحیک آمیز ہے

ژوب (آن لائن) میزان بینک ژوب کا منیجر رضا عابدی کی من مانیاں اور نااہلی کی وجہ سے صارفین رل گئے۔ بینک منیجر رضا عابدی کا صارفین کے ساتھ رویہ انتہائی تضحیک آمیز ہے میزان بینک لورالائی کے چیک بھی ژوب برانچ میں کیش نہیں کیے جاتے اور مختلف حیلوں بہانوں کے ذریعے صارفین کو تنگ کر کے بینک سے اکاؤنٹ دوسرے بینکوں میں منتقل کرنے پر مجبور کیا جاتا ہے۔

نصیر آباد ڈویژنل ڈائریکٹر بینظیر انکم سپورٹ پروگرام محمد علی ظہور مستحق خواتین میں رقم فراہمی کے عمل کا جائزہ لے رہے ہیں

کائنات کی بقا اور فنا اور حضور ﷺ کے دم سے ہے، علامہ سیف اللہ طارق

اللہ تعالیٰ نے یہ کائنات آپ ﷺ کے وجود کی برکت سے تخلیق کی

ناموس رسالت پر کوئی بھی مسلمان خاموش نہیں رہ سکتا، شرکاء سے خطاب

کوئٹہ (آن لائن) کائنات کی بقا اور فنا اور حضور ﷺ کے دم سے ہے، اللہ تعالیٰ نے یہ کائنات آپ ﷺ کے وجود کی برکت سے تخلیق کی۔ ان خیالات کا اظہار منگل کے روز روحانی اسکالر پیر طریقت علامہ سیف اللہ طارق نے دعائے حزب البحر کے ہفتہ وار ختم کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کیا انہوں نے سابق چیئرمین مرکزی رویت ہلال کمیٹی ممتاز عالم دین مفتی منیب الرحمان اور دیگر علماء کرام کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ ان کی بقیہ نمبر 41 صفحہ 3 پر

مولانا محمد شفیق دولت زئی کا ہرنائی میں زلزلے سے متاثرہ علاقوں کا تفصیلی دورہ

زلزلے سے شہید ہونے والوں کے خاندانوں سے فاتحہ خوانی کی

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت (س) کے مرکزی رہنما اور صوبائی سرپرست اعلیٰ مولانا محمد شفیق دولت زئی نے ہرنائی میں زلزلے سے متاثرہ علاقوں کا تفصیلی دورہ کیا جبکہ زلزلے سے شہید ہونے والوں کے خاندانوں سے فاتحہ خوانی کی اور بیمار لوگوں کی مکمل صحت یابی کیلئے دعا کی مگر افسوس ہے کہ امدادی سامان ٹینٹ، اشیاء خورد و نوش میں قابل مذمت خرد برد اور ناانصافی ہوئی تھی متاثر لوگوں کے بجائے سرمایہ دار با اثر لوگوں نے لوٹ مار مچائی تھی سامان کے ٹرک بقیہ نمبر 42 صفحہ 3 پر

ملکی معیشت کا جنازہ دھوم دھام سے نکالا جا رہا ہے

گڈانی کسٹم کی ملی بھگت سے غیر قانونی چھالیہ ایرانی ڈیزل سمیت دیگر ممنوعہ اشیاء کی اسمگلنگ عروج پر

وندر (آن لائن) ملکی معیشت کا جنازہ دھوم دھام سے نکالا جا رہا ہے گڈانی کسٹم کی ملی بھگت سے غیر قانونی چھالیہ ایرانی ڈیزل سمیت دیگر ممنوعہ اشیاء کی اسمگلنگ عروج پر تفصیلات کے مطابق اندرون بلوچستان سے اسمگلنگ کر کے لائی جانے والی غیر قانونی چھالیہ ایرانی ڈیزل سمیت دیگر ممنوعہ اشیاء چھوٹی بڑی گاڑیوں میں اسمگل کر کے لسبیلہ کے مختلف شہروں گوٹھوں باغات میں پاکستان کسٹم کی ملی بھگت سے مختلف علاقوں میں ڈمپ کرنے کے بعد کراچی سمیت صوبہ سندھ کے بقیہ نمبر 43 صفحہ 3 پر

سیاست میں جمعیت نظریاتی کا مقصد اکابرین کے مشن کو آگے بڑھانا ہے، حافظ امین اللہ خاکسار

جھوٹ کی سیاست اور منافقانہ رویوں نے سیاست دانوں کا اعتبار ختم کر دیا

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام نظریاتی ضلع کوئٹہ کے امیر حافظ امین اللہ خاکسار جنرل سیکرٹری حافظ سمیع اللہ سینئر نائب امیر حافظ بشیر احمد نظریاتی پریس سیکرٹری حافظ عزیز الحق درویش سیکرٹری مالیات حافظ خاص الدین حمد اللہ شریف اللہ نصیب خان محمد نعیم معصوم عبدالقادر و دیگر سینئر اراکین نے اخبار کو بیان میں کہا ہے کہ سیاست میں جمعیت نظریاتی کا مقصد اکابرین کے مشن کو آگے بڑھانا ہے جنہوں نے اپنی زندگی حقوق العباد کے لئے وقف کر دی تھی بقیہ نمبر 46 صفحہ 3 پر

فرنٹیئر کور نارتھ چمن سکاؤٹس کی جانب شہر میں ایک روزہ فری میڈیکل کیمپ کا انعقاد

فری میڈیکل کیمپ میں سینکڑوں نادار مریضوں میں فری ادویات کی تقسیم

کوئٹہ (پ ر) تفصیلات کے مطابق فرنٹیئر کور نارتھ چمن سکاؤٹس کی جانب سے پاک افغان سرحد کے قریب دور دراز پہاڑی علاقہ شہرو میں ایک روزہ فری میڈیکل کیمپ کا انعقاد کیا گیا۔ مفت طبی کیمپ میں ماہر ڈاکٹروں کی زیر نگرانی سینکڑوں مریض جن میں 104 بچے، 100 خواتین اور 80 مرد شامل تھے کا معائنہ کیا گیا۔ مفت طبی کیمپ میں لیب ٹیسٹ، الٹراساؤنڈ اور ایکسرے کی سہولیات بھی مریضوں کو فراہم کی گئے تھے۔ فرنٹیئر کور نارتھ کے اعلیٰ حکام نے کیمپ بقیہ نمبر 50 صفحہ 3 پر

خاران ہم سب کا گھر ہے خاران کے لئے ہم سب کو مل کر کام کرنا ہے، عبدالقادر بلوچ

ملکی نظام کو مہنگائی نے درہم برہم کر دیا ہے ہو سکتا ہے کہ الیکشن وقت سے پہلے ہوں

خاران (نمائندہ خصوصی) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما صوبائی کوآرڈینیٹر جنرل ر عبدالقادر بلوچ کا ممتاز قانون دان سیاسی و قبائلی رہنما میر محمد اسماعیل پیرکزئی کی سربراہی میں خاران بار ایسوسی ایشن کا دورہ کیا اس موقع پر ایڈووکیٹ میر محمد اسماعیل پیرکزئی نے خاران بار ایسوسی ایشن کی طرف سے جنرل ر عبدالقادر اور انکے دوستوں کا خوش آمدید کیا اور اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ یہ ہماری خوش قسمتی ہے کہ جس بار روم میں آج ہم بیٹھے بقیہ نمبر 53 صفحہ 3 پر

اسلام آباد کے حکمرانوں کو بلوچستان کے عوام سے کوئی سروکار نہیں، ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ

سینڈک ہو ریکوڈک یا گوادر حکمرانوں کی زیادہ دلچسپی انہی میں ہے

حکومت کی تبدیلی سے عوام کی زندگی پر کوئی فرق نہیں پڑے گا، میڈیا سے گفتگو

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان نیشنل ڈیموکریٹک پارٹی کے سربراہ سابق سینیٹر ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ نے کہا ہے کہ اسلام آباد کے حکمرانوں کو بلوچستان کے عوام سے کوئی سروکار نہیں بلکہ انہیں ہمارے صوبے کے وسائل درکار ہیں سینڈک ہو ریکوڈک یا گوادر حکمرانوں کی زیادہ دلچسپی انہی میں ہے حکومت کی تبدیلی سے عوام کی زندگی پر کوئی فرق نہیں پڑے گا ان خیالات کا اظہار انہوں نے منگل کو آن لائن سے گفتگو کرتے ہوئے کیا ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ کا کہنا تھا کہ بلوچستان کے عوام گزشتہ 70 برسوں سے محرومیوں کے شکار ہیں طاقتور حکمرانوں کو بلوچستان کے وسائل سے سروکار ہے اس لئے ان کی کوشش ہے کہ وہ اپنی مرضی کی حکومت لائیں یا ختم کریں اس سے عوام کی زندگی میں کوئی بہتری نہیں آئے گی جب تک عوام خود تبدیلی نہ لائے ہر پانچ سال بقیہ نمبر 54 صفحہ 3 پر

بلوچستان: سیاسی بحران کے بعد مالی بحران کا سامنا، صوبائی خزانہ خالی

محکمہ خزانہ نے مالی حالت کو ناگفتہ بہ قرار دیتے ہوئے ترقیاتی منصوبوں کیلئے پرا کیورمنٹ اور ٹینڈرز کے اجرا پر پابندی عائد کر دی

بلوچستان میں سیاسی بحران کے بعد صوبے کو مالی بحران کا سامنا ہے وزیراعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو نے بھی اسلام آباد میں ڈیرے ڈال دیے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) سیاسی بحران کے بعد بلوچستان کو مالی بحران کا سامنا صوبائی خزانہ خالی ہو گیا، محکمہ خزانہ نے مالی حالت کو ناگفتہ بہ قرار دیتے ہوئے ترقیاتی منصوبوں کیلئے پرا کیورمنٹ اور ٹینڈرز کے اجرا پر پابندی عائد کر دی۔ واضح رہے کہ بلوچستان میں سیاسی بحران کے بعد صوبے کو مالی بحران کا سامنا ہے وزیراعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو نے بھی اسلام آباد میں ڈیرے ڈال دیے ہیں محکمہ خزانہ کی جانب سے صوبے میں مالی بحران کے پیش نظر ترقیاتی منصوبوں کیلئے پرا کیورمنٹ اور ٹینڈرز کے اجرا پر پابندی عائد کر دی گئی ہے نوٹیفکیشن کے مطابق جن اسکیموں کے ورک آرڈرز جاری کیے گئے ہیں ان کو بھی تاحکم ثانی روک دیا جائے، محکمہ خزانہ بلوچستان کی جانب سے مالی حالت کو ناگفتہ بہ قرار دیا بقیہ نمبر 36 صفحہ 3 پر

خیرپور: جمعیت علماء اسلام کے مرکزی رہنما پی ڈی ایم کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات مولانا حافظ حمد اللہ عظمت اسلام کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

ژوب میں منشیات کے خاتمے کیلئے ضلعی انتظامیہ ٹھوس اقدامات اٹھائے، شاہد اللہ خان

ضلع ژوب کے عوامی مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کی ہر ممکن کوشش کی جائیگی، کمشنر ژوب ڈویژن

لورالائی (این این آئی) ژوب پریس کلب کے سینئر نائب صدر رحمت اللہ موسیٰ خیل نے کمشنر ژوب ڈویژن شاہد اللہ خان سے ملاقات کی اور انہیں ژوب کے عوامی مسائل سے آگاہ کیا کمشنر ژوب ڈویژن نے کہا کہ ضلع ژوب کے عوامی مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کی ہر ممکن کوشش کی جائیگی اور میری کوشش ہے کہ ژوب سمیت دیگر اضلاع میں عوامی مسائل کو موقع پر حل کرنے کیلئے کھلی کچہری لگائی جائی جائے تاکہ عوام اپنے مسائل میرے روبرو پیش کریں اور میں بر بقیہ نمبر 48 صفحہ 3 پر

اوتھل پولیس کی منشیات کے خلاف مسلسل کاروائیاں جاری

اوتھل (نامہ نگار) اوتھل پولیس کی منشیات کے خلاف مسلسل کاروائیاں جاری مین آر سی ڈی روڈ وایارو کے مقام پر دوران چیکنگ کرولا گاڑی سے 5 کلو اعلیٰ کوالٹی کی چرس برآمد کر کے دو ملزمان کو گرفتار کر لیا تفصیلات بقیہ نمبر 47 صفحہ 3 پر

میر عبدالقدوس بزنجو کو وزیراعلیٰ بننے پر مبارکباد پیش کرتے ہیں، محمد ایوب شاہوانی

موجودہ وزیراعلیٰ بلوچستان کے مسائل حل کرنے کی بھرپور صلاحیت رکھتے ہیں

سبی (نامہ نگار) میر عبدالقدوس بزنجو کو وزیراعلیٰ بننے پر مبارکباد پیش کرتے ہیں۔ موجودہ وزیراعلیٰ بلوچستان کے مسائل حل کرنے کی بھرپور صلاحیت رکھتے ہیں۔ محمد ایوب شاہوانی تفصیلات کے مطابق سماجی و قبائلی شخصیت ملک محمد ایوب شاہوانی نے اپنے ایک بیان میں وزیراعلیٰ بلوچستان عبدالقدوس بزنجو کو وزارت اعلیٰ کے عہدے پر فائز ہونے پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ میر عبدالقدوس بزنجو ایک مخلص اور ملنسار انسان ہیں۔ موصوف بلوچستان کے مسائل بقیہ نمبر 49 صفحہ 3 پر

چھگور بازار میں ہونے والے ریموٹ کنٹرول بم دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت

گنداواہ (نامہ نگار) بلوچستان عوامی پارٹی تحصیل جھل مگسی کے جنرل محمد زمان مگسی کی چھگور بازار میں ہونے والے ریموٹ کنٹرول بم دھماکے اور حب چوکی شارجہ ہوٹل کے سامنے ہونے والے دھماکے کی شدت الفاظ میں مذمت اور روہ افراد کی شہادت پر دلی دکھ اور افسوس کا اظہار ہے گناہ افراد کو دہشت گردی کا نشانہ بنانا بزدلانہ فعل ہے۔

سیکرٹری ایس اینڈ جی اے ڈی ہاشم غلزئی ایس ایم ای کے ورکنگ گروپ کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

مولانا خورشید احمد پی ڈی ایم کے صوبائی سیکرٹری فنانس منتخب

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی جوائنٹ سیکرٹری مولانا خورشید احمد کو پی ڈی ایم کے صوبائی سیکرٹری فنانس منتخب کیا گیا یہ فیصلہ گزشتہ روز جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر رکن قومی اسمبلی مولانا عبدالواسع ہونے والے اجلاس میں تمام جماعتوں کی قیادت نے متفقہ طور پر کیا۔

ڈپٹی کمشنر لسبیلہ کی زیر نگرانی تعمیراتی کاموں میں بے ضابطگیوں کا انکشاف

لیویز چیک پوسٹ دبئی مسجد، لیویز چیک پوسٹ وایارو اور لیویز لائن کی عمارت کی تعمیر کے لئے آنے والے کروڑوں روپے کرپشن کی نذر ہو گئے

مذکورہ عمارتوں میں ناقص میٹریل کا استعمال کر کے صرف ڈھانچہ کھڑا کیا گیا ہے جبکہ 2 سال کا عرصہ گزرنے کے باوجود مذکورہ عمارتوں کا تعمیراتی کام مکمل نہ ہو سکا

اوتھل (این این آئی) ڈپٹی کمشنر لسبیلہ کی زیر نگرانی تعمیراتی کاموں میں بڑے پیمانے پر بے ضابطگیوں کا انکشاف، لیویز چیک پوسٹ دبئی مسجد، لیویز چیک پوسٹ وایارو اور لیویز لائن کی عمارت کی تعمیر کے لئے آنے والے کروڑوں روپے کرپشن کی نذر ہو گئے، گزشتہ کئی سالوں سے مذکورہ عمارتیں مکمل نہ ہو سکیں، تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر لسبیلہ کے زیر نگرانی لیویز لائن اوتھل میں لیویز فورس کے لئے بنائی جانے والی عمارت لیویز چیک پوسٹ دبئی مسجد اور لیویز چیک پوسٹ وایارو کے تعمیراتی کام کے دو سال قبل ڈپٹی کمشنر آفس میں ٹینڈر ہوئے تھے لیکن تینوں عمارتیں تاحال مکمل نہ ہو سکیں مذکورہ تینوں عمارتوں کی لاگت کروڑوں روپے تھی انتہائی باوثوق ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ مذکورہ عمارتوں میں بقیہ نمبر 39 صفحہ 3 پر



چیئرمین و پارلیمانی لیڈر ہزارہ ڈیموکریٹک پارٹی عبدالخالق ہزارہ ادارہ قالین بافی مری آباد میں جاری ترقیاتی کام کا معائنہ کر رہے ہیں

چھوٹے تیل بردار گاڑیوں کی رجسٹریشن کا عمل تکمیل کے مرحلے میں ہے

اب تک 4300 گاڑیوں کی رجسٹریشن ہو چکی ہے، حاجی محمد اکبر بلوچ

پنجگور (این این آئی) پنجگور بارڈر کمیٹی کے ممبران حاجی محمد اکبر بلوچ آغا شاہ حسین، حاجی لشکری، حاجی خلیل احمد دھانی، انیس احمد، قاضی عبدالواحد بلوچ، حاجی سعید اللہ نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ چھوٹے تیل بردار گاڑیوں کی رجسٹریشن کا عمل تکمیل کے مرحلے میں ہے اب تک 4300 گاڑیوں کی رجسٹریشن ہو چکی ہے امید یہی ہے کہ مرحلہ وار تمام گاڑیوں کو اسٹیکر اور ٹوکن مل جاتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگرچہ ایک ہزار گاڑیوں کو پہلے مرحلے اسٹیکر بقیہ نمبر 59 صفحہ 3 پر

حاجی علی مدد جتک سمیت دیگر کا میر محمد صادق عمرانی سے ان کے چچا کے انتقال پر اظہار تعزیت

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما، حاجی علی مدد جتک سمیت دیگر نے پاکستان پیپلز پارٹی کے سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کے رکن میر محمد صادق عمرانی سے ان کے چچا کے انتقال پر تعزیت اور فاتحہ خوانی کی۔ منگل کو پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما و سابق صوبائی وزیر حاجی علی مدد جتک، سینئر رہنما بقیہ نمبر 58 صفحہ 3 پر

سردار کمال خان بنگلزئی بلوچستان کے حقوق کی جدوجہد جاری رکھیں گے، میر مجیب علی گہرام زئی

سردار کمال خان بنگلزئی کو نیشنل پارٹی کے مرکزی نائب صدر منتخب ہونے پر دل کی گہرائیوں سے مبارکباد دیتے ہیں

کوئٹہ (این این آئی) کچھی بولان کے ممتاز قبائلی رہنما، میر مجیب علی گہرام زئی اور ملوک خان گہرام زئی نے بنگلزئی قبائل کے سربراہ سردار کمال خان بنگلزئی کو نیشنل پارٹی کے مرکزی نائب صدر منتخب ہونے پر دل کی گہرائیوں سے مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے سردار کمال خان بنگلزئی نے ہمیشہ اصولوں کی سیاست کی ہے جس کی بدولت پورے بلوچستان میں سردار کمال خان بنگلزئی کی ایک امتیازی سیاسی شناخت ہے۔ موصوف نے قبائلی سطح پر بھی ہمیشہ اصولوں کی پاسداری کی ہے اور تمام قبائل میں باہمی امن کے قیام کیلئے کوششیں کی ہیں جس کی وجہ سے انہیں انتہائی قدر کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے۔

بلوچستان میں 3193 سکول غیر فعال ہونے کا انکشاف

پاکستان کا مستقبل یہ 40 طلبہ ایک مستقل خطرے کے سائے تلے اس کمرے میں علم حاصل کرتے ہیں

بلوچستان کے دور دراز علاقوں کے اکثر سکول بنیادی سہولیات سے محروم ہیں

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان میں 14 ہزار 9 سو سکولوں میں 11 ہزار 786 سکول فعال جبکہ تین ہزار 193 سکول غیر فعال ہونے کا انکشاف ہوا ہے۔ رپورٹ کے مطابق کسی بڑی تباہ کاری سے متاثرہ عمارت کی مانند، اس سکول کے خستہ حال کمرے کی چھت کو لکڑی کی مدد سے سہارا اس لیے دیا گیا ہے کہ کہیں یہ بچوں پر ہی نہ آن گرے۔ پاکستان کا مستقبل یہ 40 طلبہ ایک مستقل خطرے کے سائے تلے اس کمرے میں علم حاصل کرتے ہیں اور انہیں اس بات کا خوف لاحق رہتا ہے کہ کہیں وہ ایک روز چھت کے نیچے دب نہ جائیں۔ پاکستان کے جنوب مغربی صوبے بلوچستان کے ضلع قلعہ سیف اللہ کے علاقے کچوٹی میں قائم گورنمنٹ پرائمری سکول کلی ولی کس کی دو کمروں پر مشتمل عمارت اس بقیہ نمبر 40 صفحہ 3 پر

تحصیل حیر دین کے گوٹھ دربھائی کے پرائمری اسکولوں کی عمارتیں تعمیر کروانے کیلئے اقدامات کئے جائیں

معصوم بچے بجائے دھوپ کے چھت کے سایہ کے نیچے تعلیم حاصل کر سکیں، عوامی حلقوں کا حکام سے نوٹس لینے کا مطالبہ

مانجھی پور (این این آئی) تحصیل حیر دین کے گوٹھ دربھائی میں 3 پرائمری اسکول قائم ہیں اساتذہ تنخواہیں وصول کر رہے ہیں لیکن اسکول کے عمارتوں کی نام و نشان نہیں ہے اساتذہ کرام کھلے آسمان زمین پر معصوم بچوں کو بٹھا کر تعلیم دینے پر مجبور ہیں کوئی پرسان حال نہیں سالانہ محکمہ خزانے سے کروڑوں روپے خرچ ہو رہے ہیں لیکن بچوں کی تعلیم کیلئے کچھ نہیں ہے معصوم بچے اسکولوں کے بغیر عمارت تعلیم حاصل کرنے پر مجبور ہیں سردی کے موسم میں اساتذہ اور طلباء کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے اور گرمیوں میں بھی طلباء کی یہی حالت ہے لیکن افسوس کہ ضلعی انتظامیہ کو کئی بار شکایات کرنے کے باوجود کوئی شنوائی نہیں ہو رہی ہے تحریری درخواستیں بھی بقیہ نمبر 60 صفحہ 3 پر

تری پورہ میں مسلمان مخالف فسادات کیخلاف جواہر لال یونیورسٹی کے طلبہ کا احتجاجی مظاہرہ

مظاہرین نے مسلمانوں کے خلاف فسادات کی مذمت کی اور ہندوتوا سیاست کے خلاف نعرے لگائے

نئی دہلی (این این آئی) جواہر لال نہرو یونیورسٹی کے طلبا نے نئی دہلی میں شمال مشرقی ریاست تری پورہ میں ہندو انتہا پسندوں کے مسلمان مخالف فسادات کے خلاف احتجاجی مظاہرہ کیا۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق مظاہرے کا اہتمام جواہر لال نہرو یونیورسٹی کی طلبہ یونین نے کیا تھا۔ یونین نے طلباء سمیت شہریوں سے بھارتی دارالحکومت میں منڈی ہاؤس سے جنتر منتر تک مارچ کی کال دی تھی۔ جیسے ہی طلبا منڈی ہاؤس پہنچے اور انہوں نے مارچ شروع کیا، تو وہاں تعینات پولیس اور بھارتی فورسز کی بھاری نفری نے انہیں آگے جانے سے روک دیا۔ مظاہرین نے مسلمانوں کے خلاف فسادات کی مذمت کی۔

مقبوضہ کشمیر: کورونا وائرس سے مزید 4 افراد جاں بحق

سرینگر (این این آئی) غیر قانونی طور پر بھارت کے زیر قبضہ جموں و کشمیر میں گزشتہ 24 گھنٹے کے دوران مہلک کورونا وائرس سے 4 افراد جاں بحق ہو گئے ہیں جبکہ بقیہ نمبر 61 صفحہ 3 پر

جلد صوبائی قیادت کے ہمراہ تمام ڈویژن اور اضلاع کے دورے کریں گے، میر چنگیز خان جمالی

پارٹی کی فعالیت و تنظیمی امور پر ڈویژنل و ضلعی عہدیداروں و کارکنان سے مشاورتی نشستیں کریں گے

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے صوبائی صدر میر چنگیز خان جمالی کے زیر صدارت پارٹی کے ڈویژنل صدور اور سینئر رہنماؤں کا اہم اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں صوبائی جنرل سیکرٹری روزی خان کاکڑ، سیکرٹری اطلاعات سردار سربلند خان جوگیزئی اور ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات ملک زیشان حسین بھی موجود تھے، اجلاس میں پارٹی کے تنظیمی امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا اجلاس میں تمام ڈویژنل صدور نے صوبائی قیادت کو اپنے ڈویژن اور اضلاع کی کارکردگی سے آگاہ کیا اجلاس میں ڈویژنل صدور اور دیگر عہدیداروں کے ساتھ ڈویژنل بقیہ نمبر 62 صفحہ 3 پر

صحت، ایجوکیشن کے حوالے سے ضلع چاغی انتہائی پسماندگی کا شکار ہے، حفیظ اللہ میرانزئی

ضلع کے ہیڈ کوارٹر ہسپتال میں ڈاکٹروں کی کمی اور ادویات کی عدم فراہمی سے عوام سخت پریشان ہے

چاغی (آن لائن) ممتاز قبائلی رہنما سردار حاجی حفیظ اللہ میرانزئی نے اپنے ایک بیان میں کہا میر عبدالقدوس بزنجو کو وزیراعلیٰ بلوچستان منتخب ہونے پر مبارکباد دیتے ہیں امید کرتے ہیں وہ بلوچستان کی پسماندگی کو دور کرنے کی اشد ضرورت ہیں، صحت، ایجوکیشن کے حوالے سے ضلع چاغی انتہائی پسماندگی کا شکار ہے ضلع کے ہیڈ کوارٹر ہسپتال میں ڈاکٹروں کی کمی اور ادویات کی عدم فراہمی سے عوام سخت پریشان ہے

کوئٹہ: بی اے پی کے قائم مقام صدر میر ظہور بلیدی سے سینئر عہدیداران حاجی ولی نورزئی، عبدالرؤف و دیگر پارٹی دفتر میں ملاقات کر رہے ہیں